## سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات2024

منگل،25۔جون 2024

(یوم الثلاثہ،18۔ذوالحج 1445ھ)

## اٹھارہویں اسمبلی: گیارہواں اجلاس

جلد11: شمارہ8

711

# فہرست کارروائی

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منگل،25۔جون 2024

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## ANNUAL BUDGET STATEMENT FOR THE YEAR 2024-2025

Discussion and Voting on Demands for Grants 2024-2025

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Demand No. PC21001 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.21,138,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Opium. | Pages 1-2 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 2. | Demand No. PC21002 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.9,526,158,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Land Revenue. | Pages 3-4 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3. | Demand No. PC21003 | 712<br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,913,054,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Provincial Excise. | Pages 5-6 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 4. | Demand No. PC21004 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.470,799,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Stamps. | Pages 7-8 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 5. | Demand No. PC21005 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.6,288,808,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Forests. | Pages 9-10 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 6. | Demand No. PC21006 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.167,219,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Registration. | Pages 11-12 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | 713 | |
| 7. | Demand No. PC21007 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,003,909,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Charges on Account of Motor Vehicles Acts. | Pages 13-14 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 8. | Demand No. PC21008 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,455,259,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Other Taxes and Duties. | Pages 15-16 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 9. | Demand No. PC21009 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.36,010,949,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Irrigation and Land Reclamation. | Pages 17-18 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10. | Demand No. PC21010 | 714<br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.83,421,045,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of General Administration. | Pages 21-22 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 11. | Demand No. PC21011 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.37,155,771,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Administration of Justice. | Pages 25-26 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 12. | Demand No. PC21012 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.19,759,680,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Jails and Convict Settlements. | Pages 29-30 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 13. | Demand No. PC21013 | 715<br><br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.187,365,147,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Police. | Pages 31-32 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 14. | Demand No. PC21014 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.426,006,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Museums. | Pages 33-34 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 15. | Demand No. PC21015 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.119,867,618,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Education. | Pages 35-36 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 16. | Demand No. PC21016 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.262,864,386,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Health Services. | Pages 37-38 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | 716 | |
| 17. | Demand No. PC21017 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.13,928,584,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Public Health. | Pages 39-40 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 18. | Demand No. PC21018 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.25,300,779,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Agriculture. | Pages 41-42 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 19. | Demand No. PC21019 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,588,946,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Fisheries. | Pages 43-44 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 20. | Demand No. PC21020 | 717<br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.20,164,883,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Veterinary. | Pages 45-46 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 21. | Demand No. PC21021 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.2,251,806,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Co-operation. | Pages 47-48 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 22. | Demand No. PC21022 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.14,056,267,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Industries. | Pages 49-50 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 23. | Demand No. PC21023 | 718<br><br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.22,318,855,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Miscellaneous Departments. | Pages 51-52 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 24. | Demand No. PC21024 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.21,741,665,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Civil Works. | Pages 53-54 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 25. | Demand No. PC21025 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.31,891,128,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Communications. | Pages 57-58 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 26. | Demand No. PC21026 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.5,855,643,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Housing and Physical Planning. | Pages 59-60 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 27. | Demand No. PC21027 | 719<br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.19,299,555,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Relief. | Pages 61-62 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 28. | Demand No. PC21028 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.451,400,000,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Pension. | Pages 65-66 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 29. | Demand No. PC21029 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.358,785,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Stationery and Printing. | Pages 67-68 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 30. | Demand No. PC21030 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.72,911,376,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Subsidies. | Pages 69-70 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | 720 | |
| 31. | Demand No. PC21031 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,045,051,974,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Miscellaneous. | Pages 71-72 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 32. | Demand No. PC21032 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,209,889,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Civil Defence. | Pages 73-74 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 33. | Demand No. PC13033 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.39,356,995,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of State Trading in Foodgrains and Sugar. | Pages 75-76 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 34. | Demand No. PC13035 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Loans to Government Servants. | Pages 79-80 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 35. | Demand No. PC13043 | 721<br><br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.82,952,918,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Loans to Municipalities/Autonomous Bodies etc. | Pages 81-82 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 36. | Demand No. PC13050 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.316,472,142,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Investment. | Pages 89-90 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 37. | Demand No. PC22036 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.510,872,207,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Development. | Pages 97-99 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 38. | Demand No. PC12037 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.26,542,481,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Irrigation Works. | Pages 100-101 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 39. | Demand No. PC12041 | 722<br><br>A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.183,007,290,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Roads and Bridges. | Pages 102-103 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 40. | Demand No. PC12042 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.121,578,021,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Government Buildings. | Pages 104-105 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |
| 41. | Demand No. PC12043 | A MINISTER to move that a sum not exceeding Rs.1,000 be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of Loans to Municipalities/Autonomous Bodies etc. | Pages 106-107 of Estimates of Charged Expenditure & Demands for Grants (Current & Development Expenditure) for 2024-2025 |

723

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## اٹھارہویں اسمبلی کا گیارہواں اجلاس

منگل،25۔جون 2024

(یوم الثلاثہ،18۔ذوالحج1445ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں سہ پہر 3 بج کر37 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر ملک محمد احمد خان منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری محمد بخش قادری نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ ظِلٰلٍ وَّ عُیُوْنٍ(41)وَّ فَوَاكِهَ مِمَّا یَشْتَهُوْنَ(42)كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِیْٓــٴًـا
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ(43)اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ(44)وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ (45)
كُلُوْا وَ تَمَتَّعُوْا قَلِیْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ(46)وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ (47) وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمُ
ارْكَعُوْا لَا یَرْكَعُوْنَ(48)وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ(49)فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ(50)

سورۃ المرسلٰت (آیات نمبر41 تا 50)

بے شک پرہیز گار (اللہ کی رحمت کے) سایوں اور چشموں میں ہوں گے(41) اور (ان) پھلوں میں ہوں گے جن کو وہ پسند کریں گے(42) (انہیں کہا جائے گا) مزے سے کھاؤ اور پیو ان اعمال کے صلہ میں جو تم کیا کرتے تھے(43) ہم یونہی صلہ دیا کرتے ہیں نیکو کاروں کو(44) تباہی ہو گی اس روز جھٹلانے والوں کے لئے(45) (اے منکرو!) اب کھالو اور عیش کر لو تھوڑا سا وقت، بے شک تم مجرم ہو(46) تباہی ہو گی اس روز جھٹلانے والوں کے لئے(47) اور (آج) جب ان سے کہا جاتا ہے اپنے رب کے سامنے جھکو تو نہیں جھکتے(48) تباہی ہو گی اس روز جھٹلانے والوں کے لئے(49) آخر کس بات پر وہ اس کتاب کے بعد ایمان لائیں گے(50)

وما علینا الا البلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ جناب نعمان غوری نے پیش کی۔

## نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

میرا پیمبر عظیم تر ہے
کمالِ خلاق ذات اُس کی
جمالِ ہستی حیات اُس کی
بشر نہیں عظمتِ بشر ہے
وہ شرحِ احکام حق تعالیٰ
وہ خود ہی قانون خود حوالہ
وہ خود ہی قرآن خود ہی قاری
وہ آپ مہتاب آپ ہالہ
وہ عکس بھی اور آئینہ بھی
وہ نقطہ بھی خط بھی دائرہ بھی
وہ خود نظارہ ہے خود نظر ہے
شعور لایا کتاب لایا
وہ حشر تک کا نصاب لایا
دیا بھی کامل نظام اُس نے
اور آپ ہی انقلاب لایا
وہ علم کی اور عمل کی حد بھی
ازل بھی اُس کا ہے اور ابد بھی
وہ ہر زمانے کا راہبر ہے
میرا پیمبر عظیم تر ہے

## تحاریک التوائے کار

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ہمارے پاس آج کے ایجنڈے پر دو تحاریک التوائے کار ہیں۔ پہلی تحریک التوائے کار خواجہ صلاح الدین اکبر، معزز رکن پی پی۔285 کی ہے۔ میں انہیں کہوں گا کہ اپنی تحریک التوائے کار پڑھیں۔ جی، خواجہ صاحب!

### تونسہ میں کھلے مین ہول کی وجہ سے اموات پر انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

**خواجہ صلاح الدین اکبر:** جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ سے تعلق رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ 22۔مئی 2024 کو تونسہ میں ایک بچہ مین ہول میں گر کر جان سے گیا۔ اسے بچانے کے لئے دو لوگ مزید جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ کھلے مین ہول موت بانٹ رہے ہیں اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ تین لوگوں کی موت ہو گئی، پورا ضلع سوگوار تھا لیکن انتظامیہ سوئی رہی، ان کے کان پر جوں تک نہ رینگی اور وہ مین ہول ابھی تک ویسے کا ویسا ہی ہے۔ ہونا تو یہ چاہئے کہ جہاں کوئی مین ہول کھلا ہو وہاں کے متعلقہ ذمہ داران کو عہدوں سے فوری طور پر ہٹا دینا چاہئے لیکن شاید حکومت کو لوگوں کی زندگیوں کی کوئی پروا نہیں۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کی اجازت دی جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، وزیر پارلیمانی امور! آپ اس پر رپورٹ منگوا لیں۔ بجٹ اجلاس کے بعد اسے conclude کر لیں گے۔

**وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** جناب سپیکر! ٹھیک ہے۔ میں رپورٹ منگوا لوں گا۔

**جناب سپیکر:** دوسری تحریک التوائے کار جناب ممتاز علی خان معزز رکن پی پی۔266 کی ہے۔ میں انہیں کہوں گا کہ اپنی تحریک التوائے کار پڑھیں۔ جی، ممتاز صاحب!

## ضلع رحیم یار خان کے پولیس افسران کے کچے کے ڈاکوؤں کے ساتھ دیرینہ روابط کا انکشاف

**جناب ممتاز علی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ معاملہ یہ ہے کہ حال ہی میں پنجاب پولیس ضلع رحیم یار خان کے بارے میں 2024 کی ایک رپورٹ منظر عام پر آئی ہے جس کے مطابق ضلع کے کچھ پولیس افسران کے کچے کے ڈاکوؤں کے ساتھ دیرینہ روابط کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افسران سفارش اور پیسے کے زور پر خود ایسے تھانوں میں پوسٹنگ کراتے رہے جس کا زیادہ علاقہ کچے پر مشتمل ہو اور یہاں تک کہ انہی اغواکاروں کے ساتھ بھی مکمل رابطہ رکھتے تھے کہ کون سا بندہ اُٹھائیں تو تاوان کی زیادہ رقم ملے گی، سب سے پہلے طے ہو جاتا تھا، وہاں پوسٹنگ کے دوران ان افسران کو آج تک کوئی خراش تک نہیں آئی لیکن کافی اہلکار شہید ہوتے رہے اور یہ افسران جائیداد بناتے گئے یہاں تک کہ جس علاقے میں عوام جانے سے ڈرتی ہے ان افسران نے وہاں زرعی زمینیں خرید لی ہیں اور ٹھیکے پر بھی رقبے لے رکھے ہیں۔ اس رپورٹ کے منظر عام پر آنے کے بعد پورے صوبہ میں بالخصوص ضلع رحیم یار خان کی عوام میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرانے کی اجازت دی جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، شکریہ۔ وزیر پارلیمانی امور! اس تحریک التوائے کار کا بھی جواب منگوا لیں۔

**وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** جناب سپیکر! میں اس تحریک التوائے کار کا جواب بھی منگوا لوں گا۔

## عام بحث

### سالانہ بجٹ برائے سال 25-2024 پر عام بحث (۔۔۔جاری)

**جناب سپیکر:** آج پہلے وزیر خزانہ سالانہ بجٹ 25-2024 پر بحث کو wind up کریں گے۔ میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ اپنی تقریر کا آغاز کریں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**وزیر خزانہ وپارلیمانی امور(جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** نحمدہ ونصلی علی رسول کریم امابعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ، الصلوۃ والسلام علیک یاحبیب اللہ، الصلوۃ والسلام علیک یانبی اللہ، الصلوۃ والسلام علیک یانور اللہ، الصلوۃ والسلام علیک یاخاتم النبیین، الصلوۃ والسلام علیک یارحمت للعالمین۔

جناب سپیکر! میں اللہ تعالیٰ کی ذات کا نہایت شکر گزار ہوں کہ جس نے مجھے صوبائی اسمبلی میں آئندہ مالی سال 25-2024 کے لئے واقعی بے مثال تاریخی ٹیکس فری بجٹ پیش کرنے کا موقع عطا فرمایا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں تمام اراکین اسمبلی کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے بجٹ میں عام بحث میں حصہ لیا اپنی تجاویز سے ہمیں آگاہ کیا اور میں تمام صحافی برادری کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے بجٹ کی تفصیلات کو عوام تک پہنچایا اور ہمیں بھی اپنے فیڈ بیک سے مستفید کیا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! قائد محترم اور پاکستان مسلم لیگ(ن) کے صدر جناب محمد نواز شریف کی دوراندیشی اور بصیرت ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ قائد جناب محمد نواز شریف اور خادم پاکستان جناب محمد شہباز شریف نے عوام کی مثالی خدمت کی جو تابندہ روایات قائم کی ہیں ان کا تسلسل قائم رکھتے ہوئے ہماری dynamic وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف نے صوبہ پنجاب کی پائیدار ترقی اور خوشحالی کی بنیاد رکھ دی ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آئندہ مالی سال کا بجٹ کئی حوالوں سے ایک تاریخی بجٹ ہے۔-/5446۔ارب روپے کا یہ بجٹ جو ہے یہ surplus بجٹ ہے پنجاب کی تاریخ کا اور اس میں 842۔ارب روپے وہ ڈویلپمنٹ کے لئے ایک تاریخی بجٹ رکھا گیا ہے جس کا 100 فیصد ہمارے پاس cash cover موجود ہے۔ ابھی میں بات کرنے سے پہلے تھوڑا سا پچھلے چار دن جو اسمبلی میں ہوتا رہا ہے۔اس کے اوپر میں تھوڑی سی بات کرنا چاہوں گا۔ پچھلے چار دن میں جو بجٹ کی بحث تھی ہمارے معزز ممبران نے اس میں بھرپور حصہ لیا اور میں نے دیکھا کیونکہ میرا اور آپ کا بھی بہت تجربہ ہے پچھلے 20 سال سے ہم اس ایوان کے ممبر ہیں۔ تو میں نے کبھی اپوزیشن سائیڈ سے یہ نہیں دیکھا تھا کہ یہاں پر بجٹ کے اوپر بحث میں political speeches کی گئیں۔ وہ political speeches جو تھیں وہ جس میں کوئی substance نہیں تھا وہی ایک rowdyism شور، جھوٹ، گالی گلوچ اس کے حساب سے یہاں پر

تقریریں کی گئیں جو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے اس ایوان کا تقدس پامال ہوتا ہے۔ بجٹ ایک انتہائی اہم ہمارا document ہوتا ہے۔ جس کو ہم نے اس اسمبلی سے پاس کرانا ہے اور پورے پنجاب کے 13 کروڑ لوگ اس چیز کو دیکھ رہے ہیں۔ اس میں ہمارے کچھ جو اپوزیشن کے ممبران تھے ان کی طرف سے اچھی تجاویز آئیں مگر majority نے یہاں پر صرف point scoring کی جس کا میں سمجھتا ہوں کہ جو ان کے senior ممبران ہیں۔ جیسے بھچر صاحب، رانا آفتاب صاحب ہیں اور بھی senior لوگ ہیں ان کو میں کہوں گا کہ یہ سال تو چلیں گزر گیا اگلے سال کے لئے ذرا اپنی ٹیم کو تیار کیجئے کہ وہ بجٹ پر بات کریں نہ کہ یہاں پر سیاسی point scoring کریں۔

**جناب سپیکر:** No cross talk please

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! ہم نے کوئی گالی گلوچ نہیں کی ہم نے صرف تجاویز دی ہیں۔

**جناب سپیکر:** I have never seen a member obstructing windup speech

آپ اپنی باری پر بات کرنا اعجاز صاحب ایسے نہ کریں کمال کرتے آپ تو senior ممبر ہیں۔

**وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** جناب سپیکر! اعجاز شفیع صاحب بھی بہت senior ممبر ہیں میں ان کا نام بھی لوں گا کہ یہ بھی اپنے جو junior ممبرز ہیں ان کی تیاری کروائیں۔ اگر میں ان کی speeches کا جواب دوں تو یہاں پر مجھے آج ایک political speech کرنی چاہئے مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہاں پر شاید میں political speech کروں بھی کیونکہ میں نے اتنی زیادہ باتیں پہلے کبھی نہیں سنی ہیں۔

جناب سپیکر! چار دن میں تقریباً 15 گھنٹے میں نے ان کی speeches سنی ہیں۔ یہ میں اپنے treasury benches والے لوگوں کی بات نہیں کر رہا ہوں ہم نے تقریباً 26 / 27 گھنٹے کا ہمارا session ہے اگر آپ وہ دیکھیں چار دن کا ریکارڈ تو اس میں ان کے 15 گھنٹے اور اس میں جس طرح سے political speeches کی گئیں۔ ہماری لیڈرشپ پر attack کئے گئے میرے پر personal attack کئے گئے اور میں نے وہ سب کچھ سنا اگر میں اس کا جواب دینے لگ جاؤں تو پھر بجٹ پر بات نہیں ہو سکے گی مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ پہلے میں بجٹ پر بات کروں گا کیونکہ سب سے زیادہ جو یہاں پر بجٹ پر بات ہوئی وہ یہ کہا گیا کہ یہ جو بجٹ ہے یہ خسارے کا بجٹ ہے۔ یہ میں بک بھی لے کے آیا ہوں

اور ہمارے اپوزیشن لیڈر اس وقت موجود نہیں ہیں انہوں نے بھی یہاں پر تقریر کی اور بھی دوستوں نے کی اور ان سب نے تقریباً یہی کہا کہ کوئی اس میں 800۔ارب اور کوئی 1200۔ارب کے خسارے اس میں نکال رہے تھے۔ میں یہ کتابیں اسی لئے لے کے آیا ہوں کہ میں ان کو pages بھی بتاؤں گا اگر ان کو یہ کتاب چاہیئے تو لے لیں اور اس میں سے دیکھ لیں جو ہماری annual budget بجٹ statement اور white paper ہے۔ ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب نے یہاں پر تقریر کی اتنے senior ہمارے ساتھی ہیں اور انہوں نے بھی figures جو ہیں یہاں پر غلط code کی ان سے مجھے یہ کم از کم expected نہیں تھا کہ وہ غلط figure code کریں گے۔ یہ میں نے white paper کھولا اس میں page 11 اگر آپ نکالیں page 11 پر general revenue receipts 4643.4۔ارب روپے نیچے اس کی ساری details لکھی ہوئی ہیں۔ اس کے بعد آپ current capital receipts میں آجائیں وہ 699.3 بلین روپے کی ہیں اور پھر جب آپ development receipts(foreign project assistance) میں 103.2 بلین روپے کی ہے۔ اگر آپ اس سب کو ٹوٹل کریں تو ہمارا یہ 5446۔ارب روپے کا یہ ٹوٹل بجٹ ہے۔ یہاں پر یہ جو کہہ رہے تھے ہر کوئی کہ نہیں جی ان کے پاس تو 4643.4 بلین روپے ہے تو یہ کیسے 5446 بلین کا بجٹ یہاں پر پیش کر رہے ہیں۔ اس میں ہمارے پاس ڈویلپمنٹ کے بجٹ کا 842۔ارب روپے کا cash cover ہے۔ اس کے بارے میں بھی ابھی میں بتاتا ہوں۔ اس میں پہلے annual budget statement کا last page 126 نکال لیجئے۔ اگر آپ اس پر آجائیں تو یہ revenue account ہے۔ اس میں general revenue receipts ہیں 4,643.4 بلین اور current revenue expenditure وہ 2,633.8 بلین ہیں تو جب ہم general revenue receipts میں سے current revenue expenditure کو minus کریں گے تو ہمارے پاس 2,009.6 بلین net revenue account میں سے ہمارے پاس بیلنس رہ جاتا ہے۔

جناب سپیکر! پھر آپ آجائیں capital account جو کہ account number one ہوتا ہے۔ اس میں ہماری current capital receipts ہیں اس کو میں شارٹ کر لیتا ہوں اگلی detail میں جاتا تقریباً 230 بلین کی ہیں۔ جو بک کھول کے دیکھ رہے ہیں جیسے رانا صاحب دیکھ رہے ہیں تو وہ اس چیز کو دیکھ کر باقیوں کو بھی بتا دیں گے۔ تو current capital receipts 230 billions کی اور 871 current capital expenditure کا ہے تو اس میں جو net capital

میں 640 بلین کے deficit میں جاتے ہیں اور اس کے بعد ہمارا جو اگلا foreign assistance project ہے تو اگر آپ public accounts میں آ جائیں تو foreign assistance for project جو ابھی میں نے explain کیا ہے وہ 1.3 بلین روپے ہے۔ جب ہم اس 200 بلین روپے جو ہمارا net revenue account کا بچتا ہے اس میں 103 بلین کو add کرتے ہیں اور اس میں سے ہمارا 640۔ ارب روپے جو deficit ہے اس کو minus کریں تو یہاں پر لکھا ہوا ہے کہ Annual Development Program 842 billion clearly book میں لکھا ہوا جسے آپ سب دیکھ سکتے ہیں جو یہاں پر کہہ رہے تھے کہ ہمارے پاس Annual Development Program کے لئے 842 بلین روپے نہیں ہیں۔ پھر اس سے نچلی لائن میں اگر آ جائیں تو جب آپ اس کا total کر کے دیکھتے ہیں تو اس کے بعد بھی ہمارے پاس 630۔ ارب روپے surplus ہے اس بجٹ کا تو 630 بلین روپے کا surplus کا بجٹ ہے جسے اس بجٹ کتاب سے دیکھ لیا جائے۔

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! معزز اپوزیشن لیڈر صاحب نے یہاں پر کچھ figures quote کی تھیں کیونکہ باقی speeches تو سیاسی تھیں Sector wise جو کیں۔ رانا آفتاب احمد صاحب کی تقریر تھی بجٹ پر اور بھچر صاحب، اعجاز شفیع صاحب اور کچھ ایک اور دو ممبران نے کی تھیں۔ ہمارے اپوزیشن لیڈر نے یہاں پر on the floor of the House یہ کہا کہ چیف منسٹر آفس کا expense of entertainment 1.3 billion یعنی ایک ارب 30 کروڑ روپے چیف منسٹر آفس کا expense of entertainment ہے اور ان کی بڑی لمبی speech میں اس حوالے سے پورے دو صفحے ہیں۔ اور کہا گیا کہ پتا نہیں کیا عیاشیاں کرتے ہیں، خرچ کرتے ہیں اور یہ کرتے ہیں، وہ کرتے ہیں تو میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا بلکہ میں تو انہیں صرف بتانا چاہ رہا ہوں کہ 1.3 billion یہ بھی ادھر book میں جو Annual Budget Statement کا صفحہ نمبر 35 ہے رانا صاحب! جہاں پر چیف منسٹر آفس اور گورنر آفس کے بارے میں سارے expenses لکھے ہوئے ہیں۔ 1.3 billion کا کہا کہ جی چیف منسٹر آفس میں total expenses عیاشیوں پر خرچ کیا جاتا ہے تو ان کی خدمت میں عرض ہے کہ چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں تقریباً 728 ملازمین ہیں جن کی تنخواہ اور الاؤنس کی مد میں 95 کروڑ روپے جاتا ہے پھر operational expenditure ہے جس میں all utility bills اور اس کے بعد

POL, M&R,LPRاورFinancial Assistance آتی ہے اس کے بعد 27 کروڑ روپے باقی بچتا ہے جس میں سے 22 کروڑ روپے ہمارے utility bills اور جو میں نےexplain کیا ہے اس پر خرچ ہوتا ہے۔ چیف منسٹر آفس میں entertainment & foreign dignitaries and foreign delegations آتے ہیں۔ ان کی طرف سے کہا گیا ہے کہ پورے سال کے لئے 130۔ارب روپے ہے تو صرف 5 کروڑ روپے اس مد میں رکھے گئے ہیں جسے اس کتاب میں دیکھ لیں اس کی detail میں لکھا ہوا ہے۔ یہ پچھلے سال بھی اتنا ہی تھا جس میں ہم نے کوئی اضافہ نہیں کیا اور پانچ کروڑ روپے اس مد میں رکھا گیا ہے جوentertainment & gift for foreign delegations ہے۔ انہوں نے یہاں کہا کہ گورنر ہاؤس کا بجٹ 1.6 ارب یعنی ایک ارب 60 کروڑ روپے کا ہے تو گورنر ہاؤس کا بجٹ جو اس بجٹ کی کتاب میں دیا گیا ہے وہ 82 کروڑ روپے کا ہے جس میں سے ملازمین کی تنخواہ اور الاؤنس وغیرہ کے لئے 70 کروڑ روپے ہے، operational expenditure میں وہی utility bills, POL, M&R,R and LPR کے لئے تقریباً 10 کروڑ 42 لاکھ روپے ہے جبکہ entertainment & gifts وغیرہ کے لئے کیونکہ گورنر ہاؤس میں activity کم ہوتی ہے تو اس کے لئے ایک کروڑ 58 لاکھ روپے کا بجٹ ہے۔ یہ چند چیزیں تھیں جس پر بہت زیادہ بجٹ speech میں بات ہوئی۔

جناب سپیکر! بجٹ کے بارے میں جو بات کی گئی اس حوالے سے ہماری حکومت کو آئے تقریباً 100 سے کچھ زائد دن ہوئے ہیں اور جس طرح پنجاب کی وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف دن رات پنجاب کے لوگوں کی خدمت کر رہی ہیں اور جو نئے initiatives شروع کئے گئے ہیں ان کی پنجاب کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں چند چیزیں انہیں یہاں پر بتانا دوبارہ سے چاہوں گا اور اگر میں اس کی تفصیل میں جاؤں تو میرا خیال ہے کہ بات بہت لمبی ہو جائے گی تو میں صرف انہیں چند چیزیں دوبارہ سے بتانا چاہوں گا اور ان میں سے کچھ چیزیں ہم نے بجٹ میں انہیں بتائی بھی تھیں۔ آج الحمد للہ پنجاب صوبہ surplus میں ہے اور اس پوزیشن میں ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ ہم اپنے debt جو ہیں وہ retire کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ گندم کا جو اکاؤنٹ II ہے، اس سال کے اندر ہمارا next financial year جو 30۔جون کے بعد شروع ہونا ہے، اس میں پاکستان کی تاریخ میں، بہت سارے لوگوں کو یہاں پتا نہیں ہو گا کہ 1944 میں یہ اکاؤنٹ II جو food account ہوتا ہے جس

میں ہم ہمیشہ بنکوں سے اور کمرشل بنکوں سے loan لیتے ہیں جس سے ہم گندم کی purchase اور دیگر ہمارے food سے related خرچے ہیں، وہ کرتے ہیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہمارا جو 25-2024 کا سال ہے اس میں ہم اپنے اس اکاؤنٹ II کو zero کریں گے اور total debt retire کر دیں گے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! ہمارے پاس اس وقت بھی جو گندم پڑی ہوئی ہے اس پر ہم تقریباً 80 ٪ سے 85 ٪ mark up interest دے رہے ہیں اور ان شاء اللہ جب ہم اسے zero کر لیں گے تو جو گندم ہمارے پاس پڑی ہوئی ہے وہ بنک کے loan کی نہیں بلکہ پنجاب حکومت کی اپنی ہو گی اور مجھے امید ہے کہ اگلے سال اگر ہمیں purchasing کرنی ہوئی تو ہم اتنے surplus میں ہوں گے کہ ہم اکاؤنٹ II کی بجائے اپنے own source revenue سے گندم purchase کریں گے۔ ان شاء اللہ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! جس طرح سے میں نے یہ کہا کہ یہ ایک تاریخی بجٹ ہے جس میں صحت کے شعبہ کے لئے 539 بلین روپے رکھے گئے اور بہت سارے projects شروع بھی ہو چکے ہیں جن کی میں تھوڑی سی Explanation بھی کرنا چاہوں گا۔ 129۔ ارب روپے development side کا ہے اور 669 billion روپے تقریباً 670۔ ارب روپے تعلیم کے لئے ہے جس میں سے تقریباً 65.5 billion روپے آپ کی development side کا ہے۔ یہاں پر non-development کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ non-development کا سارا بجٹ شاید کہیں پر ضائع کر دیا جاتا ہے اور وہ بجٹ کسی غلط side پر لگا دیا جاتا ہے جس سے اس طرح کی چیزیں کی جاتی ہیں جو نہیں ہونی چاہئیں تو میں اپنے معزز ممبران کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ non-development side کا جو ہمارا بجٹ ہوتا ہے health and education کا خاص طور پر، اس میں جتنی ہم free books دیتے ہیں وہ non development side پر ہوتا ہے۔ جو free medicines دی جاتی ہیں تو وہ بھی non-development side سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد جتنے ڈاکٹرز، ٹیچرز اور ہمارے پرنسپلوں وغیرہ کو courses and trainings کرواتے ہیں وہ بھی اسی سے ہوتی ہیں تو ان پر جتنے اخراجات ہوتے ہیں وہ تنخواہوں، الاؤنسز اور دیگر اخراجات کے علاوہ وہ بھی non-development side پر ہوتے ہیں تو یہ purely development side کا جو بجٹ ہوتا ہے ادھر missing facilities کے لئے،

ہسپتالوں میں نئی مشینری کے لئے، ہسپتالوں کی up gradations کے لئے، سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کی up gradations کے لئے یہ بجٹ خرچ کیا جاتا ہے۔ اسی طرح اس دفعہ ایک بڑا major budget roads and bridges کی تعمیرات کے لئے رکھا گیا ہے جو تقریباً 374۔ارب روپے کا ہے اور یہ 374۔ارب روپے میں ongoing schemes بھی شامل ہیں کیونکہ بہت ساری ongoing schemes اس وقت پایہ تکمیل تک نہیں پہنچی اُن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ان کو بھی لیا گیا ہے۔ اس میں ایک اور بڑا major head وہ 321۔ارب روپے کا لوکل گورنمنٹ کا ہے جس میں تقریباً 62۔ارب روپے development side کا اور باقی non development کا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اسی طرح ایگریکلچر جس کے بارے میں آگے بات بھی کروں گا جو ہمارا کسان پیکج ہے۔ یہاں پر کچھ دوستوں نے خاص طور پر اپوزیشن والے بھائیوں، معزز ممبران نے اپنی تقریر میں کہا کہ کسان ہم سے ناراض ہیں۔ کسان تو اخبارات میں کسان پیکج کے حوالے سے شکریہ کا اشتہار لگا رہے ہیں اور وہ چیف منسٹر صاحبہ کی تعریفیں کر رہے ہیں۔ پتا نہیں یہ کون سے کسانوں کی بات کر رہے ہیں۔ اس طرح کا کسان پیکج پنجاب کی تاریخ میں نہیں آیا۔ زراعت کے لئے 117 بلین رکھا گیا ہے جس میں سے 64 بلین development side کا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں بجٹ پر بات کرتے ہوئے یہ کہنا چاہوں گا کہ غریب پرور سماجی تحفظ کے اقدامات کے لئے 130۔ارب روپے اس بجٹ میں رکھے گئے ہیں۔ پنجاب میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لئے 120۔ارب روپے رکھا گیا ہے۔ آپ نے بھی اور پورے پنجاب نے بھی دیکھا کہ اس دفعہ جس طرح عید الاضحیٰ کے موقع پر صفائی کا انتظام تھا ایسا انتظام آج تک پنجاب میں کیا پاکستان کی تاریخ میں کہیں نظر نہیں آیا۔ لوگوں کو پتا بھی نہیں چلا کہ یہاں پر عید الاضحیٰ تھی کیونکہ آلائشوں اور گند کو ساتھ ساتھ صاف کیا جاتا رہا۔ یہ ایک ریکارڈ ہے اور اِن شاء اللہ تعالیٰ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کا دائرہ چیف منسٹر صاحبہ پورے پنجاب تک لے کر جا رہی ہیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! جو ہماری سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی کمپنیز بنی ہوئی تھیں جو صرف ڈویژنل ہیڈ کوارٹر تک کام کر رہی تھیں اب اِن شاء اللہ تعالیٰ اگلے مالی سال کے بجٹ سے پہلے تک یہ پورے پنجاب کے تمام اضلاع میں کام کرنا شروع کر دیں گی۔

جناب سپیکر! اسی طرح وزیر اعلیٰ پنجاب کا جو کسان کارڈ ہے اس کے لئے 10۔ ارب روپیہ رکھا گیا ہے اور اس پر بھی ہمارے کسان بھائی بہت خوش ہیں۔ اس کا بھی اگلے چند دن میں چیف منسٹر صاحبہ باقاعدہ پنجاب بنک کے ساتھ آغاز کریں گی۔ وہ کارڈ پرنٹنگ کے لئے جا چکے ہیں جب آئیں گے تو وہ کارڈ سب کو مل جائے گا۔ یہ ڈیبٹ کارڈ ہو گا۔ ہر کسان کے ہاتھ میں فنانشل پاور ہو گی کہ وہ جب چاہے اس کو خرچ کر سکے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اسی طرح وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کا روشن گھرانہ پروگرام کے لئے بھی 4۔ ارب روپیہ رکھا گیا ہے۔ اس میں بھی یہاں بات کی گئی اور میں یہ بتانا چاہوں گا کہ وہ لوگ جو غربت کی سطح سے نیچے ہیں بالکل ہماری حکومت اُن کو facilitate کرنا چاہتی ہے۔ میاں محمد نواز شریف بھی ہمیشہ ایسے کرتے تھے اور اِن شاء اللہ تعالیٰ محترمہ مریم نواز شریف جو اُن کی بیٹی ہیں وہ بھی اسی طرح اِن لوگوں کو facilitate کریں گی۔ اس کے لئے ہم نے پہلے فیز میں جن لوگوں کا بجلی کا بل 100 یونٹ تک آتا ہے اس پروگرام میں اُن کو سولر سسٹم فری دیا ہے۔ یہ ابھی ہمارا پائلٹ پراجیکٹ ہے اور اس کے لئے یہاں پر 4۔ ارب روپیہ رکھا گیا ہے مگر اِن شاء اللہ تعالیٰ یہ ہم پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر کر رہے ہیں جب ہم اس کو بہتر طریقے سے کر لیں گے جس طرح فیڈرل گورنمنٹ کی پالیسی ہے تو اس میں gradually اضافہ کیا جائے گا۔ پہلے فیز میں 100 یونٹ والے کو بجلی فری دی جائے گی پھر اِن شاء اللہ تعالیٰ 200 یونٹ والوں کے لئے یہ سہولت ہو گی اور اس کے بعد جو وعدہ محترمہ مریم نواز شریف اور ہماری لیڈر شپ نے کیا تھا تو اِن شاء اللہ اگلے تین سے چار سالوں میں 300 یونٹ تک جو لوگ بجلی استعمال کرتے ہیں اُن کو سولر کی مد میں فری بجلی دی جائے گی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اپنا گھر اپنی چھت پروگرام بھی غریبوں کے لئے ہے اس میں low income houses بنائے جائیں گے۔ وہ لوگ جو غریب ہیں اور ان کے پاس اپنی زمین ہے اُن کو گورنمنٹ interest free loans دے گی تاکہ وہ اپنے ذاتی گھر کے مالک بن سکیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! طلباء کے لئے دوبارہ سے لیپ ٹاپ سکیم کا اجراء کیا جا رہا ہے جس کے لئے 6۔ ارب روپیہ رکھا گیا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اپنے نوجوان کو زیادہ سے زیادہ facilitate کریں۔ ان نوجوانوں کو جن کو پچھلے چند سالوں میں گمراہ کیا جاتا رہا۔ ہم چاہتے ہیں کہ اپنے نوجوانوں کو

facilitate کریں کہ ان کے ہاتھوں میں لیپ ٹاپ ہوں، ان کے کالجز اور یونیورسٹیوں میں ان کو facilitate کیا جائے۔ ہم اپنے نوجوانوں کے لئے internship پروگرام شروع کر رہے ہیں۔ ہم ای۔ بائیکس دے رہے ہیں جس میں ہمارے نوجوان بچے اور بچیاں شامل ہیں۔ ہمارا نوجوان کل کا مستقبل ہے اور اِن شاء اللہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے۔

جناب سپیکر! ماحولیات کا شعبہ بہت اہم ہے اس پر بھی یہاں کچھ دوستوں نے بات کی۔ پہلی دفعہ باقاعدہ طور پر پنجاب میں ایک smog policy بن رہی ہے جو آج تک نہیں بنی تھی۔ اس مد میں پہلی دفعہ 22۔ ارب روپے رکھا گیا ہے۔ عام طور پر سموگ ستمبر، اکتوبر میں شروع ہوتی ہے مگر اس وقت ہمارے environment department کو ہماری سینئر منسٹر محترمہ مریم اور نگزیب head کر رہی ہیں۔ اس پر دن رات کام کیا جا رہا ہے۔ لوگوں کی شکایات آپ تک بھی آتی ہوں گی جن کو فیکٹریوں کے جرمانے ہوتے ہیں یا دوسری جگہ جہاں پر فصلیں جلائی جاتی ہیں تو اس پر ابھی سے کام شروع کیا گیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ اِن شاء اللہ اس سال سموگ میں اس پالیسی کی وجہ سے خاطر خواہ کمی آئے گی۔

جناب سپیکر! PKLI جو ہمارا پراجیکٹ ہے جس میں وہاں لوگوں کا فری علاج ہوتا ہے۔ اس میں liver transplant and kidney transplant ہے اس کے لئے 5۔ ارب روپے endowment fund رکھے گئے ہیں۔

جناب سپیکر! اقلیتوں کے لئے جو فنڈ تھا اس میں 100 فیصد، 150 فیصد اور 200 فیصد کر کے 2.5۔ ارب روپے رکھا گیا ہے۔ اسی طرح لائیو سٹاک کا کارڈ بھی بنایا جا رہا ہے اور لائیو سٹاک کی مد میں بھی لوگوں کو کارڈ ملے گا اور وہ بھی اِن شاء اللہ اسی طرح facilitate ہوں گے۔

جناب سپیکر! زراعت پر سبسڈی 26۔ ارب روپیہ، ٹرانسپورٹ پر سبسڈی کے لئے 24۔ ارب روپیہ رکھا گیا ہے۔ جیسا کہ میں بتا چکا ہوں کہ مفت ادویات کے لئے 55۔ ارب روپے اور خصوصی اقدامات کے لئے 100۔ ارب روپے رکھے گئے ہیں جو سب non development side کے ہیں۔ میرے پاس آگے سیکٹر وائز detail ہے مگر میرا خیال ہے کہ میں اس detail میں نہیں جانا چاہتا۔ میں نے کافی ساری چیزیں جو بجٹ کے حوالے سے پوچھی گئی تھیں اُن کو explain کیا ہے۔ اب میں یہ بھی بتاؤں گا کہ جو ہم نے تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے اس کی وجہ سے پچھلے سال تنخواہ کا جو ہم پر

بوجھ تھا وہ 513۔ارب روپے سے بڑھ کر 603۔ارب روپے ہو گیا ہے اور پنشن کی مد میں 392۔ارب روپے سے بڑھ کر 451۔ارب روپے ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر! یہاں پر inflation کے حوالے سے بھی بات کی گئی۔ جو مہنگائی کی شرح ہے اس پر بہت سارے لوگوں نے کہا کہ ہم نے جو بجٹ میں figure دی ہے وہ غلط ہے۔ جو میں نے 11.8 percent figure دی وہ Pakistan Bureau Statistics کی figure ہے وہ میں نے اپنے پاس سے نہیں دی۔ یہ بے شک اُن کی ویب سائیٹ کھول کر دیکھ لیں اُن کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اس وقت بھی مہنگائی کی شرح inflation کم ترین سطح 11.8 percent پر ہے جو ان کے دور میں 38 فیصد سے اوپر ہوتی تھی جو ہماری چیف منسٹر صاحبہ کی دن رات کی کوششوں سے آج اللہ کے فضل و کرم سے inflation کو نیچے لائے ہیں اور مہنگائی کم ہوئی ہے۔ لوگوں کو سستی روٹی مل رہی ہے جو 12 روپے میں مل رہی ہے۔ آٹا سستا مل رہا ہے، روز مرہ استعمال کی اشیاء، سبزیاں اور کھانے پینے کی چیزیں سب سستی ہوئی ہیں۔ اگر ان کو نہیں نظر آتا تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ شاید یہ خود گھروں کے سامان لینے نہیں جاتے اگر یہ بازار میں جائیں تو ان کو پتا چلے کہ گندم سے related کوئی چالیس کے قریب product ہیں جن کی prices نیچے آئی ہیں جس کی وجہ سے آپ کی food inflation میں بہت زیادہ فرق پڑا ہے۔

جناب سپیکر! زمینداروں کے لئے یہ solarization of tubewell کا بہت بڑا initiative ہے اس میں ہم 7 ہزار سے زیادہ ٹیوب ویلز سولر سسٹم پر convert کریں گے جس سے بجلی بچے گی، اس سے کسان خوشحال ہوگا، اس کو اس طرح بجلی کا بل نہیں آئے گا اور بجلی کی کھپت میں بھی کمی آئے گی جس سے دوسرے لوگوں کو بجلی آسانی سے مل سکے گی اور لوڈشیڈنگ میں کمی آئے گی۔

جناب سپیکر! یہاں پر صحت کے شعبہ کے حوالے سے محترم قائد حزب اختلاف اور دیگر دوستوں نے بھی بات کی DHQ، THQ، RHC، BHU میں تمام سہولیات کو پورا کیا جائے تو اس ضمن میں گزارش کرتا چلوں کہ شعبہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں 54 فیصد اضافہ کے ساتھ 42۔ارب 60 کروڑ روپے کی خطیر کی رقم مختص کی جا رہی ہے اس ضمن میں revamping of BHUs, RHCs, پروگرام فیز۔I کے تحت 16۔ارب روپے اور پروگرام فیز۔II کے تحت 7۔ارب 50 کروڑ روپے کی رقم آئندہ مالی سال میں رکھ دی گئی ہے۔ یہاں پر air ambulance

کے حوالے سے بھی بات کی گئی، مذاق بھی بنایا گیا اور تنقید بھی کی گئی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ محترمہ مریم نواز شریف کا یہ ایک بہت بڑا initiative ہے۔ تمام ترقی یافتہ ممالک میں air ambulance ہر وقت available ہوتی ہیں۔ اگر ہم یہ دیکھیں کہ ایک موٹرویز کا جال جو قائد محترم میاں محمد نواز شریف نے بچھایا، ہم نے وہ موٹرویز انٹرنیشنل لیول کی بنادیں ہیں اور ہماری روڈز بھی انٹرنیشنل لیول کی ہیں۔ اب ہم ہر شعبے میں چیزوں کو آگے لے کر جارہے ہیں تو اس حوالے سے air ambulance بہت ضروری ہے۔ ان کا یہ خیال تھا کہ ہم ایک air ambulance کی بات کر رہے ہیں تو یہ ایک air ambulance نہیں بلکہ تین air ambulances پر کام کیا جارہا ہے۔ ایک air ambulance جنوبی پنجاب کے لئے ہوگی، ایک air ambulance سنٹرل پنجاب کے لئے ہوگی اور ایک air ambulance شمالی پنجاب کے لئے ہوگی تو اس طرح تین air ambulances پر گورنمنٹ کام کررہی ہے۔ میں نے بجٹ میں بتایا ہے کہ ان شاءاللہ اس سال کے آخر تک BHUs اور THQs میں تمام سہولیات پہنچیں گی اور جہاں پر ایکسرے مشین نہیں ہے وہ بھی آپ کو ملیں گی۔ آپ فکر نہ کریں ہم نے 100 دن میں جتنے کام کئے ہیں آج تک پنجاب کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی جو آپ کو نظر آئے گا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں ان سے کہوں گا کہ موبائل ہسپتال اور clinic on wheels سے استفادہ کرکے دیکھیں اس میں ایکسرے مشین بھی لگی ہوئی ہے اب تک پچھلے دو ماہ میں دس لاکھ سے زیادہ لوگ موبائل ہسپتال سے استفادہ کرچکے ہیں اس میں لیبارٹری ہے اور اس میں ٹیسٹ بھی ہوتے ہیں، اس میں الٹرا ساؤنڈ بھی ہوتا ہے۔ یہ ہم ان کے گھروں کی دہلیز تک گاؤں میں پہنچا رہے ہیں جہاں گاؤں کے لوگ دوسرے سنٹرز تک پہنچ نہیں سکتے۔ اسی طرح clinic on the Wheel کے ذریعے ڈاکٹرز چھوٹے چھوٹے ایریا میں لوگوں کے گھروں تک پہنچتے ہیں۔

جناب سپیکر! یہاں پر ایک اور بات کی گئی تھی کہ یہ ٹیکس فری بجٹ کیسے ہے۔۔۔

**جناب سپیکر:** جی، please honorable guests no photography in the galleries معزز اراکین بھی اجتناب کریں۔

**وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** جناب سپیکر! میں نے جیسے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ یہ ایک non tax budget ہے پنجاب حکومت نے کوئی ایسا ٹیکس نہیں لگایا۔ ایک چیز اور جو میں نے مشاہدہ کیا کہ ہمارے خاص طور پر اپوزیشن کے معزز ممبران جو پہلی دفعہ آئے ہیں وہ یہاں پر فیڈرل بجٹ پر بات کرتے رہے۔ اب میرا خیال ہے کہ فیڈرل بجٹ پر اس سیشن میں بات کرنا ہمارا دائرہ اختیار نہیں ہے ہم باہر بات کرسکتے ہیں یا میڈیا پر کرسکتے ہیں لیکن یہ specifically ہمارے provincial budget سے related تھا تو ہمیں provincial budget تک رہنا چاہئے تھا۔ ہم نے جو آپ کو tax revenue اور non tax revenue کے حوالے سے بتایا تھا اب ہم اس پر آجاتے ہیں۔ اگر آپ دیکھیں تو ہم نے جو بجٹ بک میں provincial tax revenue expect دیا ہے وہ 471۔ارب روپے ہے اور provincial non tax revenue 488 ارب روپے کا ہے۔ اس دفعہ ہم نے ٹیکس ریونیو میں اضافہ نہیں کیا اور کوئی taxes نہیں لگائے۔ نان ٹیکس کی side پر ہمارے 17 کے قریب محکمے ہیں جس میں مائنز اینڈ منرل ہے اس میں ہم بڑی major تبدیلیاں لے کر آرہے ہیں اسی طرح Net Hydel کی مد میں ہمارے بہت پیسے ہیں، بورڈ آف ریونیو کی نان ٹیکس کی ریونیو side پر، اس طرح ہمارے 17 کے قریب جرمانے، چالان اور دیگر چیزیں ہوتی ہیں وہاں سے ریونیو میں کافی اضافہ کیا ہے جس کی وجہ سے ہمارے overall provincial revenue میں کوئی تقریباً 54 فیصد اضافہ expected ہے۔

جناب سپیکر! آخر میں میرا دل تو بہت کر رہا ہے کہ ان کو political جواب دیئے جائیں مگر میرا خیال ہے۔۔۔

**جناب سپیکر:** میاں صاحب! آپ بجٹ پر ہی اس کو constrain کر دیں۔

**وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** جناب سپیکر! آپ کی بات مان لیتے ہیں نہیں تو جس طرح کی یہاں پر political speeches کی گئی ہیں اس کا جواب تو بنتا تھا مگر آج آپ کا کہنا مان لیتے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

ان شاء اللہ پھر سہی۔ آخر میں میں دعا یا اشعار کے ساتھ اپنی بات کو ختم کرتا ہوں کہ:

خدا کرے میری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل جسے اندیشہ ءزوال نہ ہو
یہاں جو پھول کھلے وہ کھلا رہے برسوں
یہاں خزاں کو گزرنے کی بھی مجال نہ ہو
یہاں جو سبزا اُگے وہ ہمیشہ سبز رہے
اور ایسا سبز کہ جس کی کوئی مثال نہ ہو
خدا کرے کہ نہ کبھی غم سرو قار وطن
اور اس کے حسن کو تشویش ماہ و سال نہ ہو
ہر ایک فرد ہو تہذیب و فن کا اوج کمال
کوئی ملول نہ ہو کوئی خستہ حال نہ ہو
خدا کرے میری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل جسے اندیشہ زوال نہ ہو

بہت شکریہ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب سپیکر:** جی، thank you very much جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن! now we before moving to budgetary process...

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** میاں صاحب! ایک سیکنڈ ذرا تشریف رکھیں۔ I would request Minister for Parliamentary affairs.

# MOTION

## ELECTION OF STANDING COMMITTEES

**MR SPEAKER:** Thank you very much Mr Mujtaba Shuja ur Rehman. Now, before moving to the budgetary process; I would request Minister for Parliamentary Affairs, he may move the motion for election of the Standing Committees. We are still incomplete as an assembly until we form and elect our Standing Committees. I am grateful to the Government in the first place and then to the Leader of the Opposition and his team for giving the names and finalizing the Committees. Minister for Parliamentary Affairs may move the motion for election of Standing Committees.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):**Mr Speaker! I move:

> "That the Standing Committees of the Assembly mentioned in Rules 148, 176, 180, 181(a) and 182 may be elected by the Assembly in terms of Rule 150 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997, comprising the members whose list has been placed on the table of the House."

**MR SPEAKER:** The motion moved and the question is:

> "That the Standing Committees of the Assembly mentioned in Rules 148, 176, 180, 181(a) and 182 may be elected by the Assembly in terms of Rule 150

of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997, comprising the members whose list has been placed on the table of the House."

(The motion was carried.)

(The Standing Committees of the Assembly stood elected.)

## بحث اور رائے شماری

### سالانہ بجٹ برائے سال 25-2024 کے مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

**جناب سپیکر:** اب ہم سالانہ بجٹ 25-2024 کے مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری کا آغاز کرتے ہیں۔ سالانہ بجٹ 25-2024 میں مطالبات زر کی تعداد 41 ہے ان میں سے 7 مطالبات زر میں cut motions پیش کی جائیں گی پہلے cut motions والے مطالبات زر پر کارروائی ہو گی۔ یہ کارروائی کل مورخہ 26۔جون 2024 شام چھ بجے تک جاری رہے گی باقی مطالبات زر پر کارروائی رولز آف پروسیجر 1997 کے رول (4)144 کے تحت guillotine کے اطلاق کے ذریعے براہ راست سوال کے ذریعے ہو گی۔ اب ہم کارروائی کا آغاز کرتے ہیں۔

**DEMAND NO. PC-21003**

**MR SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No. PC-21003.

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** Not in this procedure sir please you have to be seated thank you.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I move:

"That a sum not exceeding **Rs.1,913,054,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025, in respect of **Provincial Excise**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That a sum not exceeding **Rs.1,913,054,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025, in respect of **Provincial Excise**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr. Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal, Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood, Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid,

Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar, Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr. Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer, Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar, Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**MR FARRUKH JAVAID:** Mr. Speaker! I move:

> "That the total of **Rs.1,913,054,000/** on account of Demand No.PC-21003 Provincial Excise be reduced to **Re.1/**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the total of **Rs.1,913,054,000/** on account of Demand No.PC-21003 Provincial Excise be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I oppose.

**MR SPEAKER:** You can make your statement on this cut motion.

**جناب فرخ جاوید:** جناب سپیکر! یہ ایک بڑا مزے دار ڈیپارٹمنٹ ہے کہ اس میں اتنی کرپشن کے انبار ہیں۔ ایک دفعہ مجھے اس ڈیپارٹمنٹ میں جانے کا اتفاق ہوا تو ہر مختلف جگہ پر مختلف ہجوم لگے ہوئے تھے میں نے بندے سے پوچھا ہجوم کس چیز کے ہیں تو اُس نے کہا ہر different counter پر کسی کو کارڈ مل رہے ہیں جو بندہ کارڈ کی payment کرے گا اُس کو کارڈ ملے گا، جو registration book کی payment کرے گا اُس کو registration book ملے گی، اتفاق کی بات تو یہ تھی جو registration نمبر allot ہو رہے ہیں وہاں بھی payment جائے گی تو نمبر allot ہوں گے پورا ڈیپارٹمنٹ کرپشن کا گڑھ ہے۔ یہ تو بالکل ایسے ہی جیسے ہم پولیس کا ڈیپارٹمنٹ دیکھتے تھے کہ آپ پیسے دیں گے تو پرچہ ڈلے گا۔ same اس کے process میں بھی یہی ہے کہ ہر جگہ پر اگر آپ payment نہیں دیں گے تو دو دو سال آپ کو کارڈ نہیں ملتا۔ آپ کو فائل نہیں ملتی، لوگ بالکل رُل گئے ہیں اور جس طرح ہمارے وزیر خزانہ نے پنجاب میں دودھ کی نہریں سنائی ہیں، یہاں جس نے پیسے نہیں دیئے اُس کو دو دو سال کچھ نہیں ملتا تو باقاعدہ یہ ڈیپارٹمنٹ اپنا generate خود کر رہا ہے۔ یہ لوگوں کے پاس پراپرٹی ٹیکس کے اندر جاتے ہیں اُن کی rented property سرپلس میں show کرتے ہیں پیسے لیتے ہیں اور اُن کا normal tax کر دیتے ہیں یہ جتنا ٹیکس خود generate کرتے ہیں ان کو سیلری کی ضرورت نہیں ہے میری simple سی بات یہ تھی کہ اس ڈیپارٹمنٹ کو فنڈ کی ضرورت نہیں تھی کیوں کہ یہ اپنا generate خود کر لیتے ہیں۔

**MR SPEAKER:** Now, the question is:

"That the total of **Rs.1,913,054,000/** on account of Demand No. PC-21003 Provincial Excise be reduced to **Re.1/**."

(The motion was lost.)

**MR SPEAKER:** Now, the question is:

"That a sum not exceeding **Rs. 1,913,054,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the

Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025, in respect of **Provincial Excise**."

(The motion was carried.)

(The Demand No. PC-21003 was approved)

**DEMAND NO. PC-21009**

**MR SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No. PC-21009.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I move:

"That a sum not exceeding **Rs.36,010,949,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025, ending on 30th day of June 2025 in respect of **Irrigation and Land Reclamation**."

**MR SPEAKER:** The motion is moved:

"That a sum not exceeding **Rs.36,010,949,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025, ending on 30th day of June 2025 in respect of **Irrigation and Land Reclamation**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr. Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal, Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood, Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid, Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar, Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr. Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer, Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar,

Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**MR AFTAB AHMAD KHAN:** Mr. Speaker! I move:

> "That the total of **Rs.36,010,949,000/** on account of Demand No.PC-21009 Irrigation and Land Reclamation be reduced to **Re.1/**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the total of **Rs.36,010,949,000/** on account of Demand No.PC-21009 Irrigation and Land Reclamation be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I oppose.

**MR AFTAB AHMAD KHAN:** Mr Speaker! Thank you. Normally in the legal terminology we call it disapproval of the policy cut and economy cut. Pakistan has one of the largest man-made canals and providing irrigation facilities over 48 million acers. The main link canals are Chasma, Thal, Bari, Upper Chenab and Lower Chenab, Upper Jhelum, Lower Jhelum, Rasul Barrage, Jalapur Canal and others دیسی زبان میں کہتے ہیں کہ جس زمین کو پانی نہیں ہے، پانی ملکیت ہوتا ہے زمین ملکیت نہیں ہوتی۔ جب پاکستان بناتو ہمارے پنجاب میں best irrigation system تھا۔ ان سے کہیں کہ اگر انہوں نے ہنسنا ہے تو یہ ہاؤس سے باہر چلے جائیں۔

**جناب سپیکر:** Order in the House. Gill sahib! Your laughter is louder than even Rana Sahib's voice لہٰذا خیال کریں۔

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر!سب سے بڑااس وقت مسئلہ that is shortage of water in the Punjab irrigation system پنجند بیراج میں shortage 68 فیصد ہے۔تونسہ بیراج میں shortage 61 فیصد ہے۔ لوئر بہاول کینال میں shortage 65 فیصد ہے۔ میلسی کینال لودھراں shortage 56 فیصد ،ہیڈ سلیمانکی shortage 51 فیصد ،تریموبیراج shortage 36 فیصد ، اسلام بیراج shortage 45 فیصد اورہیڈ بلوکی میں shortage 36 فیصد ہے۔ آپ کے discharge میں سے ہر ہیڈ سے پانی کم جا رہا ہے تو آپ نے یہ جو پیسے دینے ہیں and we don't have any information کہ یہ پیسے کتنے rehab پر لگنے ہیں اور کتنی اس کی چیزوں پر پیسے لگنے ہیں۔ منسٹر صاحب! آپ بیٹھ کے بات سن لیں کیونکہ آپ نے بجٹ پاس تو کر ہی لینا ہے لیکن میری گزارش ہے کہ I am talking logic you should sit and listen to me.

**جناب سپیکر:** منسٹر صاحب! میاں کاظم علی پیرزادہ this is your department رانا صاحب کی cut motion ہے وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ کو دیئے جانے والے تمام اخراجات روک دیئے جائیں اور صرف ایک روپیہ دیا جائے وجہ وہ بتا رہے ہیں ۔

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! Improving irrigation system requires a multi side approach here, what have they sanctioned for the water conservation drip irrigation, sprinkler irrigation, canal lining and renovation. Then it comes to water harvesting, efficiency of irrigation, water management and infrastructure development, monitoring and evaluation, the crop diversification, research and development سر جو پیسا چلے جائے گا اس کا زیادہ تر حصہ that will go to the corruption کیونکہ یہ ٹھیکیداری نظام پر پیسا لگ جائے گا مگر what is the farmer going to get جس زمیندار کو ہیڈ سے پانی نہیں آئے گا اور پانی کی کمی ہو گی اور اس وقت جتنے یہ زمیندار بیٹھے ہیں they are I think not interested آپ دیکھیں کہ اس وقت جو unscheduled وارہ بندی ہو رہی ہے اس سے آپ کی crop effects ہو رہی ہیں۔ آپ نے پہلے زمیندار کو دیکھا ہے wheat کی crop

ہو گئی ہے۔اب آپ کی cotton کی بھی early crop آ رہی ہے اور آپ کے genres نے اس کو لینے سے انکار کر دیا ہے اور انہوں نے ہڑتال کر دی ہے۔ Irrigation کو improve کرنے کے لئے what measures have you taken? I have not been able to trace anything اس میں انہوں نے research پر کیا کرنا ہے،اس کو پانی کی rehab پر کیا کرنا ہے، discharge کو پورا کیسے کرنا ہے ،جو آپ کا پانی scheduled ہے اس کو کیسے کرنا ہے، head سے کیسے کرنا ہے، canal سے کیسے کرنا ہے، تو you have around 74,000 water courses how will you define کہ ہم ان پیسوں کو کس طرح خرچ کریں گے اور ان کو کہاں لے کر جائیں گے؟تو it should be not left to the department or at the mercy of the chief executive, there should be very clear demarcation کہ یہ جو block allocation ہے that is the biggest I think weapon in the hands of the executive وہ یہ رکھتے ہی ، آپ ماشاءاللہ سپیکر ہیں آپ کا ایک لیٹر جائے گا وہ کہیں گے جی ملک صاحب کی canal کو improve کر دیں ان کا water courses بھی improve کر دیں میرا یہ question ہے اس محکمے کو پیسے اس وقت دیں جب proper utilization of it non utilization of funds amounts to dishonesty, corruption and malfunctioning رہے ہیں۔میں آپ کو مزید here barrages کا بھی بتا دوں کہ آپ کے پاس چشمہ بیراج،غازی بروتھا بیراج، جناح بیراج،رسول بیراج،تونسہ بیراج، تریمو بیراج،بلوکی ہیڈورکس، خانکی ہیڈورکس،مرالہ بیراج اور پنجند بیراج ہیں تو how much allocation has been made for these sectors کہ آپ نے وہاں پر you can generate electricity, you can generate lot of things, run of the river پر بھی نہیں آتا ہے I have not been able to find anything in the book پھر میں نے کہا چلیں یہ بھی جیسے حفظ ماتقدم بتا دیتا ہوں یہ پنجاب کے لئے سب سے important محکمہ ہے اور سب سے بڑی ایک اور چیز رہی ہے جو آپ کو بتاؤں گا کہ جو conversion of agriculture land into the brown areas آپ کی colonies بن گئی ہیں، پانی ختم ہو گیا ہے، کسی نے آج تک پوچھا ہے مجھے نہیں پتا کہ ریونیو منسٹر کا چارج کس کے پاس ہے؟ یہ جتنے بھی کھالے ہوتے ہیں یہ حکومت پنجاب کی ملکیت ہوتے ہیں

جدھر اب colonies بن گئی ہیں جدھر ان کو brown areas ہو گیا ہے وہ جو کھالوں کی جگہ ہے انہوں نے under which law وہ جگہ فروخت کی ہے؟ اگر آپ نے پیسا collect کرنا This is this was the best form آپ ان کے تتمہ وغیرہ نکال کے دیکھیں کہ یہ کیا ہوا ہے the primary duty of the government to provide food, shelter, security everything آپ فوڈ کیا دیں گے آپ کی فصل نہیں ہوگی اگر ہو بھی تو اس فصل کو آپ خریدیں گے ہی نہیں۔ ہم ابھی بیٹھے یہی بات کر رہے تھے کہ ہماری position وہی ہو گئی ہے جو ایک زمیندار یا آڑھتی کی ہوتی ہے کیونکہ ہر وقت بنام ہمارے لکھا جاتا ہے۔ آپ آبیانہ، ایگریکلچر ٹیکس اور سب کچھ لے رہے ہیں what are you providing to the farmer اس وقت سب سے زیادہ کسان پسا ہوا ہے اور یہاں پر جتنے زمیندار خاموش بیٹھے ہیں مجھے ان پر ترس آتا ہے اور ان پر افسوس بھی ہوتا ہے آپ اس پاکستان اور اس سسٹم کے لئے کیا کر رہے ہیں؟ Pakistan had the best irrigation system and at the same time railway system دونوں سسٹم اس وقت تباہ ہو چکے ہیں۔ آپ non professional لوگوں کو لگاتے ہیں اور consultants رکھ لیتے ہیں اور پھر چلے جاتے ہیں this money should have been utilized for upgradation of the canals, proper discharge of water from the heads, improvement of the water courses پھر آپ کا جتنا بھی contaminated water جو canals میں آرہا ہے اس کو آپ نے روکنا تھا۔ یہ تمام باتیں جو میں آپ سے کر رہا ہوں اس کو آپ سنجیدگی سے لیں اور میں نے canal links کے بارے میں بھی بتایا ہے۔ سب سے اہم جو چیز ہے I have some suggestions if they can look into it میرے خیال میں سب سے اہم چیز that is the proper utilization of funds ہے تو proper utilization کیا ہے جیسا کہ آپ کہتے ہیں کہ right man on the right job وزیر موصوف بہت nice person ہے میں نے ان کو کال کی انہوں نے کہا کہ وارہ بندی آرہی ہے آپ کی کینال کو ہیڈ سے 500 کیوسک پانی کم آرہا ہے تو میں نے کہا کہ ٹھیک ہے how much money has been sanctioned for that canal, for all the canals not for one اگر آپ وہاں سے پانی کا discharge لے لیں گے بیراج سے آپ run of the river کرنے کے بعد ہیڈ پر جا کر بجلی بنا لیں گے تو I think that will improve the system but as you have not allocated

proper funds I think this is very criminal giving money to this department because the farmer is not going to get anything out of it. Thank you very much and I hope and say that there should not be any money given to this department because of their inefficiency, non-professional approach and because this department is full of corruption and full of corruption in a way کہ آپ کا پانی چوری ہوتا ہے میں ایک چھوٹا زمیندار ہوں ادھر رانا اقبال صاحب جیسے بڑے زمیندار ہیں یہ تو ہمت کر سکتے ہیں میں تو پانی نہیں چوری کر سکتا یہاں پر بڑے بڑے زمیندار بیٹھے ہیں تو وہ پانی چوری کر سکتے ہیں مگر اگر مجھے میرا حق نہیں ملے گا تو this will amount to law and order situation جب لاء اینڈ آرڈر کی situation آئے گی تو پھر آپ کو پتا ہے کہ یہاں پر کیا ہو گا۔ میرا ایک بڑا pertinent question ہے کہ جو کالونیاں بن گئی ہیں اب ان کو پانی نہیں ملتا تو وہ پانی کہاں جاتا ہے where is that water allocated وہ کن کو گیا ہے 36۔ جدھر کالونیاں بن گئی ہیں، وہ کھالے کدھر ہیں اس کا پیسا کدھر گیا ہے۔ آپ اس irrigation system کو they should take on priority but I oppose it because at this time there is no need to be given any money to this department. So, I oppose this grant.

**جناب سپیکر:** جناب شہاب الدین خان!

**جناب شہاب الدین خان:** جناب سپیکر! شکریہ، میں رانا آفتاب صاحب کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے عرض کروں گا کہ یہ جو 36۔ ارب 10 کروڑ 94 لاکھ روپے کا مطالبہ زر ہے میں اس پر صرف اتنی بات کروں گا کہ جنوبی پنجاب میں ایک تھل کینال جو 1951 میں بنی اور دوسری گریٹر تھل کینال ہے جس سے میانوالی، بھکر، لیہ، کوٹ ادو کی زمینیں سیر اب ہوتی ہیں۔ 1994 سے تھل کینال کی remodeling شروع ہوئی تھی اس دوران بہت ساری حکومتیں آئیں اور چلی گئیں، کچھ کام ہوا اور کچھ کام نہیں ہوا۔ اس remodeling سے تھل کینال کا پورا sanctioned پانی نہیں آ سکتا تھا۔ میں جناب کے توسط سے جناب وزیر آبپاشی سے یہ گزارش کروں گا کہ میں نے تو تھل کینال کی remodeling کی سکیم کے لئے کوئی بجٹ نہیں دیکھا جس سے لگے کہ یہ حکومت

remodeling کو آگے بڑھانا چاہتی ہے۔ یہ سراسر زیادتی ہو گی، میں نے کل بھی بجٹ پر بات کی تو میرے honorable colleagues جو حکومتی بنچز پر بیٹھے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہر وقت جنوبی پنجاب کا رونا روتا رہتا ہوں۔ جنوبی پنجاب، پنجاب کی 32 فیصد آبادی ہے اور رقبے کے لحاظ سے سنٹرل پنجاب سے زیادہ ہے۔ مجھے پتا ہے کہ بجٹ منظور ہو جانا ہے معزز وزیر آبپاشی سے گزارش ہے کہ اس تھل کینال کی remodeling کو آگے بڑھایا جائے تا کہ اس میں جو sanctioned پانی ہے وہ پورا آئے۔

جناب سپیکر! گریٹر تھل کینال آدھی کوٹ ضلع خوشاب سے شروع ہو رہی ہے اس کو flooded canal کہہ لیں، دریائے سندھ چشمہ سے، flooded area میں جب flood overflow ہوتا ہے تو تین مہینے کے لئے یہاں پانی چھوڑا جاتا ہے۔ میں ٹیکنیکل آدمی نہیں ہوں لیکن میں معزز وزیر آبپاشی سے کہوں گا کہ ہمارا جو پانی ضائع ہوتا ہے وہ ضائع بھی نہیں ہو گا میں نے چند انجینئرز سے بات کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ یہ گریٹر تھل کینال تین مہینے کی بجائے چھ مہینے بھی چل سکتی ہے۔ بس میری یہی تجاویز تھیں۔

جناب سپیکر! ساؤتھ میں دریائے سندھ میانوالی سے لے کر بھکر، لیہ، کوٹ ادو، مظفر گڑھ، ڈی جی خان، راجن پور، رحیم یار خان سے گزرتا ہے میں تقریباً بیس سال سے سن رہا ہوں کہ نندی پور میں ایک model study ہو رہی ہے۔ اگر یہ model study approve ہو جائے اور اس کے بعد اس پر کوئی proper کام شروع ہو جائے تو یہ river Orion دریائی کٹاؤ رک سکتا ہے ابھی تو ہر سال ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں ایکڑ کی فصلیں اور زمین دریا برد ہو جاتی ہے۔ لہٰذا معزز وزیر آبپاشی سے گزارش ہے کہ بیس سال سے جو study نندی پور میں پڑی ہوئی ہے اسے speedup کرائیں۔ بہت شکریہ۔

**جناب سپیکر:** بہت شکریہ۔

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! میں اس میں تھوڑا سا input دینا چاہتا ہوں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں نے بھی بات کرنی ہے۔

**MR SPEAKER:** Sir! I don't have your name in the list.

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں محرک ہوں، میرا نام لکھا ہوا ہے اور میں نے بات کرنی ہے۔

**MR SPEAKER:** I don't have it.

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں بھی اس کٹ موشن میں محرک ہوں میرا نام لکھا ہوا ہے۔

**MR SPEAKER:** Sir! I have been given these names by the Leader of the Opposition.

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! آپ مجھے بات کرنے سے کیسے روک سکتے ہیں میرا نام لکھا ہوا ہے۔

**جناب سپیکر:** اعجاز شفیع صاحب! ایک سیکنڈ بات سنیں، ایک سیکنڈ ٹھہریں، ایک منٹ تشریف رکھیں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میرا نام موجود ہے۔

**جناب سپیکر:** اچھا آپ بیٹھیں تو سہی، آپ ایک سیکنڈ بیٹھیں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میرا نام موجود ہے آپ مجھے کیسے بات کرنے سے روک سکتے ہیں۔

**جناب سپیکر:** میں آپ کو بیٹھنے کے لئے کہہ سکتا ہوں، آپ بیٹھیں۔ میں اتنا تو کہہ سکتا ہوں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ کٹ موشن پر in agreement with the movers مجھے رولز repetition کی اجازت نہیں دیتے اور جب آپ نے ایک کٹ موشن پر 60 لوگوں کے نام لکھے ہوں گے تو میں آپ سے پوچھوں گا کہ کون سے اصحاب اس کٹ موشن پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مجھے نام بھیج دیئے۔ اب ہر کٹ موشن پر آپ کے نام آچکے ہیں۔ رانا صاحب کا نام آیا، سردار صاحب کا نام آیا I have given them the floor اعجاز شفیع صاحب! ذرا میری طرف متوجہ ہوں۔ اگر آپ مجھ سے یہ پوچھیں گے کہ میں آپ کو کیسے نہیں کہہ سکتا تو میں یہ آپ کو بتا رہا ہوں کہ میں کہہ سکتا ہوں۔ آپ مجھ سے یہ پوچھیں گے کہ میں آپ سے کہوں گا کہ کرسی پر بیٹھ جائیں تو آپ کو بیٹھنا پڑے گا۔ یہ ایک normal procedure ہے آپ اس پر اگر ضرور بات کرنا چاہتے ہیں تو

آپ مجھے اپنا نام لکھ کر بھجوا دیں کہ آپ کے کتنے اور اراکین اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ میں اس میں صرف آپ کو facilitate کر سکتا ہوں یہ آپ کا دن ہے cut motion is yours day as much as you want to speak I don't mind it. مجھے اچھا لگے گا کہ آپ بولیں، آپ بات کریں but that has to be non-repetitive ایک کی گئی بات دوبارہ نہیں ہو گی and thirdly the time of this House and the whole بارہ کروڑ عوام کے اس نمائندہ ایوان کا وقت ضائع نہیں ہو سکتا so I would request کہ آپ تشریف رکھیں come through with proper arrangement which have made and that arrangement has send to me the names first.

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! آپ نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔

**جناب سپیکر:** اس میں بحث اور تقریر نہیں ہو سکتی۔پلیز آپ بیٹھ جائیں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! اس بک میں نام کا نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** اس بک میں یہی arrangement ہے آپ بیٹھ جائیں۔میں نے آپ کو بتانا ہے آپ بیٹھ جائیں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں نہیں بیٹھوں گا۔

**جناب سپیکر:** اعجاز صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ please don't interrupt the proceeding for nothing آپ بیٹھیں میں آپ کو موقع دوں گا۔ پلیز بیٹھ جائیں۔منسٹر صاحب! آپ اس پر بات کرنا چاہتے ہیں یا I should put it to the vote? Let's go for the vote اگر آپ اس پر کچھ کہنا چاہ رہے ہیں تو آپ کا right ہے۔

**وزیر آبپاشی (جناب محمد کاظم پیرزادہ):** جناب سپیکر! میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** جی، آپ بات کریں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! اس طرح نہ کریں۔

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! میں بارانی ایریا کے حوالے سے input دینا چاہتا ہوں۔ پلیز مجھے بات کرنے کا موقع دیا جائے۔

**جناب سپیکر:** سردار صاحب!، اعجاز صاحب! میں آگے آپ کو موقع دیتا ہوں۔ سردار صاحب! بات سنیں I have to carry on the proceedings

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں اپنی بات repeat نہیں کروں گا۔

**جناب سپیکر:** اعجاز صاحب! میری بات سنیں If I disturb the arrangement, every member would like to speak سردار محمد علی خان صاحب! اب میں وہ arrangements توڑ نہیں سکتا۔

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! میں بارانی علاقے کی نمائندگی کر رہا ہوں مجھے موقع دیا جائے۔

**جناب سپیکر:** پھر آپ پہلے نام بھجواتے، چلیں this is the only instance I am allowing اس کے بعد I will not allow it and that again in respect of you Sardar Sahib and Ijaz Shafi Sahib, the given names will allow to speak. اعجاز صاحب! آپ بات کریں۔ but it has to be very precise. منسٹر صاحب! آپ ابھی تشریف رکھیں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! شکریہ۔ اس بک کے اندر بجٹ میں جو رقم دی گئی ہے، ہمارے پاس تو already shortage of water exist کر رہا ہے یہاں کسی نئے ڈیم کی کوئی proposal نہیں ہے کہ اس کے لئے پیسے رکھے ہیں لیکن ہمیں shortage of water کے لئے کچھ نہ کچھ تو کرنا ہے۔ Lining of canals کرنی ہے اور water courses بنانے ہیں لیکن اس کے لئے ایک پیسا بھی نہیں رکھا گیا۔ although وہ agriculture میں آنے ہیں لیکن even then ان کے پاس lining of canals کے لئے کوئی منصوبہ ہونا چاہئے تاکہ پانی کی wastage کم سے کم ہو سکے۔

جناب سپیکر! یہاں بجٹ میں research کے لئے کچھ پیسے رکھے گئے ہیں۔ اس بجٹ میں Survey, Investigation & Research کی total cost 100۔ ارب 61 کروڑ روپے ہے

جبکہ اس بجٹ میں اس کے لئے صرف 22۔ارب روپے مختص کئے گئے ہیں اور باقی رقم کو throw-forward کر دیا گیا ہے۔

**وزیر آبپاشی (جناب محمد کاظم پیرزادہ):** جناب سپیکر! اس وقت محکمہ آبپاشی کے حوالے سے Cut Motion پر بحث ہو رہی ہے جبکہ معزز رکن اعجاز شفیع صاحب agriculture کے حوالے سے ہونے والی research کو discuss کر رہے ہیں۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں irrigation کے حوالے سے ہی بات کر رہا ہوں۔ میں آپ کی budget book سے figures پڑھ رہا ہوں۔ میں بتا رہا تھا کہ Survey, Investigation & Research کی total cost 100۔ارب 61 کروڑ روپے ہے۔ اب ان کی دلچسپی دیکھ لیں کہ اس کے لئے انہوں نے صرف 22۔ارب روپے رکھے ہیں اور باقی پیسے throw-forward کر دیئے گئے ہیں۔

**جناب سپیکر:** مجھے لگ رہا ہے کہ کاظم پیرزادہ صاحب نے جو کچھ کہا ہے شاید وہ ٹھیک ہے۔

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! بالکل ایسا نہیں ہے کیونکہ میں تو irrigation کے حوالے سے ہی بات کر رہا ہوں۔ میں آپ کو اس کا صفحہ نمبر بتا دیتا ہوں۔ یہ Page. No.227 اور اس کا GS.No.2407 ہے۔

**MR SPEAKER:** Honorable members are not allowed to eat on the floor of the House.

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں نے بتایا ہے کہ یہ سکیمیں Page No.227 پر ہیں اور یہ Small Dams کے حوالے سے schemes ہیں اور ان کی لاگت 40۔ارب روپے تجویز کی گئی ہے جبکہ اس کے لئے صرف 400 ملین روپے رکھے گئے ہیں۔ آپ ان کی دلچسپی دیکھ لیں۔ ہماری حکومت کی ان سکیموں کے حوالے سے کوئی دلچسپی نہیں کیونکہ یہ ان سکیموں کو carry forward پر لے کر جانا چاہتے ہیں۔ اسی طرح سے ہمارا outlet drainage system آج سے کوئی چالیس سال پُرانا چل رہا ہے۔ اُس وقت irrigation system 60 percent تھا اور 40 فیصد open land ہوتی تھی۔ آج بھی اسی سسٹم کو follow کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے لوگ پانی چوری کرتے ہیں لیکن اس

کی نئی designing کے حوالے سے کچھ نہیں کیا گیا۔ محکمہ اریگیشن کے ملازمین کی تنخواہوں، ان کی گاڑیوں اور پٹرول کی مد میں خرچ کرنے کے لئے اربوں روپے رکھے گئے۔ یہ اخراجات کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ جب انہوں نے پنجاب کے کسان کے لئے اور irrigation کی development کے لئے کوئی کام نہیں کرنا تو پھر یہ اربوں روپے خرچ کرنے کی بالکل ضرورت نہیں ہے۔ میں نے آپ کے سامنے دو تین سکیموں کا ذکر کیا ہے جن کے لئے اس بجٹ میں minimum رقم مختص کی گئی ہے یعنی صرف کاغذی کارروائی پوری کی گئی ہے۔ Small Dams کے لئے 400 ملین روپے رکھے گئے اور اسی طرح irrigation کے لئے 160۔ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک دوسری سکیم کی cost تقریباً 200۔ارب روپے ہے جبکہ اس کے لئے اس بجٹ میں صرف 2۔ارب روپے مختص رکھے گئے ہیں۔ یہ سکیم Page No.229 پر ہے۔۔۔

**جناب سپیکر:** میری معزز اراکین سے گزارش ہے کہ اسمبلی کے فلور پر بیٹھ کر کچھ کھایا پیا نہیں جا سکتا۔ .You have to observe the rules اور اس میں وزراء صاحبان بھی شامل ہیں۔ جی، اعجاز شفیع صاحب!

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! میں نے جو گزارشات کی ہیں ان کی وجہ سے ہم نے Cut Motion دی ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ محکمہ irrigation کے لئے مختص شُدہ رقم کو reduce کر کے ایک روپیہ کر دی جائے کیونکہ محکمہ صرف اللّے تلّلے کاموں پر رقم خرچ کر رہا ہے۔ اس محکمہ کے لئے مختص شُدہ funds میں سے اربوں روپے ملازمین کی تنخواہوں، گاڑیوں اور گھروں کے اخراجات پر خرچ ہو رہے ہیں۔ جب انہوں نے صوبے کے لئے اور کاشتکاروں کے لئے کوئی کام نہیں کرنا تو پھر ان کو یہ رقم کیوں دی جائے؟ ہمارا سارا پانی جا کر سمندر میں گر جاتا ہے، ضائع ہو جاتا ہے اور یہ اس صوبے میں dams نہیں بنا رہے۔

**جناب سپیکر:** اب سردار محمد علی خان صاحب بات کریں گے۔ جی، سردار صاحب!

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں اور بات کرتے ہوئے قطعاً repetition نہیں کروں گا۔ میں بارانی علاقے سے تعلق رکھتا ہوں۔ پنجاب کے تقریباً 13 یا 14 اضلاع بارانی علاقے پر مشتمل ہیں۔ ہمیں پانی کی اہمیت اور ضرورت کا seriously اندازہ ہے۔ پاکستان ان چند ممالک میں شامل

ہے کہ جن کو seriously shortage of water کا سامنا ہے۔زراعت اور پانی لازم و ملزوم ہیں۔بد قسمتی سے گزشتہ چار دہائیوں سے اس صوبے میں کوئی نیا ڈیم نہیں بنایا گیا۔صرف چکوال میں "دھرابی" ڈیم کے نام سے ایک ڈیم بنا تھا۔اس کے بعد سے تین چار دہائیوں سے اس صوبے میں کوئی ڈیم نہیں بنایا گیا یعنی پچھلی تین چار دہائیوں سے اس صوبے میں water storage کے بارے میں سنجیدگی سے کچھ نہیں سوچا گیا۔ضلع اٹک اور چکوال میں دو تین جگہوں پر surveys ہوئے ہیں اور میں ذاتی طور displacement کا victim ہوں۔اگر displacement seriously in larger interest میں ہو کہ جہاں پر چیزیں زندگی اور موت کے level پر چلی جائیں تو پھر displacement بھی قابل قبول ہو جاتی ہے۔ہمارے علاقے میں چند سال پہلے اکھوڑی ڈیم کے لئے ایک سروے ہوا تھا۔اس میں میرے علاقے کے چار، پانچ یا دس گاؤں displace ہو سکتے ہیں لیکن وہ reservoir اتنا بڑا ہے کہ اس میں 7.4 بلین کیوبک میٹر water storage capacity ہو سکتی ہے اور اس سے 600 میگا واٹ بجلی generate ہو سکتی ہے۔میں معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ مجھے اس بجٹ میں کوئی اس قسم کی serious policy نظر نہیں آئی۔جب ہم چھوٹے چھوٹے ہوتے تھے اور جی۔ٹی روڈ سے گزرتے تھے تو ہمیں پانچ دریا بہتے ہوئے نظر آتے تھے۔اب آپ ان دریاؤں کی حالت دیکھ لیں کہ وہاں پر بھینسیں، گائیں، گھوڑے اور دوسرے جانور چرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔اس معاملے کو seriously take up کیا جائے اور water reservoirs کے بارے میں کوئی نہ کوئی پالیسی لائی جائے تاکہ پاکستان اور خصوصاً صوبہ پنجاب لہلہاتا رہے اور یہ بنجر ہونے کی طرف نہ جائے۔بہت مہربانی

**جناب سپیکر:** اب وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ بات کریں گے۔

**وزیر آبپاشی (جناب محمد کاظم پیرزادہ):** جناب سپیکر! انہوں نے فرمایا ہے کہ اس رقم کو کم کر کے ایک روپیہ کر دی جائے۔اس محکمہ کے ملازمین کی تنخواہوں اور دوسرے مختلف معاملات کو چلانے کے لئے ایک روپیہ بھی نہ دیا جائے۔ہمارا نہری نظام یک سو سال پرانا ہے۔اس کی جو total value ہے وہ 5500/- ارب روپے سے زیادہ ہے اور اس کی maintenance کے لئے international standards 2٪ recommend کرتے ہیں۔کل 26۔ارب روپے محکمہ اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو دیئے گئے ہیں جس میں تنخواہیں اور دوسرے اخراجات بھی شامل ہیں۔جہاں تعلق اس بات کا ہے کہ

ہم water courses کو ٹھیک نہیں کر رہے تو water courses محکمہ اریگیشن کا subject نہیں ہے۔یہ agriculture subject کا ہے۔ہم نے outlet تک پانی دینا ہے۔یہ ٹھیک ہے کہ electricity generate کرنی چاہئے۔ہم نے ایک electricity plant لگایا ہے لیکن اس نہر کے جو riparian's ہیں وہ اس electricity plant کی وجہ سے affect ہوئے ہیں۔اس نہر کا flow اس سے affect ہوا ہے۔ان چیزوں کو improve کر کے بالکل electricity produce کرنی چاہئے۔ ایک معزز رکن نے فرمایا ہے جو نئی کالونیاں بنی ہیں اور جو urbanization ہوئی ہے اس کی وجہ سے پانی کی کمی واقع ہوئی ہے۔یہ جو نہری نظام ہے یہ 69 percent of the land designed ہے، یہ 35 فیصد کو خریف میں cater کرتا ہے اور 34 فیصد کو ربیع میں cater کرتا ہے۔ اس وقت ہم 150 فیصد کو پانی سپلائی کر رہے ہیں۔رحیم یار خان سے ہمارے معزز ممبر جو فرمار ہے وہ ہمیں flood channel کے اوپر complaint کر رہے ہیں اور یہ for the first time ہے اور ہم وہاں پر کئی محکمے اس کو monitor کر رہے ہیں۔یہ in previous recent years, historic ہے جتنا پانی ہم اس دفعہ ان flood channels کو دے رہے ہیں۔جہاں تک انہوں نے فرمایا کہ ڈیم نہیں بنا رہے بڑے ڈیم بالکل بننے چاہئیں ڈیم اس ملک کی ضرورت ہے اور ہم نے کالا باغ ڈیم نہ بنا کر ایک مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ اس وقت کی ضرورت ہے اور اس کے اوپر کوئی دو رائے نہیں ہیں لیکن یہ federal subject ہے کیونکہ ڈیم کے اوپر پانی ہے اُس کے اوپر water کے جو shares ہیں وہ among the provinces ہیں اس لئے یہ federal subject ہے اس کو واپڈا take up کرتا ہے۔جہاں تک یہ کہہ رہے ہیں کہ محکمہ آبپاشی کرپٹ ہے بد قسمتی سے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمارے معاشرے میں جو deterioration ہے اُس میں بالکل کرپشن اس معاشرے کے اندر ہے، محکمہ آبپاشی میں بھی ہو گی اور ہے لیکن اس میں having said that یہ آج سے سو سال پرانا نظام ہے میں آج آبپاشی کا وزیر ہوں، مجھ سے پہلے کوئی اور تھا، میرے بعد کوئی اور ہو گا لیکن ہمیں اس بات پر محکمہ آبپاشی کو شاباش دینی چاہئے کہ ایک سو سال پرانا نظام designed capacity سے double of the capacity پر اور بغیر international standards کے اوپر اور اُنہیں جو required funds ہیں پھر بھی وہ چلا رہے ہیں تو اس کے اوپر وہ شاباش کے بھی مستحق ہیں تو میری درخواست یہ ہے کہ ان کی یہ جو small dams والی demand ہے اگر کہیں تو ہم اس کو بھی اگلی

demand میں کہیں گے تو کر لیں گے کیونکہ ہاؤس کا وقت قیمتی ہے۔میں اس میں یہ کہوں گا کہ ان کی کاشتکار کُش خواہشات ہیں اُنہیں بالائے طاق رکھتے ہوئے اس Cut Motion کو مسترد کیا جائے اور demand کو قبول کیا جائے۔ شکریہ

**جناب سپیکر:** جی، بہت شکریہ۔

Now the question is:

> "That the total of **Rs.36,010,949,000/** on account of Demand No.PC-21009 Irrigation and Land Reclamation be reduced to **Re.1/**."

(The motion was lost.)

**MR SPEAKR:** Now, the question is:

> "That a sum not exceeding **Rs.36,010,949,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Irrigation and Land Reclamation**."

(The motion was carried)

(The Demand No. PC-21009 was approved)

## DEMAND No. PC-21013

**MR SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No. PC-21013.

**MINISTER FOR FINANCE & PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja ur Rahman):** Mr Speaker! I move:

> "That a sum not exceeding **Rs.187,365,147,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Police**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That a sum not exceeding **Rs.187,365,147,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Police**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr. Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal, Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood, Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid, Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar,

Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer, Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar, Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**(اذانِ عصر)**

**جناب سپیکر:** جناب محمد اسمٰعیل سیلا!

**جناب محمد اسمٰعیل:** جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایک کھرب 87۔ارب 36 کروڑ 51 لاکھ 47 ہزار روپے کی کل رقم بسلسلہ مطالبہ زر نمبر 21013 "پولیس" کو کم کرکے ایک روپیہ کر دیا جائے۔

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the total of **Rs.187,365,147,000/** on account of Demand No.PC-21013 Provincial Excise be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR FINANCE & PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja ur Rahman):** Mr. Speaker! I oppose.

**جناب سپیکر:** Any of the mover may make a statement.جی، سیلا صاحب!

**جناب محمد اسمٰعیل:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ صلی علی رسول کریم۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ جناب سپیکر! میں پولیس کے بارے میں یہ بات اس لئے کر رہا ہوں کہ آپ ہمیشہ پولیس کو oblige کرتے ہیں مگر آپ نے کبھی اس کا نوٹس نہیں لیا۔ ابھی دو ماہ پہلے پولیس کو163۔ ارب روپے کا بجٹ دیا گیا وہ اس بات کا انعام تھا کہ انہوں نے پاکستان تحریک انصاف والوں کو اپنی مرضی سے گرفتار کیا اور اپنی مرضی سے ہم پر مقدمے بنائے۔ ہم 9۔ مئی سے لے کر 21۔ جون تک اسی بات کی سزا بھگت رہے ہیں کہ آپ پولیس کو اتنا نوازتے ہیں کہ وہ چاہتے ہیں کہ ہماری کوئی بات آپ تک یا عوام تک نہ پہنچ سکے۔ ہمارا اگلا دبایا جا رہا ہے اور آپ پولیس کو oblige کر رہے ہیں۔ کبھی آپ نے دیکھا ہے کہ اس پولیس کی کارکردگی کیا ہے؟ پولیس نے کون سے کارنامے کئے ہیں؟ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میرا تعلق فیصل آباد سے ہے اور میں آپ کو پولیس کے بارے میں یہ کہوں گا کہ جس شہر میں روز چالیس سے پچاس وارداتیں ہوں اُس میں سے کسی ایک واردات کی بھی کبھی برآمدگی نہیں ہوئی۔ کسی کی گاڑی گم ہو گئی وہ نہ ملی، کسی کا موبائل چھین لیا گیا وہ نہ ملا، کسی کی موٹر سائیکل چوری ہو گئی وہ نہ ملی تو کیا یہ انہیں اس بات کا انعام دیا جاتا ہے؟ اگر کبھی کوئی پولیس کے بارے میں جا کر application دے کہ میری FIR درج کریں لوگ وہاں پر آٹھ آٹھ دن انتظار کرتے ہیں کہ کوئی ہماری FIR نہیں لیتا۔ آپ نوٹ کریں کہ آپ پولیس کو من مرضی کا الاؤنس اور من مرضی کے فنڈز دے رہے ہیں وہ صرف اور صرف ہم لوگوں پر ہی استعمال ہوں گے، ان سے پاکستان تحریک انصاف والوں کا ہی گلا گھونٹا جائے گا، ہم پر ہی جھوٹے مقدمے ہوں گے تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ پولیس کو سوچ سمجھ کر بجٹ دیں۔ یہ بجٹ اس لئے دیا جاتا ہے کہ کسی بھی ادارے کی کارکردگی بہتر ہو۔ اس ادارے کی کیا کارکردگی ہے؟ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ پورے پنجاب میں دیکھ لیں اگر کوئی واردات ہوئی ہے تو وقتی طور پر تو سنی جائے گی مگر اس کا output زیرو ہوتا ہے اس لئے کہ ان کو پتا ہے کہ ہمارے اوپر ہمارے سرپرستوں کا ہاتھ ہے۔ یہ تمام بجٹ جو اس محکمہ کو دیا جاتا ہے لیکن اس محکمہ کی کارکردگی زیرو ہے۔ میری آپ سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ اس کی رقم کم کر کے 10 روپے کیا جائے کیونکہ یہ قوم کے ساتھ بد دیانتی ہے اور زیادتی ہے۔ بہت شکریہ۔

**جناب سپیکر:** جی، شکریہ۔ جناب شیخ امتیاز!

**جناب امتیاز محمود:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وو ایاک نستعین۔ جناب سپیکر! 187۔ ارب روپے کا بجٹ پولیس ڈیپارٹمنٹ کے لئے رکھا گیا ہے۔ میں جب اس کی تفصیل میں گیا تو 56 کروڑ روپے وی آئی پیز کی سکیورٹی یعنی یہ وی آئی پیز کی سکیورٹی جب میں کہوں گا تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ ان کی تنخواہیں ہیں۔ تنخواہیں وہ کسی اور مد سے لیتے ہیں۔ آپ ان کو وی آئی پیز سکیورٹی میں کھانا، پانی اور دیگر ایسا خرچہ میں نے دیکھا ہے۔ اسی کے ساتھ میں نے ایک اور چیز دیکھی کہ انویسٹی گیشن میں کیا رکھا گیا ہے کیونکہ میرے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا تھا جو کافی سال پرانا ہے کہ ایک بچے کو قتل کر کے اس کی بوٹیاں کر کے سمن آباد کی ڈونگی گراؤنڈ میں اس کی لاش کو ایک شاپر بیگ میں ڈال کر پھینکا گیا۔ اس کا والد ایک غریب آدمی تھا وہ چلتا پھرتا میرے پاس آیا اور کہا کہ پولیس والے میری بات نہیں سنتے۔ میں نے کہا کیا کہتے ہیں تو اس نے کہا کہ میں ان کے پاس گیا، مجھے جس پر شک تھا اور جس کا میں نے نام لکھوایا ہوا ہے۔ میں نے کہا کہ آؤ میرے ساتھ اس کے گھر چلتے ہیں اور اس کو پکڑ کر لاتے ہیں۔ انہوں نے مجھے کہا کہ پہلے گاڑی میں پٹرول ڈلواؤ یعنی ہمارے نظام کا یہ مرثیہ ہے کہ ایک طرف وی آئی پیز کی سکیورٹی کی مد میں 56 کروڑ روپیہ دیا جا رہا ہے اور دوسری طرف ایک غریب آدمی جب جاتا ہے کہ میرا ملزم پکڑو تو اس کو کہا جاتا ہے کہ پہلے اس گاڑی کے اندر پٹرول ڈلواؤ پھر تمہارے ساتھ ہم چلیں گے۔

(معزز اراکین پینے کے پانی کی بوتلیں لے کر ایوان میں داخل ہوئے)

**جناب سپیکر:** شیخ صاحب! میں آپ کو روک رہا ہوں۔

میں معزز اراکین سے درخواست کروں گا کہ ایوان میں پینے کا پانی نہیں لایا جا سکتا۔ اس مقصد کے لئے لابیز موجود ہیں۔ آئندہ کھانے پینے کی اشیاء ایوان میں نہ لائی جائیں۔ شکریہ

جی، شیخ صاحب!

**جناب امتیاز محمود:** جناب سپیکر! میں نے اس واقعے کو جب مد نظر رکھا تو میں نے کہا کہ ان کو کوئی نہ کوئی پیسا تو دیتے ہوں گے کہ انہوں نے ملزم کو پکڑنے جانا ہوتا ہے اور اگر مدعی آئے اور اس کو یہ کہتے ہیں کہ پٹرول ڈلوائیں پھر چلیں گے۔ میں نے آپ کی اس کتاب میں ڈھونڈنے کی

کوشش کی کہ انہوں نے اس مد میں بھی تو کوئی پیسا رکھا ہو گا۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ نہ رکھے ہوں۔ میں نے دیکھا کہ انویسٹی گیشن کے آگے تین ارب روپے لکھے ہوئے ہیں لیکن ساتھ جنرل ایڈمنسٹریشن بھی لکھا ہے یعنی جنرل ایڈمنسٹریشن میں انویسٹی گیشن کے لئے 3۔ارب روپے رکھے ہوئے ہیں لیکن یہ جو اخراجات ہیں ان کے لئے شاید کوئی پیسا نہیں رکھا گیا۔ اگر وی آئی پیز کو اتنا ہی شوق ہے کہ ان کے راستے میں پولیس ہاتھ باندھ کر کھڑی ہو تو وہ پھر 56 کروڑ روپے ان کو ڈال دیں۔ مدعی جب انویسٹی گیشن کے لئے ان کے پاس جاتے ہیں کہ ہمارا ملزم پکڑیں تو ان کو کہا جاتا ہے کہ گاڑی میں پٹرول ڈلواؤ۔ اگر کہیں پر چھاپہ مارنے جانا ہے تو وہ کہتے ہیں پہلے گاڑی میں پٹرول ڈلواؤ۔ میرا یہ پوائنٹ ہے کہ انویسٹی گیشن کے لئے جو علیٰحدہ رقم آتی ہے جو ان کے پٹرول کی مد میں آتی ہے یا انہوں نے کوئی ٹیلی فون یا کوئی اور کام کرنے ہوتے ہیں وہ چیز ہمیں اس بجٹ میں کہیں نہیں نظر آئی۔

جناب سپیکر! انہوں نے سیف سٹی اتھارٹی کے لئے 3۔ارب 80 کروڑ روپیہ رکھا ہے۔ اس میں ہوتا یہ ہے کہ جب ایف آئی آر درج ہوتی ہے، مجھے پولیس کے ایف آئی آر درج کرنے کے طریق کار پر بھی اعتراض ہے کہ جو بھی بندہ ساتھ جاتا ہے اسی کو گواہی میں ڈالا جاتا ہے کبھی جنرل پبلک کو گواہی میں نہیں ڈالا جاتا۔ اگر پولیس جھوٹی ایف آئی آر درج کرتی ہے جیسے ہمارے کئی ایم پی ایز کے خلاف درج ہوئی کہ ایم پی اے کلاشنکوف لہرا رہا تھا۔ میں نے کئی ایف آئی آرز پڑھی ہیں جو بندہ اس وقت موقع پر موجود بھی نہیں تھا اس کو بھی اٹھا کر لے گئے۔ اس کی وہاں عدم موجودگی کے باوجود اس کو پرچے میں ڈال لیا جاتا ہے۔ کیا سیف سٹی کیمرے کام کرتے ہیں اگر کام کرتے ہیں تو یہ پولیس کے خلاف کیوں استعمال نہیں ہوتے؟

جناب سپیکر! House in order کروا دیں۔ میں جن کو سنا رہا ہوں انہیں بھی ذرا الرٹ کر دیں۔

**جناب سپیکر:** Order in the House وزیر خزانہ آپ کی طرف متوجہ ہیں۔ شیخ صاحب! آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

**جناب امتیاز محمود:** جناب سپیکر! میں پہلے مبارکباد دیتا ہوں کہ آج پیسے ملنے ہیں تو وزراء آ گئے ہیں ورنہ یہاں وزراء دیکھنے کو نہیں ملتے سوائے میرے بھائی کے جو ہمیشہ نوجوانوں کو criticize کرتے ہیں کہ انہیں بجٹ پڑھنا نہیں آتا۔

**جناب سپیکر:** شیخ صاحب! آپ اپنے موضوع پر بات کریں۔ آپ اپنی کٹوتی کی تحریک پر بات کریں۔ میں نے وزیر خزانہ کو political statement دینے سے روکا ہے۔

**جناب امتیاز محمود:** جناب سپیکر! جی، بالکل ٹھیک ہے۔ یہ اچھی بات ہے۔ ہم بھی نہیں کریں گے۔ جناب سپیکر! انویسٹی گیشن کے نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے اور پولیس جو جھوٹی ایف آئی آر درج کرتی ہے اگر سیف سٹی کے لئے 3۔ ارب 80 کروڑ روپے رکھے ہوئے ہیں تو کم از کم یہ کیمرے چلا کر دیکھ لیا کریں کیونکہ وقوعہ چوک میں ہوتا ہے جہاں پر سیف سٹی کیمرہ لگا ہوتا ہے لیکن وہ کہتے ہیں کہ ایک بندہ آیا تھا اس نے کلاشنکوف چلا دی، ایک بندہ آیا اس نے نائن ایم ایم چلا دی، ایک بندہ آیا اس نے وردی پھاڑ دی اور ایک بندہ آیا اس نے شیشہ توڑ دیا تو سر ایف آئی آر کے متن کو approve کرنے کے لئے اس کی authenticity کے لئے یہ ویڈیو بھی ساتھ لگانی چاہئے کیونکہ اس میں ٹائم بھی لکھا ہوتا ہے اور گاڑیوں کا نمبر بھی لکھا ہوتا ہے۔ ہم سیف سٹی میں جو پیسا دے رہے ہیں اس کی ویڈیو ایف آئی آر کے ساتھ ضرور لگی ہونی چاہئے۔

جناب سپیکر! پولیس کے اندر ایک محکمہ اینٹی کرپشن کا بھی ہے جس کے لئے 2۔ ارب 72 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ مجھے دیکھ کر ہنسی آئی کہ آپ جس تھانے کے اندر بھی داخل ہوں اور آپ پیسا دیئے بغیر اس تھانے سے باہر نہیں نکل سکتے۔ تھانے میں محرر، گارڈ، ایس ایچ او، اے ایس آئی یا ایس آئی ساروں کے منہ کھلے ہوتے ہیں کہ ہمیں کوئی نہ کوئی پیسا دے جائے اور ہمیں کوئی نہ کوئی بھیک دے جائے۔ یہ اینٹی کرپشن کا محکمہ پولیس کے اندر ہے۔ اس کے لئے 2۔ ارب 72 کروڑ روپے رکھے ہوئے ہیں۔ میری یہ درخواست ہے کہ پولیس کے محکمہ کے اندر جو اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ ہے اس کو ختم کر دیا جائے اور 2۔ ارب 72 کروڑ روپے کو subsidize کر کے عوام پر لگایا جائے۔ آخر میں یہ پولیس والوں کے پاس ہی جانا ہے کیونکہ جب بھی وہ جائیں گے تو ان کو سو، دو سو، چار سو، ہزار یا دو ہزار دینا پڑے گا۔ پولیس کے اندر 2۔ ارب 72 کروڑ روپے

اینٹی کرپشن کے محکمہ کو دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ میرے خیال میں اس بات پر پورا ہاؤسagree کرے گا۔

جناب سپیکر! اچھا پولیس کی ٹریننگ کے لئے آپ نے 4۔ ارب 24 کروڑ روپے رکھا ہے۔ اب ہمیں یا تو یہ سمجھایا جائے کہ یہ پولیس کو ٹریننگ کہاں دی جاتی ہے کیا ٹریننگ دی جاتی ہے کیونکہ خالی بندوق چلانے کی ٹریننگ پر تو اتنے پیسے نہیں ہو سکتے ان کو کوئی اخلاقی ٹریننگ بھی دی جاتی ہو گی، ان کو رولز کی بھی ٹریننگ دی جاتی ہو گی، ان کو تھوڑا بہت کوئی آئین، قوانین بھی پڑھائے جاتے ہوں گے ضرور پڑھائے جاتے ہوں گے لیکن اب تو یہ ہو گیا ہے کہ جناب پہلے تو ایک بڑا ادارہ تھا وہی قانون کی خلاف ورزی اور انہی کا ہیprerogative تھا۔ اب میں سیاسی بات رہنے دیتا ہوں تو پولیس ٹریننگ کے لئے یہ جو آپ نے سوا چار ارب روپے رکھے ہیں۔ اس کو بھی reconsider کرنے کی ضرورت ہے یا تو آپ کوئی اس طرح کے انسٹیٹیوٹ کھولیں جہاں ان کی ٹریننگ کروائی جائے۔ آپ کسی طرح بھی مجھےjustify کر کے دکھا دیں کیا آپ کی پولیس، کیا ہمارا مذہب، کیا ہمارا اخلاق، کیا ہمارا دین یا ہماراspecial setup اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ آپ پولیس کے پاس جائیں اور وہاں پر وہ جس طرح کا سلوک کرتے ہیں، جس طرح کی وہ بد تمیزی کرتے ہیں، جس طرح کی وہ گالی گلوچ اور غلیظ حرکتیں کرتے ہیں کیا ہمارا کوئی بھیsect of مذہب اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ وہ گالی گلوچ کریں۔ ایک یہی چیز آپ ان کی ٹریننگ میں ان کی accountability کے لئے رکھ دیں۔

**جناب سپیکر:** آپ اپنی بات کو Wind up کریںplease۔

**جناب امتیاز محمود:** جناب سپیکر! جیلوں کے لئے 119۔ ارب روپے رکھے ہیں ہمیں تو پہلے پتا ہی نہیں تھا جیلوں کا لیکن جب سے یہ ایک جھوٹا واقعہ 9۔ مئی کا ہوا ہے اس وقت سے ہمیں پولیس کا بھی پتا چل گیا کہ وہ ہماری پولیس جو ہے وہ کس کردار کی مالک ہے اور ساتھ ساتھ جیلوں کا بھی پتا چل گیا۔

**جناب سپیکر:** جی، شیخ صاحب! آپ اپنی بات کو Wind up کریںplease۔

**جناب امتیاز محمود:** جناب سپیکر! یہ بہت ہیimportant point ہے۔ ہمارے آئین میں human rights بڑے خوبصورت لکھے ہوئے ہیں اور ہم دنیا میں charter of human rights کے

Signatory بھی ہیں لیکن آپ جیلوں میں جا کر حالات دیکھیں میں اپنے قیدی نمبر 804 کی نہیں بات کر رہا وہ تو جس طرح بھی آپ کہیں گے وہ ان شاءاللہ تعالیٰ وہاں سے سرخرو ہو کر نکلے گا اور سینہ تان کے نکلے گا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! لیکن میں یہ بات کر رہا ہوں ان غریب ان چھوٹے ورکروں کی جن کو اندر فلٹریشن پلانٹ کا پانی بھی دستیاب نہیں ہے۔ میں نے کہا میں نے تو کہیں پڑھا تھا کہ وہاں پر فلٹر لگے ہوئے ہیں وہ کہتے ہیں آپ آ کر دیکھیں اگر آپ کو ان فلٹر میں پوری میل نظر نہ آئے تو پھر بات کریں۔ آپ سے میں درخواست کروں گا اور منسٹر صاحب جو جیل خانہ جات ہیں ان سے درخواست کروں گا کہ جیلوں میں جائیں کم از کم وہ جو فلٹر ہے وہی تبدیل کروا دیں۔ 19۔ارب روپے آپ نے رکھا ہے تو کم از کم وہ فلٹر چینج کروا دیں۔ جو کھانا آتا ہے وہ بھی انسانی۔۔۔

**جناب سپیکر:** شیخ صاحب i have long list to take care of ! please thank you

جی، جناب کلیم اللہ!

**جناب کلیم اللہ خان:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ جناب سپیکر! میں حلقہ پی پی۔60 گوجرانوالہ کی غیور عوام کا نمائندہ ہوں اور اپنے لیڈر عمران خان کا سپاہی ہوں۔ آج یہ کٹ موشن میں محکمہ پولیس کو 187۔ارب روپے جو دیا جا رہا ہے۔ اس پر بات کرنا چاہوں گا اور اس محکمے کی کارکردگی میں ایک چھوٹا سا واقعہ بیان کرتے ہوئے آپ کے سامنے رکھوں گا۔ مجھے اس بات کا فخر ہے کہ میں ایک شہید SI نصر اللہ خان کا بیٹا ہوں اور یہ محکمہ اپنے شہداء کے جو ان کے ماتھے کے جھومر ہیں ان کی فیملیوں اور ان کے خاندان والوں کے ساتھ کیا رویّہ اختیار کرتے ہیں۔ یہ اپنے شہید کی قربانی بھول کر اس شہید کی عظمت کو سلام کرنے کی بجائے اس کے خاندان کی چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہیں۔ اس کے بچوں پر جھوٹے اور ناجائز پرچے دیتے ہیں یہ اپنے شہداء کی بات کرتے ہیں۔ جناب ایک سال ہو چکا ہے ہمیں شہداء کی حرمت پر بات کرتے ہوئے ہم نے اتنا بڑا اسکینڈل بنا کے عوام کے سامنے رکھا کہ جناب یہ دہشت گرد یہ شہداء کی عظمت کو ٹھیس پہنچاتے ہیں اور میں ان دہشت گردوں کو کیا کہوں جو ایک شہید کے گھر میں داخل ہو کر اس کے بیوی بچوں کو threat کرتے ہیں۔ یہ بڑی شرمندگی والی بات ہے ہم بھی اس لئے انہیں یہ فنڈ دیتے ہیں یہ ایک شہید کی بات کر رہا ہوں اور ایک

آدمی کے ساتھ ایک عام انسان کے ساتھ یہ کیا کرتے ہوں گے انہیں اپنے رؤیوں کو بدلنا چاہئے یہ عوام کا پیسالے کر عوام کے مال و جان کی تحفظ کے لئے یہ محکمہ قائم ہوا ہے یہ امن و امان دینے کے لئے یہ محکمہ بنایا گیا ہے یہ امن و امان تباہ کرنے کے لئے نہیں بنایا گیا۔ جناب وہ پنجابی میں کہتے ہیں نا جی:

نیچاں دی آشنائی کولوں فیض کسے نہ پایا
ککر تے انگور چڑھایا ہر گچھا زخمایا

**جناب سپیکر:** جی، آپ اپنی بات کو Wind up کریں please

**جناب کلیم اللہ خان:** جناب سپیکر! میں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس محکمے کو تو یہ ایک ارب 87 کروڑ روپے بہت کم ہے انہیں پنجاب کا 70 فیصد جو بجٹ ہے وہ دینا چاہئے کیونکہ یہ وہ کام کر رہے ہیں یہ بھی اپنے آپ کو ایک ریاست بنا رہے ہیں یہ کسی عوام کی خدمت کے لئے نہیں یہ محکمہ بنایا گیا اگر اسی طرح ریاست میں ریاستیں بنتی رہیں تو پھر ہم سیاست دانوں کا یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

**جناب سپیکر:** جی، کلیم صاحب بہت شکریہ۔

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! مجھے اس پر بات کرنی ہے۔

**جناب سپیکر:** آپ بات کرنا چاہ رہے ہیں۔ جی، please۔

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! یہ ایک بڑا ہی اہم محکمہ ہے پنجاب پولیس یا پاکستان کی پولیس اس کا بنیادی فرض ہے کہ لوگوں کو under the constitution protection provide کرنا مگر ان کی protection کی یہ حالت ہے کہ یہ اپنی protection کے لئے ان کو اپنے پرائیویٹ چار چار گارڈز رکھنے پڑتے ہیں سب سے پہلے important چیز جو ہے کسی بھی عہدے کے لئے کسی کام کے لئے اس کا Psychiatric ٹیسٹ ہونا چاہئے اس کا attitude دیکھنا چاہئے لوگ civil services میں جاتے ہیں امتحان دیتے ہیں MSC mathematics ہوتے ہیں تو وہ بھی پولیس سروس میں چلے جاتے ہیں۔ DVM ہوتے ہیں وہ پولیس سروس میں چلے جاتے ہیں۔ یہ بہت ہی ایک important چیز ہے۔ آپ بھی دیہات سے belong کرتے ہیں۔ جو ہمارے گاؤں کے جو تشدد پسند لوگ ہوتے ہیں ان کا شوق ہوتا ہے کہ وہ پولیس میں چلے جائیں اور یہ کب سے شروع ہوا

ہے یہ بتانا ضروری ہے کہ میں جب 1985 اور 1988 میں رکن پنجاب اسمبلی بنا تو میں نے اس اسمبلی میں سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ایک انسپکٹر کو دیکھا جو آج ایس پی بن چکے ہیں۔ جتنی دیر آپ اس پولیس کو depoliticize نہیں کریں گے یہ کام نہیں چلے گا۔ پولیس کو آپ نے صرف اس لئے بنایا ہوا ہے کہ to use against respectable opposition Members یا جو بھی ہے up رہے۔ آپ نے کوئی SHO دیکھا ہے جو سرکاری گاڑی میں پھرتا ہو How he is authorize to use to نیلی بتی اور وہ Toyota Corolla Grandee میں پھر رہا ہے اور میں تو شاید Alto میں پھرتا ہوں تو وہ کہاں سے afford کرتا ہے۔ living beyond means is the big offence اور کوئی پولیس والا میں نے نہیں دیکھا جو اپنے ذرائع کے اندر رہتا ہو، رہتے ہوں گے this is the sweeping statement

جناب سپیکر! جب یہ حکومت ختم ہوتی ہے ناں تو ان میں سے بیشتر نے کینیڈا، امریکا، ساؤتھ افریقہ یا جہاں ان کی investments ہیں وہاں چلے جانا ہے۔ ان کے پاس public residency ہے، یہ اپوزیشن میں جتنے بیٹھے ہیں ان میں سے کسی کے پاس نہیں ہے اور میرے پاس تو پاسپورٹ بھی نہیں ہے تو میں کہاں جا سکتا ہوں۔ یہ سب سے اہم چیز ہے کہ پولیس کا investigation system وہی ہے "اینہوں رسہ لا دیو، ایدے تے رُولا پھیر دیو، ایدے نیانیاں نوں چک لیاؤ اور ایدے ڈنگر پھڑ کے لے آؤ" why they have not developed any system to face the modern technology or modern system? کیوں کیا ہے۔ What is the respect for the honorable members? Do they listen to the calls of the peoples? No. آپ نے بھی دیکھا ہے۔ میں نے بھی یہ وزارت دیکھی ہے تو کسی کی جرات نہیں ہوتی تھی مگر اب beyond the opposition ہر روز کبھی ہمارے ڈیرے پر چھلانگیں لگا رہے ہوتے ہیں، کبھی ہمارے گھر کی باری ہوتی ہے تو اس لئے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرا گھر دو دفعہ robe ہوا as an MPA آپ کی وزیر اعلیٰ محترمہ بیٹھی تھیں۔ اس کے بعد خدا کی قسم کسی نے یہ بھی نہیں آکر پوچھا کہ تمہارے بچے کی شادی کی "بری" لے گئے ہیں، تمہارے chandeliers اتار کے لئے گئے ہیں اور تمہاری ٹونٹیاں تک لے گئے ہیں تو آپ اس پولیس سے توقع کرتے ہیں کہ اسے پیسے دینے ہیں؟ اس پولیس کو میرے حوالے کریں I put them to task that how to work it یہ اور بڑھی ہے۔

جناب سپیکر! آپ نے کہا کہ یہ human rights, what are human rights? فیصل آباد کا جب پہلے نام لائلپور ہوتا تھا تو اک بندے نے کہیا کہ یار ایہدا ناں فیصل آباد رکھ د تا نہ ایتھے شاہ فیصل آیا تے نہ کوئی واسطہ، میں کیہا پتر اسلام آباد اچ اسلام آیا سی" اوہدا ناں وی تے اسلام آباد اے۔ آپ کہتے ہیں کہ یہ ہاؤس کی چھت پر آیتیں لکھی ہیں اور ہم اللہ کے نام کے نیچے بیٹھے ہیں تو ہم سارے صاحب کردار لوگ ہیں۔ کیا یہ ہماری سزا ہے کہ ہم ایک جمہوریت کی بات کرتے ہیں؟ یہ جمہوریت کے لئے آلہ کار بنے ہوئے ہیں تو آپ اس پولیس کو پیسا دینا چاہتے ہیں جن کے ادھر ڈیفنس میں کرایوں کے گھر ہیں، ان کے پارٹی ہاؤسز ہیں اور ان کی شامیں و محفلیں رنگین ہوتی ہیں جبکہ قانون صرف غریب کے لئے ہے۔ میں نے وہاں بھی کہا کہ اگر امیر شراب پی لے تو کہتے ہیں کہ جی relax کر رہا ہے اور اگر غریب پیئے تو کہتے ہیں کہ غل غپاڑہ کر رہیا اے۔

**جناب سپیکر:** راناصاحب! کس جم خانہ میں کون غریب جا سکتا ہے؟

**جناب آفتاب احمد خان:** جی، سر؟

**جناب سپیکر:** راناصاحب! کسی جم خانہ میں کوئی غریب جا سکتا ہے؟

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! کہاں؟

**جناب سپیکر:** کسی جم خانہ میں کوئی غریب جا سکتا ہے؟

**جناب آفتاب احمد خان** جناب سپیکر! میں تو جم خانہ میں جا ہی نہیں سکتا اور اگر آپ لے کر جائیں تو میں۔۔۔

**جناب سپیکر:** جی، ٹھیک ہے۔

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! اگر کبھی گیا تو آپ کے ساتھ ہی "سُگار" لان لئی جاؤں گا۔

**جناب سپیکر:** جی، ٹھیک ہے۔ (قہقہہ)

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! میرے بھائی کلیم اللہ نے بات کی ہے تو قسم خدا کی میری آنکھوں میں اس وقت آنسو آ گئے کہ ایک شہید کا بچہ ہے لیکن ان کو یہ بھی نہیں شرم آئی کہ ایک بندے نے جس نے آپ کی خاطر جان دی ہے اور اس کے گھر کی یہ حالت کر دی ہے۔ خدا کی قسم

This is the respect to a Shaheed? یہ دربدر پھرتا ہے اور یہ گوجرانوالہ نہیں جا سکتا۔ فوج ہماری ہے اور ہم اس کی عزت کرتے ہیں کیونکہ ان کی قربانیاں ہیں۔ کیا جو ہمارے لوگ شہید ہوئے ہیں، ان کا کوئی کردار نہیں ہے؟ کیا ہمارے بزرگوں کا کوئی کردار نہیں ہے؟ We were much better in India جب ہمارے بزرگ انڈیا سے آئے، ہم تو یہاں کی جم پل ہیں تو وہاں وہ سب کچھ چھوڑ کر آئے اور آتے ہوئے آدھا خاندان شہید ہو گیا تھا۔ ہم نے شہادتیں قبول کی ہیں، ہم نے جیلیں قبول کی ہیں مگر آپ پولیس کو اتنے پیسے دے رہے ہیں تو اس کی reformation نہیں ہو سکتی۔ میں آپ کو سچ بتا رہا ہوں کہ پولیس والے میرے دوست بھی بڑے ہیں، پتا نہیں یہ جس دن وردی پہن لیتے ہیں تو اپنی اوقات بھول جاتے ہیں یا ان کے مزاج بدل جاتے ہیں۔ پھر ان کی شادیاں بھی اچھی جگہ ہو جاتی ہیں پھر ان کی posting بھی اچھی جگہ ہو جاتی ہے تو میری یہ گزارش ہے کہ ان کو پیسے دینے کی بجائے ان کو کہیں کہ یہ ہمیں پیسا دیا کریں کیونکہ یہ آپ کے بڑے "کماؤ پتر" ہیں۔

**جناب سپیکر:** جی، منسٹر صاحب! ان کا خیال ہے along with Rana Sahib all reasoning اور جتنے معزز اراکین نے بات کی کہ یہ پیسے کم کر کے ایک روپیہ کر دیں you want to say something for this

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! نئیں، بلکہ حکومت نوں اے پیسے دیا کرن۔

(اس مرحلے پر کئی معزز اراکین حزب اختلاف مطالبات زیر بحث کرنے کے لئے کھڑے ہو گئے)

**جناب سپیکر:** معزز ممبران سے گزارش ہے کہ تشریف رکھیں I have to continue with the proceedings میں نے آپ کی ساری requests entertain کر لی ہیں۔ جتنے نام آئے I have on different list معزز ممبران تشریف رکھیں۔ I have your name in the list I will give you the chance مجھے کام چلانے دیں کیونکہ وقت تھوڑا ہے اور رات ہو جائے گی اور ہمارے پاس وقت بڑا محدود ہے۔ جی، منسٹر صاحب!

**وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن):** جناب سپیکر! پنجاب پولیس صوبے میں امن و امان بر قرار رکھنے، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ حکومت پنجاب نے مالی سال 25-2024 کے لئے 187.365 ۔ارب روپے کی منظوری دی ہے جس میں بارڈر ملٹری پولیس ڈی جی خان، بلوچ لیوی ڈی جی خان، بلوچ لیوی راجن پور اور بارڈر ملٹری پولیس راجن پور کا بجٹ بھی شامل ہے۔ مزید بر آں 75 فیصد رقم تنخواہوں اور الاؤنسز سے متعلق ہے جبکہ 25 فیصد دیگر operational charges بشمول POL charges, utility اخراجات اور اثاثوں کی مرمت اور دیکھ بھال کے لئے طلب کی گئی ہے۔ پولیس گرانٹ PC-21013 کو 14 بڑے فنڈ مراکز میں تقسیم کیا گیا ہے جو پنجاب پولیس کے مختلف اہم unit and formations ہیں جن میں سنٹرل پولیس آفیسر، سنٹرل پولیس آفس، ریجنل پولیس آفسز، 36 اضلاع کے ضلعی پولیس آفیسرز، سپیشل برانچ، پنجاب ہائی وے پٹرول، پنجاب ٹریفک وارڈن سروس، سپیشل پروٹیکشن یونٹ، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ، ایلیٹ پولیس فورس، تربیتی ادارے، پنجاب کانسٹیبلری، پولیس ویلفیئر اور پنجاب سیف سٹی اتھارٹیز وغیرہ شامل ہیں۔ حکومت پنجاب پولیس کو سیاسی طور پر غیر جانبدار اور عوام دوست بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ پنجاب پولیس کے افسران اور اہلکاران دن رات سخت حالات میں ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں اور متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں لہٰذا ان کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جانا ضروری ہے۔ موجودہ حکومت پختہ ارادہ رکھتی ہے کہ پولیس میں عام لوگوں کی خدمت کے لئے اصلاحات لائی جائیں گی۔ اس ضمن میں حکومت تمام وسائل بشمول نقل و حمل، افرادی قوت، لاجسٹک اور ساز و سامان فراہم کرے گی تاکہ وہ قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو سر انجام دے سکے۔ پنجاب پولیس ڈیپارٹمنٹ معاشرے میں مجرموں اور جرائم سے لڑنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ سینکڑوں پولیس افسران اور جوانوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی کرتے ہوئے شہادت کا رتبہ حاصل کیا ہے۔ محکمہ پولیس نے شہریوں کو ٹریفک مینجمنٹ، غیر ملکیوں کی مؤثر حفاظت اور جرائم میں بڑی کمی کے حوالے سے بہتر خدمات فراہم کی ہیں۔ محکمہ پولیس کی اہمیت دنیا بھر کے تمام مہذب معاشروں میں تسلیم شدہ ہے۔ تمام جمہوری حکومتیں محکمہ پولیس میں اصلاح کرنا اور اسے مضبوط کرنا چاہیں گی اور موجودہ Cut Motion عوامی امن بر قرار رکھنے، سکیورٹی فراہم کرنے اور انصاف کی فراہمی کے لئے نقصان دہ ہے لہٰذا مسترد کی جائے۔

**جناب محمد سرفراز ڈوگر:** جناب سپیکر! میں نے بھی بات کرنی ہے۔

**جناب سپیکر:** ڈوگر صاحب! ایسے نہیں ہوتا آپ بیٹھیں میں آپ کو floor دیتا ہوں please ایک دفعہ آپ تشریف رکھیں۔ I have your name in the list آپ بیٹھیں ذرا۔ ایک دفعہ بیٹھیں you can't interrupt the proceeding of the budget

Now the question is

"That the total of **Rs.187,365,147,000/** on account of Demand No.PC-21013 Police be reduced to **Re.1/**."

(The motion was lost.)

**MR SPEAKER:** Now, the question is:

"That a sum not exceeding **Rs. 187,365,147,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Police**."

(The motion was carried)

(The Demand No. PC-21013 was approved)

**جناب محمد سرفراز ڈوگر:** جناب سپیکر! میں نے پولیس سے متعلق ہی بات کرنی ہے۔

**جناب سپیکر:** ڈوگر صاحب! آپ کا نام میرے پاس آیا ہے when I will allow you on the next آپ بجٹ کی proceeding میں نہیں بول سکتے اس لئے آپ تشریف رکھیں۔ آپ کی طرف سے میرے پاس جو additionally نام بعد میں آئے ہیں ان کو I will entertain accordingly میں آپ کو موقع بنادوں گا۔ You will get the time to speak

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! I am on point of clarification

**جناب سپیکر:** جی، فرمائیں!

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! جس ممبر نے پولیس پر بات کرنی ہے وہ زراعت پر کیا بات کرے گا؟

**جناب سپیکر:** نہیں، نہیں، رانا صاحب! ان کے نام زراعت پر بھی تو ہیں ناں۔ I have already allow 9 people to speak on it and you had an agreement with me

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! نہیں۔

**جناب سپیکر:** رانا صاحب! میری بات تو سنیں ناں۔ آپ کی پانچ Cut Motions کو میں نے سات Cut Motions کیا اور میں نے "گلوٹین" 2Cut Motions کے اوپر سے اتاری اور دو لوگوں کے بولنے کی بجائے میں سات، سات لوگوں کو بولنے کا موقع دے رہا ہوں۔ Still you are not happy then the roof has to fall on them. یہ میرے پاس لسٹ ہے، آپ چھوڑیں آپ اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں this is your day and Sardar Sahib! I will give you the chance on different motions.

## DEMAND NO. PC-21015

**MR SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No. PC-21015.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shura Ur Rehman):** Mr Speaker! I move:

> "That a sum not exceeding **Rs.119,867,618,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Education**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That a sum not exceeding **Rs.119,867,618,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure

other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024–2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Education**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal, Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood, Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid, Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar, Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer,

Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar, Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**SARDAR MUHAMMAD ALI KHAN:** Mr Speaker! I move:

"That the total of **Rs.119,867,618,000/** on account of Demand No.PC-21015 Education be reduced to **Re.1/**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the total of **Rs.119,867,618,000/** on account of Demand No.PC-21015 Education be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I oppose.

**جناب سپیکر:** جی، سردار صاحب!

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! شکریہ۔ چونکہ یہ ایجوکیشن کے حوالے سے بات ہو رہی ہے۔ اس تعلیم کی اہمیت کا اندازہ آپ مذہبی حوالے سے لیں تو قرآن کی جو پہلی آیت اتری تھی وہ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ تھی۔ جب میرے رب نے اپنے محبوب کو کہا تھا کہ: "پڑھو اپنے رب کا نام لے کر"

(اس مرحلہ پر جناب ڈپٹی سپیکر کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، سردار صاحب! بات جاری رکھیں۔

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! ایک طرف فیڈرل لیول پر وزیراعظم پاکستان تعلیمی ایمرجنسی کے نفاذ کا اعلان کرتے ہیں جو وزیراعلیٰ پنجاب کے چچا ہیں۔ تعلیم بڑا اہم شعبہ ہے مگر بدنصیبی سے جتنا تعلیم کو focus کیا جانا چاہئے اتنا ہی تہذیب پر بھی focus کیا جانا چاہئے۔ پچھلے دو چار اجلاس میں جو بدتمیزی کا ماحول پیدا کیا جا رہا ہے اس پر بھی میری ذاتی طور پر درخواست ہے کہ ایک ایسا ادارہ بنایا جائے جس میں اخلاقیات، تمیز، اقتدار اور رواداری کو بھی promote کیا جائے۔ (شور وغل)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** پلیز، خاموشی اختیار کریں اور اس طرح نہ کریں۔

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! حالت ان کی یہ ہے کہ ابھی سپیکر صاحب ٹریژری بنچوں کو پارلیمانی روایات کا بتا رہے تھے۔ ان کی پارلیمانی روایت کی یہ حالت ہے اور ان ممبران کی seriousness دیکھیں کہ یہ دو، دو اور تین، تین دفعہ اس پارلیمان میں آئے ہیں۔ یہ بیبیاں اور یہ ایم پی ایز ابھی کھابے کھا رہے تھے۔۔۔

(اس مرحلے پر معزز اراکین حزب اقتدار کی جانب سے شدید شور وغل شروع ہوا)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** احسن صاحب! تشریف رکھیں اور ایسا نہ کریں، ہاؤس کے تقدس کا خیال کریں۔ ایک معزز ممبر بات کر رہے ہیں تو ان کی بات سنیں اور تشریف رکھیں۔ جی، سردار صاحب!

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! میری گزارش ہے کہ جب یہاں بجٹ پیش ہوا تھا اور اس کے بعد جب debate شروع ہوئی تھی تو غالباً اِن کے پہلے دو چار سپیکرز میں سے شوکت بھٹی صاحب تھے اور انہوں نے بڑی irrelevant گفتگو کی۔ انہوں نے یہ موبائل اٹھا کر مجھے کہا کہ "جناب! اس میں بہت کچھ موجود ہے۔"

جناب سپیکر! میں اس طرف نہیں جانا چاہتا کیونکہ میری تربیت ایسی نہیں ہے اور میرے لیڈر نے بھی مجھے یہ نہیں سکھایا کہ میں character assassination کروں۔ اگر یہ اس طرح کی بات کریں گے تو پھر میں وہ بات کروں گا کہ اِن کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل جائے گی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سردار صاحب! آپ ایجوکیشن پر بات کریں۔

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! یہ تعلیم ہے اور میں ان کو تعلیم دے رہا ہوں کہ یہ تمیز سیکھیں۔

(شور وغل)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** پلیز خاموشی اختیار کریں۔Order in the House جی، سردار صاحب!

**سردار محمد علی خان:** جناب سپیکر! بات ہوتی ہے priorities کی۔ وزیراعظم پاکستان تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کر رہے ہیں اور بھتیجی صاحبہ تعلیم کو ٹھیکے پر دے رہی ہیں۔ سیکنڈری سکولز سٹوڈنٹس یعنی پہلی سے لے کر دسویں جماعت تک سکول جانے والے بچوں کی تعداد 40 لاکھ ہے۔

اس میں نہ ہائر سیکنڈری ہے، نہ کالجز ہیں اور نہ یونیورسٹیاں ہیں۔ بد نصیبی یہ ہے کہ اس صوبے میں ایک کروڑ 50 لاکھ سے لے کر ایک کروڑ 60 لاکھ بچہ تعلیم کے زیور سے محروم ہے۔ یہ بچے تعلیم حاصل نہیں کر پا رہے۔ یہ ملا جلا کر کوئی 2 کروڑ کی تعداد بن جاتی ہے اور general education میں جو بجٹ رکھا گیا ہے that is 451 billion آپ اس تعداد کے ساتھ اگر اس کو divide کر دیں تو یہ 20 ہزار روپے فی بچہ سالانہ ہے جو 40 روپے یومیہ بنتا ہے۔ اس 40 روپے کے ساتھ اب 2 کروڑ بچوں کو کیا دیں گے؟ اس میں کتابیں بھی نہیں ہیں، اس میں transportation بھی نہیں ہے، اس میں کچھ بھی شامل نہیں ہے۔ یہ یکساں نظام تعلیم کا نفاذ میرے لیڈر نے کیا تھا۔ اُس نے کہا تھا کہ اس ملک میں یکساں نظام تعلیم ہونی چاہئے۔ ایجوکیشن کے چار چار، پانچ پانچ tiers ہیں۔ پہلا tier ہے مدرسوں کا، دوسرا پبلک سکولز، پھر پرائیویٹ سکولز ہیں، اس کے بعد upper class کا تعلیمی نظام آتا ہے اور پھر elite class کا آتا ہے۔ پانچ پانچ tears ہیں۔ دنیا artificial intelligence کی طرف چلی گئی۔ globally تعلیم کو اتنی جدت کے ساتھ لوگوں کو inject کیا جا رہا ہے۔

جناب سپیکر! میرے حلقے میں ایک گاؤں قندھاری پور تحصیل حسن ابدال ہے جہاں پر بچیوں کا سکول ہے اس میں چار سو کی تعداد ہے پچھلے تین مہینوں سے اس سکول کی دیوار گری ہوئی ہے اور چادر اور چار دیواری کا سلسلہ ختم ہوا پڑا ہے تو میری صرف گزارش یہ ہے کہ کوئی تو ایسا عمل دکھائیں، یہ سارے گفتار کے غازی ہیں:

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

جناب سپیکر! آپ اس نظام کے لئے private schools کو regulate کریں، کالجز اور یونیورسٹیوں کو regulate کریں ان میں بیچارے غریب ضرورت مند بچوں کے لئے 3 سے 7 فیصد کوٹا مقرر کیا جائے اور private schools, colleges اور universities کو regulate کر کے ان کو ادھر مفت تعلیم دی جائے۔ موجودہ نظام deteriorate ہے اور تباہی کی طرف جا رہا ہے لہٰذا یہ سارا کچھ کرنے کے بعد ہم اس کو اس لئے oppose کرتے ہیں کہ آپ نے یہ جتنی رقم مختص کی ہے یہ ان کے اللوں اور تللوں پر جائے گی۔ اس کو بالکل ایک روپے پر واپس

reverse کیا جائے اور اگر یہ تعلیمی نظام ان سے نہیں چل رہا تو کسی proper seriousness بندوں کو لایا جائے اور ان کے حوالے کیا جائے۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، سردار صاحب! بہت شکریہ۔ جی، چودھری محمد اعجاز شفیع!

**چودھری محمد اعجاز شفیع:** جناب سپیکر! جناب محمد ندیم قریشی پہلے بات کر لیں پھر میں بول لوں گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، جناب محمد ندیم قریشی صاحب! آپ بات کر لیں۔

**جناب محمد ندیم قریشی:** اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ 1 کھرب 20 کروڑ روپیہ محکمہ تعلیم کے لئے تھا اور اس ملک میں جس کی 65 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے اور حاکم وقت آتا ہے ان نوجوانوں کو زبانی تعلیم و تربیت دینا شروع کرتا ہے لیکن افسوس کا مقام یہ ہوتا ہے کہ جب حکومتوں میں بیٹھے لوگ اپنے نظام تعلیم کے حوالے سے اتنے غیر سنجیدہ ہوں کہ وہ سمجھیں کہ معاشرے کے باقی شعبوں کی طرح ہم اس شعبہ پر politics کریں۔ ہم اس شعبہ کو بھی اپنی ذات کو اجاگر کرنے کے لئے استعمال کریں ہم اس شعبہ کو بھی اپنے ذاتی دوستوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے استعمال کریں تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔ یہ وہ پنجاب جو 12 کروڑ آبادی کا صوبہ ہے جہاں صرف دو سال پہلے ایک شخص حکمران تھا آج پابند سلاسل ہے نام لیں گے تو میری آواز بھی آپ دبا دیں گے اور میڈیا کو بھی بات کرنے کی اجازت نہیں۔ وزیر موصوف موجود ہیں نوجوان ہیں اور پڑھے لکھے ہیں ان کے ہوتے ہوئے تعلیم پر اتنا بڑا ڈاکہ پڑ جائے اور ہم خاموشی سے یہاں خوش گپیاں کرتے رہیں وقت تو گزر جائے گا لیکن مورخ یہی لکھے گا کہ یہ قوم اس قابل ہی نہیں تھی کہ ان کو رہبر و منزل ملتی۔ آج سے صرف دو سال پہلے وہ پنجاب کا نظام تعلیم جہاں لوگ سکول چھوڑ کر اپنے بچوں کو بھوک کی وجہ سے لیبر کے کاموں پر لگوا رہے تھے وہ نظام تعلیم جہاں ہر شخص پرائیویٹ سیکٹر کی طرف دیکھ رہا تھا اسی دوران ایک شخص پاکستان کا وزیراعظم بنتا ہے اور پنجاب جیسے صوبے میں (SIS) School Information System متعارف کرایا جاتا ہے پنجاب میں PEPRIS یعنی Private Education Provider Registration and Information System متعارف کرایا جاتا ہے پنجاب جیسے صوبے میں Insaf Afternoon Schools متعارف کرائے جاتے ہیں وزیر موصوف اور ان کی پوری ٹیم آج بھی SIS سے فیض یاب ہو رہی ہے

وہ سکول ٹیچر، وہstudents اورstudents کے والدین جو اپنے بچوں کے ایڈمشن سے لے کر ان کی تعلیم کی تکمیل تک اور ایک استاد اپنے ٹیچنگ کے فرائض ادا کرنے کے بعد اپنی جاب، اپنی سیلری اور اپنےprivileges اور اپنی پنشنز کے لئے تڑپتا تھا ایک ایسا سسٹم متعارف کرایا گیا کہ ہر چیز کو one window کر دیا گیا۔ نتیجہ کیا ہوا؟

جناب سپیکر! میری آپ سے گزارش یہ ہے کہ آپ صرف تعلیم پر بات سن لیں، حضور! اگر تعلیم پر بھی بات نہیں سنیں گے تو پھر کیا فائدہ؟ میں وزیر تعلیم کو نہیں سنانا چاہتا کیونکہ وزیر تعلیم بڑے مصروف ہیں میں سپیکر صاحب کو سنانا چاہتا ہوں کیونکہ ان کو بھی تعلیم کی ضرورت ہے۔ سیکرٹری صاحب! میں گزارش کروں گا کہ ہم جو گفتگو کر رہے ہیں۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، قریشی صاحب! آپ بات کریں۔

**جناب محمد ندیم قریشی:** جناب سپیکر! اس پر ہم نے تھوڑاhomework کیا ہے یقین کریں کہ یہ غیر سنجیدگی والی بات نہیں ہے میرے دوستوں کو شاید غصہ آئے گا اور میں سنجیدہ بات کر رہا ہوں۔ آپ 2021 سے پچھلے دو سال کی پنجاب میں students کی enrollment دیکھیں تو 1 کروڑ 25 لاکھ بچہ سکولز میں جا رہا تھا آج ہم بار بار اپنے سیاسی، ذاتی، معاشی اور ملکی مسائل میں اپنے پڑوسی ملک انڈیا کی مثال دیتے ہیں کہ من موہن سنگھ کی پالیسی کو مودی نے continue کیا، Shining India کے اس concept کو لے کر چلا اور ہم لوگ جو ہمیشہ اپنے مخالف اور اپنے دشمن کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے ہمیں بھی مجبور کر دیا گیا کہ ہم ان کی پالیسیوں کو discuss کریں لیکن آج سیاست میں تعصب کی انتہا ہے وہ سسٹم جو پنجاب میں تعلیم کے نظام میں رائج کیا گیا تھا اس کو صرف ذاتی تعصب کی بنیاد پر پس پشت ڈال کر پنجاب کے پورے ایجوکیشنل سسٹم کو ٹھیکہ پر دیا جانے کا پروگرام بن رہا ہے 13500 سکولز، 1 کھرب 20 کروڑ روپے کا بجٹ اسی لئے رکھ رہے ہیں کہ یہ NGOs the Muslim Hands ، جہاں میرے موصوف وزیر ابھی لندن ان کے میزبان تھے یہ ان کو دے دیا جائے۔ اس سے پہلے بھی یہ پنجاب میں تجربہ ہو چکا ہے اور پنجاب میں 700 سے 800 سکولز شہباز شریف صاحب کے دور میں NGOs کو دیئے گئے۔ میں پورے ہاؤس کو دعوت دیتا ہوں کہ طیب اردگان کی بیگم کے نام سے

ایمن طیب اردگان ہائی سکول مظفر گڑھ جہاں 800 بچے طالب علم ہیں گورنمنٹ ان کو 15000 روپے فی طالب علم سبسڈی دے رہی ہے ہمارے بہت سارے اراکین اسمبلی سمجھتے ہیں کہ شاید اگر ہم ان چیزوں کو سنجیدگی سے پڑھ لیں گے تو گناہ ہو جائے گا۔ ہماری جو قیادتیں ہیں یہ ہماری طرح کے انسان ہیں یہ کوئی ہم سے زیادہ اشرف المخلوقات نہیں ہیں یہ کوئی ہم سے زیادہ سوچ اور فکر رکھنے والے لوگ نہیں ہیں ہماری ہی طرح کے لوگ ہیں اس ملک کا حادثاتی نظام سیاست ایسا ہے کہ جنہیں ہم مجبور ہو کر لیڈر تصور کرتے ہیں واللہ وہ ذہنی طور پر ایک عام آدمی سے بھی کم سوچتے ہیں ان میں صرف copy paste کرنے کی حیثیت ہے۔ 2024 میں اتنا بڑا ظلم کہ پنجاب کے 13 ہزار 500 سکولوں کو پرائمری سطح پر اور اس کے بعد ہر سیکنڈری سکول کو اور اس کے بعد کالجز لیول پر یہ سارا ایجوکیشن سسٹم پرائیویٹ کرنا چاہتے ہیں۔ دنیا تو اپنے نظام تعلیم سے بکھرے لوگوں کو اکٹھا کرتی ہے یہ اپنے نظام تعلیم کو بھی اسلام آباد ائرپورٹ کی طرح، لاہور ائرپورٹ کی طرح اور موٹرویز کی طرح گروی رکھنا چاہتے ہیں۔ کیا کوئی شخص اس بات کا جواب دے گا کہ اگر 1 کھرب 20 کروڑ روپے کے بجٹ سے آپ اپنے educational system ٹھیک نہیں کر سکتے، آپ میں اتنی capacity نہیں ہے کہ آپ اپنے اس استاد سے وہ کام لے لیں، اس استاد نے جس نے یہاں ڈاکٹر عبدالقدیر جیسے لوگ پیدا کئے اس استاد سے جس نے یہاں عمران خان جیسے لوگ پیدا کئے کسی شاعر نے انہیں کے لئے کہا تھا کہ:

رتوں پر بس نہ چلا ورنہ یہ جہاں والے
بہار بیچتے، نیلام رنگ و بُو کرتے

جناب سپیکر! آج ایجوکیشن کے میدان میں، پہلے تو آپ نے دانش سکول سسٹم دیا میں اس کو appreciate کرتا ہوں آپ نے دانش سکول سسٹم دیا، میں اس کو appreciate کرتا ہوں لیکن کیا آپ نے اپنے existing education system کو ٹھیک کرنے کے لئے کوئی ایک step لیا۔ آپ ہر وقت comfort zone میں رہنا چاہتے، آپ 1800 کنال کے گھر میں رہ کر یہ تصور بھی نہیں کر سکتے، گوجرانوالہ کے اُس ایم این اے نے نیشنل اسمبلی میں بالکل ٹھیک کہا کیا آپ نہیں چاہتے کہ ہمارے بچے اس گورنمنٹ سیکٹر سے پڑھیں اور آپ کے لیول پر آئیں، آپ ہمیشہ لوگوں کو غلام رکھنا چاہتے ہیں؟ میں نے پچھلی اسمبلی میں بھی پاکستان کے ٹاپ کے لیڈرز کو جو اِس سائیڈ پر

موجود تھے ایک شخص کو قائد حزب اختلاف سمجھ کے اُس کی غلامی کرتے دیکھا ہے۔ اب یہ تمام باصلاحیت لوگ ہیں، یہ ایک خاتون کے پیچھے صرف اس لئے لگے ہوئے ہیں یہ سمجھتے ہیں کہ شاید پاکستان کی راکھی صرف اللہ نے اُسی کے ہاتھ میں رکھی ہے ایسے قطعاً نہیں ہے۔

جناب سپیکر! میں آپ سے گزارش کرتا ہوں، اپنے اس سارے ہاؤس سے گزارش کرتا ہوں، ہاتھ باندھ کر گزارش کرتا ہوں، آپ اس ایجوکیشن سسٹم کو میرے کہنے پر پڑھیں۔ آپ شاید مجھ سے ناراض ہوں گے آپ سمجھیں گے شاید میں کوئی دانستہ point scoring کر رہا ہوں، یہاں رانا اقبال صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں دیگر لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں ہماری بیوروکریسی کے لوگ بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہی وہ لوگ تھے جنہوں نے 2021 میں 2022 میں 2023 میں پنجاب کے اسی ایجوکیشن سسٹم سے 1 کروڑ 25 لاکھ بچوں کو جو سکول سے باہر تھے سکولوں کا رخ دِکھایا تھا۔ آج یہ چاہتے ہیں کہ این جی اوز کے حوالے کر کے اور این جی اوز بھی کون سی؟ این جی اوز بھی London based NGO Muslim Hands اب یورپ کے لوگ آ کر ہمارے بچوں کو تعلیم دیں گے، یہ قائداعظم محمد علی جناحؒ کی تصویر جس نے یہ ملک بنایا تھا دو قومی نظریئے کے لئے، جس نے یہ ملک بنایا تھا انگریز سامراج اور ہندو سامراج سے جنگ لڑ کر کہ یہاں کا brain یہی کام کرے گا۔ آپ اپنی ساری چیزیں اُٹھا کر ان انگریزوں کو دے دیں، ساری چیزیں اُن کے غلاموں میں دے دیں، جنہوں نے 1857 سے لے کر 1947 تک ہمیں غلام رکھا۔

جناب سپیکر! ایجوکیشن کے میدان میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں مریم نواز صاحبہ اِن کی لیڈر ہیں، مجھے بھی اُن کی عزت ہے اگر میری یہ گفتگو اُن تک پہنچے گی اور وہ سنجیدگی سے اس topic کو دیکھیں گی وہ کبھی اِس کو منظور نہیں ہونے دیں گی۔ آج پنجاب کے 13 ہزار سکول این جی اوز کو دینے جا رہے ہیں کس کے پاس یہ اتھارٹی ہے، کون چیک کرے گا کہ وہ این جی او پاکستان کے بچے کو اپنی دھرتی کے ساتھ جڑے رہنے کا طریقہ سکھاتی ہے؟ چاہے وہ این جی او جس طرح سوشل میڈیا کی یلغار نے ہمارے گھروں میں بچوں کے منہ سے دھنے واد اور نمسکار کے لفظ سنوانے شروع کر دیئے ہیں، کون ہے جو اپنے اسلاف کے ساتھ جوڑے رکھے گا؟ آج آپ نظام تعلیم کے ساتھ یہ ظلم کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر! میں التجا کروں گا، میری گزارش ہوگی، میری درخواست ہوگی، میں بنتی کروں گا، میری شبھ کامنائیں ان کے لئے، میں آپ سب کو سلام پیش کرتا ہوں لیکن اس بجٹ میں پرائیویٹ سیکٹر کو دینے والے اُن سکول والے شخص کو میں نمسکار پیش کرتا ہوں، حضور پنجاب کے بچے کے ساتھ یہ ظلم نہ کریں۔پنجاب نے بڑے بڑےtalentedلوگ پیدا کئے ہیں۔آپ ایجوکیشن کو ٹھیکے پر دے رہے ہیں۔آپ نے پاکستان کا40 سال میں بُرا حال کر دیا ہے۔آپ نے سیاستدان سے لے کے بیوروکریٹ تک کو ایک کام پر لگادیا، پیسے وٹو ایتھوں پھوٹو۔

جناب سپیکر! اگر آج ہم نے اس کو نہ رُوکا اور میری آج کی گفتگو کا مخاطب میرے treasury benches کے دوست ہیں۔اس کوpend کرلیں، کل جا کر سب دوست ایک بار دل پر ہاتھ رکھ کر، اللہ کو حاضر ناظر جان کر اِس کو پڑھیں اگر آپ میرا ساتھ نہیں دیں گے میں آپ سے معافی مانگوں گا بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** قریشی صاحب شکریہ۔جی، محترمہ نادیہ کھر!

**محترمہ نادیہ کھر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ایاک نعبد وایاک نستعین۔اے اللہ میں تیری عبادت کرتی ہوں اور تجھ ہی سے مدد مانگتی ہوں۔

جناب سپیکر! کل میں نے ایجوکیشن پر بات کی تو میری بات رہ گئی تھی میں وہیں سے اپنی بات کوcontinue کروں گی۔میرا سوال ہے24-2023 میں جو بجٹ رکھا گیا44۔ارب4 کروڑ روپے جو اس سال25-2024 کا بجٹ42۔ارب50 کروڑ مجھے یہfigures پڑھ کے ہنسی آتی ہے اگر کوئی دکاندار ہو اس کا گھر ہو یا کوئی کرائے دار ہو تو اس کا بھیpercentage بڑھتا ہے، ہمارے بچے سکولوں میں پڑھتے ہیں، ہمیں تو اس چیز کا احساس ہے شاید بجٹ بنانے والوں کو اس چیز کا احساس نہ ہو کیونکہ اُن کے بچے تو اے سی میں بیٹھ کے پڑھتے ہیں۔بڑے بڑے سکولوں میں، کالجز میں پڑھتے ہیں، اُن کی بھی ہر سال فیس بڑھائی جاتی ہے لیکن ہماری پنجاب حکومت کی کیا بات ہے کہ انہوں نے بجٹ بڑھانے کی بجائے4.5 percentage budget کو کم کیا ہے۔

جناب سپیکر! Chapter No 6 میں ہمارے وزیر خزانہ فرماتے ہیں کہ ہماری سی ایم صاحبہ نے ایک ارب روپے کا School Meal Program رکھا ہے اگر آپ سیریل نمبر 10 پڑھیں گے تو توجہ فرمائیں گے 50 کروڑ ایک سال کا ہے 50 کروڑ دوسرے سال کا ہے آپ بتائیں 32 ہزار 354 پرائمری سکول 7220 مڈل سکول تقریباً یہ 20 روپے بنتے ہیں، آپ بتایئے 20 روپے سے کس کو بیو قوف بنا رہے ہیں۔ یہ سیدھا سیدھا اپنے بجٹ میں لکھ دیں 20 rupees for meal program.

جناب سپیکر! میں نے کل آپ سے عرض کی، آپ سے گزارش کی میں personally آپ کو اپنے حلقے میں invite کر رہی ہوں، آپ میرے حلقے میں آئیں تو شاید آپ کو اس چیز کا احساس ہو کہ یہاں پر جو لوگ ساڑھے پانچ لاکھ لوگوں کی اگر نمائندگی کرتے ہیں اُن کا حلقہ اُن سے بڑی توقع رکھتا ہے ہمارا حلقہ ہم سے پوچھتا ہے کہ ہم نے آپ کو ووٹ دیا، آپ ہمارے حق کے لئے کتنا بولتے ہیں۔ ہمارے بچوں کے سکولوں میں پڑھنے کے حالات یہ ہیں میں نے کل بھی عرض کی تھی وہاں پر کوئی جماعتیں نہیں ہیں، تین تین دو دو جماعتیں ایک سو دو سو سے زیادہ ایک کلاس میں بچے ہیں۔ آپ کی گورنمنٹ نے یہ فرمایا ہے کہ وہاں پر جو dangerous buildings ہیں آپ بچوں کو اُن dangerous buildings میں نہ پڑھائیں۔ بے شک ٹینٹ لگا کے باہر بٹھا دیں۔ ہماری پنجاب حکومت کے یہ حالات ہیں کہ اب ہمارا بچہ باہر ٹینٹ لگا کر پڑھے گا، گرمی میں زمین پر کیڑے مکوڑے اُن کے آس پاس ہوں گے، یہ ہمارے بچوں کی بنیاد ہو گی، ان ہمارے بچوں کا بہت اچھا مستقبل ہو گا، یہ ہماری پنجاب حکومت ہمیں سکھا رہی ہے۔ جو میری بات آج کہنا بہت ضروری ہے کہ 13 ہزار 5 سو سکولوں کو پیف کے حوالے کر رہے ہیں۔ میں آپ سے گزارش کروں گی، میں نے تمام پنجاب کے سکولوں کی رپورٹ تیار کی ہے جو انہوں نے پیف کے حوالے کئے ہیں میں آپ کو personally handover کرنا چاہوں گی انہوں نے اُس کے لئے ایک ارب 20 کروڑ روپے دیئے ہیں۔

جناب سپیکر! اگر پرائمری سکول کے بچوں کی تعداد 200 سے 300 ہے گورنمنٹ 500 سے 600 روپے فی بچہ پیسے دیتی ہے۔ یہ کل ملا کر 1 لاکھ سے 20,30 ہزار روپے بنتا ہے اُس 1 لاکھ 20,30 ہزار میں اگر ایک پرائمری سکول ہے اُس میں چار پانچ جماعتیں تو ہوں گی، اس کے اندر آپ کو آیا کی بھی ضرورت ہے، ایک ٹیچر کی بھی ضرورت ہے پورے سکول کی ایک آیا

بول رہی ہوں، ساری جماعتوں کے لئے تو ہماری حکومت afford بھی نہیں کر سکتی۔ایک ٹیچر بھی ہو گی، ایک پورے سکول کا ہیڈ بھی ہو گا ایک چوکیدار بھی ہو گا، آیا بھی ہو گی۔مجھے اس بات کا افسوس ہوتا ہے کہ ایجوکیشن میں ہمارے لوگ ایم اے ہیں، ایم فل ہیں، پی ایچ ڈی کی ہوئی وہ جب سکولوں میں جاتے ہیں اُن کو جو نوکری دی جاتی ہے۔8سے 10 ہزار روپے عورتوں کو دیئے جاتے ہیں میں آپ کو original figures بتا رہی ہوں،12 سے 14 ہزار روپے مرد کو دیئے جاتے ہیں، میل ٹیچر کو دیئے جاتے ہیں۔آپ یہ بتائیں کسی اُستاد کی تنخواہ اگر10 سے 12 ہزار ہو گی وہ اُس سے اپنا فیول پورا کرے گا،وہ اُس سے اپنے گھر کا خرچہ پورا کرے گا،وہ اُس سے بچوں کو پڑھائے گا۔آپ یقین کریں سکولوں میں بے حسی پائی جارہی ہے، اُستاد اُستانیاں۔یہاں پر اتنی بے روزگاری ہے اگر نوکری نہیں ملتی تو وہ یہ10 سے 12 ہزار میں بھی خوشی سے نوکری کر لیتے ہیں۔

جناب سپیکر!میری آپ سے گزارش ہے کہ اس پیف کے سسٹم کو ختم کر کے آپ اس کو normal کریں تا کہ ہمارا بچہ ،ہمارا غریب بچہ یقین کریں تعلیم حاصل کر سکے، یہاں پر ویسے ہمارے ملک میں بڑی جہالت ہے۔میں نے already بہت بات کی ہے۔یہاں پر سیریل نمبر 12 کہتا ہے کہ 20 کروڑ روپے سے یہ سارے boundary walls , water, blocks, IT Labs, Classroom اتنا بڑا مذاق ہمارے ملک کے ساتھ نہ کریں، اتنا بڑا مذاق ہمارے بچوں کے ساتھ نہ کریں۔میری آپ سے گزارش ہے ہمارا بچہ ہمارا مستقبل ہے، یہ تعلیم ہمارا مستقبل ہے، پاکستان میں ہمیں ایجوکیشن کی ضرورت ہے ، میں اِدھر ایک اور بات عرض کرنا چاہوں گی۔ میرا suggestion ہے اگر مانا جائے تو ہمیں یہاں پر Food Program for Children introduce کرنے چاہئے۔میں یہاں ایک اور بات عرض کرنا چاہتی ہوں اگر میری بات مانی جائے تو میری یہ تجویز ہے کہ ہمیں بچوں کے لئے فوڈ پروگرامز متعارف کرانے چاہئیں، اس سے ہمارے بچوں کی enrolments and attendance بڑھے گی۔ انڈیا کی ریاست بہار اور مہاراشٹرا میں اسی لئے ترقی ہوئی کہ وہاں پر بچوں کے لئے فوڈ پروگرامز متعارف کرائے گئے تھے۔ ہمارے ہاں پہلے ہی بہت زیادہ غربت ہے لہٰذا ایسے پروگرام اور ایسی policies اپنے بجٹ میں لے کر آئیں جس کی ہمیں اور ہمارے ملک کو ضرورت ہے کیونکہ ہمارے بچے یہاں پر تعلیم نہیں حاصل کر پا رہے ،وومن سکلز پروگرام introduce کروانے چاہئیں تا کہ جو ہماری خواتین اور

بچیاں ہیں وہ لیبر فورس کے طور پر trainedہوں تاکہ وہ زندگی میں کامیاب ہو کر آگے بڑھ سکیں۔ میں بس یہی باتیں کرنا چاہتی تھی۔ بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، محترمہ! آپ کا بہت شکریہ۔ جی، منسٹر سکولز ایجوکیشن کیا آپ کچھ بات کرنا چاہ رہے ہیں؟

**وزیر سکولز ایجوکیشن (رانا سکندر حیات):** جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ سب سے پہلے تو جو Cut Motion پیش کی گئی تو یہاں سب میرے بھائی ہیں لیکن ان کی ایک پرانی عادت ہے کہ ان سے سوال A کرو تو جواب B دیتے ہیں تو اس میں انہوں نے یہ propose کیا ہے A minster to move that the sum not exceeding **Rs.119,867,618,000** to be granted to the Governor of Punjab to meet expenditure other than the charged to the Provincial Consolidation Fund for the Financial Year 2024-25 ending 30th day of June 2025 in respect of Education کہ یہاں میرے بھائی نے بہت اچھی تقریر کی کہ میرے حلقے میں سکولز کی دیواریں گری ہوئی ہیں اور چادر چار دیواری کا تقدس پامال ہو رہا ہے اور ساتھ ہی میں وہ Cut Motion بھی پڑھنے لگا ہوں کہ انہوں نے اس میں کیا فرمایا ہے کہ انہی سکولوں کے NSB کے فنڈز کاٹ دیں تاکہ وہ چار دیواری نہ بنا سکیں اگر یہ پڑھ لیتے کہ انہوں نے کیا Cut Motion دی ہے تو اب ان کو embarrassment کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ اس ہاؤس میں اس عمارت کے نیچے جھوٹ بولنا میں گناہ سمجھتا ہوں، انہوں نے بڑی خوبصورت باتیں کی ہیں کہ جو بچے سکولوں سے باہر ہیں اور ان کی تعداد 2 کروڑ تک پہنچ گئی ہے تو جب 2018 میں شہباز شریف صاحب یہ تعداد 70 لاکھ پر چھوڑ کر گئے تھے تو پھر آپ نے کون سا وسیم اکرم پلس پنجاب کو دیا تھا جس نے آج یہ تعداد 2 کروڑ تک پہنچا دی ہے۔ آج ان کو ٹیچرز کی تکریم کی بڑی فکر ہے لیکن انہوں نے پانچ سالوں میں ایک بھی ٹیچر بھرتی نہیں کیا۔ یہ نوجوانوں کے روزگار کی بات کرتے ہیں تو 14 ہزار AEO,s اور SSE,s اسی ایوان کے سامنے 10،10 مرتبہ احتجاجاً جمع ہوئے ہیں تو تب یہ اسمبلی ممبران کہاں تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے offices بند کر دیں، کیڈٹ کالج حسن ابدال بند کر

دیں، صادق پبلک سکول بہاولپور بند کر دیں، چلڈرن لائبریری کمپلیکس بند کر دیں، پنجاب کے بچوں کو فری کتابیں دینی بند کر دیں، یہ لکھا ہے کہ جو 16 اضلاع میں stipend دیا جاتا ہے وہ بھی بند کر دیں اور محترم نے یہ بھی لکھا کہ کیڈٹ کالج پسرور، اوکاڑہ اور میانوالی بند کر دیں، دانش سکولز بند کر دیں، دانش سکول ایک ادارہ جو اس ملک کے یتیم بچوں کو پڑھا رہا ہے اور انہوں نے ساتھ ہی تعریف کی کہ میں بڑا خوش ہوں کہ دانش سکول چل رہے ہیں تو کاش آپ یہ پڑھ لیتے کہ آپ نے وہ دانش سکول بند کرنے کی Cut Motion دی ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ ہمیں تعلیم سکھاتے ہیں میں آج اس ہاؤس کے سامنے پیپر پر resignation sign کر کے جاؤں گا اور یہ بھی sign کریں کہ کس نے SIS App بنائی اور کون afternoon school program لے کر آیا تو یہ پروگرامز وہی شہباز شریف لے کر آیا تھا۔

**جناب محمد ندیم قریشی:** جناب سپیکر! میں ان کا چیلنج قبول کرتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ندیم قریشی صاحب! اس طرح نہ کریں اب آپ تشریف رکھیں۔

**وزیر سکولز ایجوکیشن (رانا سکندر حیات):** جناب سپیکر ان سے کہیں کہ تشریف رکھیں میں ان کی بات کے دوران بولا نہیں لہٰذا آپ مجھے بات کرنے کا موقع دیں تاکہ میں آپ کو آئینہ دکھا سکوں۔ میری گزارش مکمل ہو لینے دیں انہوں نے کہا کہ ہماری لندن میں Muslim hand سے میٹنگ ہوئی جس کے نتیجے میں ہم 13 ہزار سکولز outsource کرنے جا رہے ہیں تو کاش یہ اس میٹنگ کی بریفنگ پڑھ لیتے تو ان کو پتا چلتا کہ Muslim hands نے 100 schools adopt کئے ہیں اور پنجاب حکومت سے ایک روپیہ بھی نہیں لیا، تو کاش یہ پڑھ لیتے کہ انہوں نے چار سالوں میں ایک Ad tech school اور وہ 100 کے 100 سکول Ad tech schools ٹیکنالوجی پر بنانے جا رہے ہیں جو آج دنیا کی requirement ہے، کاش یہ لمبی لمبی تقریریں کرنے سے پہلے یہ سوچ لیتے کیونکہ انہوں نے فرمایا کہ پرائیویٹ سکولز میں غریب کے بچوں کو پڑھانے کے لئے کوٹا ہونا چاہئے تو میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ 10 فیصد کوٹا موجود ہے میں پہلی مرتبہ اس اسمبلی کا ممبر بنا ہوں اور مجھے پتا ہے کہ یہ کوٹا موجود ہے تو یہ اپنے چار سالوں میں اس کو implement کرواتے کیونکہ ان کے پاس وسیم اکرم پلس موجود تھا اب ہم ان شاءاللہ اس پر آپ کو implement کروا کر دکھائیں گے۔ یہاں

میری بہن نے بڑی اچھی اورto the point speech کی انہوں نے ٹیچر کی تقریم کی بات کی اور کہا ہے کہ اس ملک میں ڈرائیور کی تنخواہ 40 ہزار روپے ہے اور ٹیچر کو 8 ہزار روپے تنخواہ مل رہی ہے انہوں نے چار سالوں میں بہر کیف اس پر کچھ نہیں کیا لیکن الحمدللہ ہم نے یہ پالیسیapprove کر دی ہے پیف اور پیما کے تمام سکولوں میں 8 یا 10 ہزار روپے نہیں بلکہ minimum wage ہر ٹیچر کو دی جائے گیand we will ensure that تو اس کو ٹیچر کی تقریم کہتے ہیں تو اسے ٹیچر کی عزت کرنا کہتے ہیں اور یہgenuine reforms کہہ رہے تھے کہ آپ نے تعلیم کے لئے کیا کیا؟ تو میں ان کو پڑھ کر سنا دیتا ہوں کہ پہلی مرتبہ موجودہ چیف منسٹر inclusivity نے کام کیا اور اب ہر ضلع میںautism schools بن رہے ہیں پہلی مرتبہ موجودہ چیف منسٹر نے کام کیا تو میری بہن اگر سارا پروگرام پڑھ لیتی تو ان کو پتا ہوتا کہ 50 کروڑ روپے نہیں بلکہ الحمدللہ 27 ارب روپے سے پنجاب کے تمام سرکاری سکولز میں ہر بچے کو کھانا دینے جا رہے ہیں۔ سپورٹس پیریڈ بند، سکول اسمبلی بند، Ethics کی کلاسز بند اس وقت ایک لاکھ 18 ہزار ٹیچرز کی کمی ہے یہ جو یہاں پرSIS کے حوالے سےclaim کر رہے ہیں تو میں نے اسمبلی کے دروازے پرschool locator لگا دیئے ہیں آپ جا کر دیکھ لیں تو ان سے آج پوچھیں کہ انہوں نے چار سالوں میں کیوں ایک بھی ٹیچر بھرتی نہیں کیا۔ اس ملک میں میٹرک ہمیشہ آرٹس یا سائنس میں کروائی جاتی رہی ہے لیکن ان شاءاللہ آئندہ آنے والے سال سے اس ملک میں میٹرک ٹیکنالوجی میں بھی ہو گی انٹر ٹیک بھی ہو گی اور ان شاءاللہ تعالیٰ میٹرک ٹیک بھی ہو گی۔ انہوں نے اپنے دور میں تعلیم دوستی کی بڑی بڑی باتیں کیں تو اس میں کوئیdivide نہیں ہے ایوان کے اُس طرف اور اِس طرف بیٹھے ہوئے تمام ممبران کے حلقوں میں 709 non SNE,s schools جن کی عمارتیں چھ چھ اور آٹھ آٹھ سالوں سے بن چکی ہیں اگر یہ اتنے قابل تھے تو ان سے ان سکولز میں SNE نہیں دی گئی وہ چھ ہزار ٹیچرز دیئے نہیں گئے تو میں ان سے کہہ رہا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ آئندہ آنے والے تین ماہ میں ان کے حلقوں میں بھی جتنےnon SNE,s schools ہیں اس ایوان کے سامنے ان شاءاللہ تعالیٰ ستمبر میںfunctional کر دیئے جائیں گے۔ یہ ہمیں تعلیم سکھانے آئے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! KPI کی بات کر رہے ہیں کہ انہوں نے پیف میں یہ کر دیا اور وہ کر دیا تو 2016 میں پیف کو 4 ہزار سکولز دیئے گئے اگر ان کو اتنا اس پالیسی سے اختلاف تھا تو بزدار صاحب آ کر اس پالیسی کو بند کر دیتے۔ آپ نے سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا بجٹ دیکھا ہے انہوں نے فرمایا کہ SIS میں ایک کروڑ 20 لاکھ بچے تھے میں آج آپ سے یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ informed decision making بہت ضروری ہے عوام کے لئے سچ جاننا بھی بہت ضروری ہے ، ہاؤس کے اِس طرف سے اور اُس طرف سے پانچ پانچ ممبر ان کی کمیٹی بنائیں کہ وہ ایک کروڑ 20 لاکھ بچوں میں کس نے اپنے figures inflate کرنے کے لئے enroll کئے اور اس کی سزا کا تعین کیا جائے اللہ کی عوام کے ٹیکس کا پیسا ہے اور نہ یہ پیسا ان کا ہے اور نہ میرا ہے۔ اسی کے against NSB اور زیور تعلیم آتا ہے اور یہ ہمیں morality and corruption کی باتیں سکھاتے ہیں، ان سے پوچھیں کہ 2020 میں جو کتابیں ساڑھے تین ارب روپے میں چھپی تھیں تو وہی کتابیں 2023 میں کس وزیر نے ساڑھے 23۔ ارب روپے میں چھاپی ہیں چار گنا قیمت بڑھا کر پھر اسمبلی میں آ کر کہتے ہیں کہ ہم نے یہاں بڑی محنت کر کے تعلیم چلائی ہے۔ آپ کمیٹی بنائیں میں حلف اٹھانے کو تیار ہوں یہ بھی اس وزیر کا نام جانتے ہیں اور میں بھی آپ کے سامنے اس چھت کے نیچے کھڑا کہہ رہا ہوں کہ اگر میں پانچ سالوں میں ایک روپے کی بھی کرپشن کروں تو میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ اس کا عذاب میرے اوپر آئے تو یہ ہمیں بتائیں گے کہ morality and corruption کیا ہوتی ہے؟

**جناب شہباز احمد:** جناب سپیکر! آپ کمیٹی بنا دیں۔

**وزیر سکولز ایجوکیشن (رانا سکندر حیات):** جناب سپیکر! جی کمیٹی بنا دیں۔ میری بہن نے یہاں پر بڑی اچھی باتیں کی ہیں ہم نے پورا criteria بنایا ہے اور criteria کے مطابق ہم سکولز دے رہے ہیں ایسے ہی سکول نہیں دیئے جا رہے۔ پہلے فیز میں وہ سکول جن میں بچوں کی تعداد 50 سے زیادہ نہیں ہوئی، دوسرے فیز میں وہ سکولز جن کی تعداد 100 سالوں میں 76 سالوں میں نہیں ہوئی اور صرف یہی نہیں اگر tax payers money سے ان سکولوں کو چلانا تھا تو 100۔ ارب روپیہ ان کے ٹیچرز کی recruitment کے لئے چاہئے اور 100۔ ارب روپیہ ان کی rehabilitation کے لئے چاہئے تو کیا پھر 200۔ ارب روپیہ وہیں پر جھونک دیں۔ انہوں نے نوجوانوں کی jobs کے حوالے سے بات کی

میں عرض کرتا ہوں کہ ان کی collection کے مطابق اگر 200 بچے سکولوں میں پڑھتے ہیں تو چھ سے آٹھ ٹیچر چاہئیں، ایک مالی چاہئے، چوکیدار اور کمپیوٹر آپریٹر چاہئے اس طرح ان 13000 سکولوں میں اس پروگرام کے ذریعے ڈیڑھ سے دو لاکھ نوجوانوں کے لئے نوکریاں generate ہوں گی۔ انہوں نے per child پر سبسڈی پر بڑی گفتگو کی یہ تو چار سال 600 روپیہ فی بچہ PEF کو دیتے رہے ہم نے آکر quality of education پر کام کیا ہے اور ہم نے وہ بجٹ بڑھایا ہے 900 روپے سے 1700 روپے کیا ہے لیکن کوئی کام کرے گا تو against KPI اسے payment ملے گی اگر سٹوڈنٹس سو سے دو سو ہیں تو ہم زیادہ پیسے دیں گے اس سکول کو upgrade کیا ہے تو اسے زیادہ پیسے دیں گے اگر انہوں نے کمپیوٹر لیب add کی ہے تو اسے زیادہ پیسے دیں گے لیکن اس طرح نہیں دیں گے جس طرح عوام کے tax کا پیسا یہ بانٹتے رہے ہیں۔ الحمدللہ ان KPIs پر سو فیصد implement کر رہے ہیں اور میں ہاؤس میں on oath یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ میرے کہنے سے بھی کسی کو ایک بھی سکول award نہیں ہو گا بلکہ سب سکول میرٹ پر award ہوں گے۔

جناب سپیکر! میں آخری بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے اپنی اس smart policy کے ذریعے 13000 سکولوں میں جو 23000 ٹیچرز تھے انہیں non SNE سکولز اور mainstream schools میں لا رہے ہیں، 35000 ٹیچرز مزید required تھے وہ پوسٹس redundant ہو جائیں گی اور ایک step سے ٹیچرز کی shortage 1 لاکھ 18 ہزار سے 58 ہزار پر لے آئے ہیں اور کہانی یہیں ختم نہیں ہوئی۔ ان سے یہ پوچھیں کہ ان کی چار سال کی سرکار تھی انہوں نے کبھی یہ نہیں دیکھا ایسے ایسے سکول ہیں کہ دو ٹیچر اور دو ہی بچے ہیں اگر یہ صوبے کا درد رکھتے تو شاید ان ٹیچرز کو نکال کر کہتے کہ کسی اور سکول میں جاؤ۔ rationalization program was last done by the now honorable Minister for Finance in 2008 اس کے بعد آج پھر مسلم لیگ (ن)، آج پھر مریم نواز شریف آکر rationalization کر رہی ہیں، عوام کا پیسا بچا کر ان بیس ہزار ٹیچرز کو main schools میں لائیں گے جو rural areas میں ہیں پھر 38000 ٹیچرز کی shortage رہ جائے گی۔ اسے کہتے ہیں تعلیم پر محنت، اسے کہتے ہیں کہ پالیسی اور reforms ہم نے پہلی دفعہ اس بجٹ کے اندر transgender کے لئے بھی پیسے رکھے ہیں because inclusivity is very important میں ساتھ ہی ساتھ انہیں یہ بتاتا چلوں کہ ان کا نظام وہ تھا کہ جب میں آیا تو Snapchat پر اشتہار چلتے تھے کہ

نہم کا پرچہ پانچ سو روپے میں بک رہا ہے۔ آپ میرے سے شرط لگائیں کہ نہم کے امتحان کے پندرہ دن بعد انٹر کے امتحان تھے الحمد للہ صرف کیمرے لگا کر 90 فیصد بوٹی مافیا کنٹرول کیا ہے اور اگلے آنے والے سال میں ہم facial recognition, thumbprints لا رہے ہیں Sensitive centers میں کیمرے لگا دیئے ہیں اور پنجاب کے بورڈز کے نظام کو بھی ان شاء اللہ کیمرج اور آکسفورڈ کے لیول پر لے جائیں گے۔ میری گزارش ہے کہ اگلی دفعہ جب یہ اسمبلی کے floor پر بات کریں تو ذرا تحقیق کر کے کریں budgetary figures دیکھ کر بات کریں، logic پر گفتگو کریں کیونکہ نہ وزیر تعلیم پہلے جیسا ہے اور نہ ہی عثمان بزدار جیسے وزیر اعلیٰ ہیں۔ بہت شکریہ۔(نعرہ ہائے تحسین)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** منسٹر صاحب! بہت شکریہ۔

**جناب محمد ندیم قریشی:** جناب سپیکر! میں point of personal explanation پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** قریشی صاحب! پلیز تشریف رکھیں، اس طرح نہ کریں۔ قریشی صاحب! اب نہیں ہو سکتا۔

Now the question is:

"That the total of **Rs.119,867,618,000/** on account of Demand No.PC-21015 Education be reduced to **Re.1/**."

(The motion was lost.)

**MR DEPUTY SPEAKER:** Now, the question is:

"That a sum not exceeding **Rs.119,867,618,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Education**."

(The motion was carried)

(The Demand No. PC-21015 was approved)

**DEMAND No. PC-21016**

**MR DEPUTY SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No.PC-21016.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I move:

> "That a sum not exceeding **Rs.262,864,386,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Health Services**."

**MR DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

> "That a sum not exceeding **Rs.262,864,386,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Health Services**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal,

Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood, Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid, Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar, Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer, Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar, Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**MR FAISAL JAMIL:** Mr Speaker! I move:

> "That the total of **Rs.262,864,386,000/** on account of Demand No.PC-21016 Health Services be reduced to **Re.1/**."

**MR DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

"That the total of **Rs.262,864,386,000/** on account of Demand No.PC-21016 Health Services be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I oppose.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، ڈاکٹر صاحب!

**جناب فیصل جمیل:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! حضرت موسیٰ کلیم اللہ سے جب اللہ تعالیٰ کلام کرتے تھے تو ایک دفعہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ نے خدا سے پوچھا کہ اگر آپ کو کچھ مانگنا پڑے تو کیا مانگیں گے؟ خدا نے جواب دیا میں صحت مانگوں گا تو صحت کی اتنی زیادہ importance ہے لیکن یہاں پر بدقسمتی یہ ہے کہ اس وقت پورے پنجاب میں ڈاکٹرز، نرسز، تمام پیرامیڈیکل سٹاف ہڑتال پر ہے لیکن ہم پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ وہ ہڑتال پر کیوں ہیں؟ وہ اس لئے ہڑتال پر ہیں کہ جس وقت ہمارے منسٹر صاحب اور وزیر اعلیٰ صاحبہ ساہیوال کے visit پر گئے تو انہوں نے بغیر تحقیقات کئے ایک معزز پروفیسر کو، ہسپتال کے پورے سٹاف کو کھڑے کھڑے معطل کر دیا۔ مجھے تو اس بات پر یہ شک ہوا کہ شاید میڈم سی ایم صاحبہ جو سی ایم کے کوٹے پر کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں ایڈمیشن لینے گئی تھیں لیکن II year میں expel ہو گئیں اور ڈاکٹر نہ بن سکیں شاید انہوں نے ڈاکٹروں سے اس چیز کا بدلہ لیا ہے۔

جناب سپیکر! میں بات کروں گا کہ یہ بجٹ ان کو کیوں نہیں دینا چاہئے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ڈاکٹر صاحب! ایک سیکنڈ تمام معزز ممبران اپنی اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔ جو معزز ممبران کھڑے ہیں پلیز اپنی اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔ جی، ڈاکٹر صاحب!

**ڈاکٹر فیصل جمیل:** جناب سپیکر! وزیر اعلیٰ صاحبہ اور ہمارے فنانس منسٹر صاحب کا تقریروں کی حد تک تو وژن تھا کہ ہم نے ہیلتھ پر خاطر خواہ بجٹ رکھا ہے لیکن آپ کی پالیسیوں کی وجہ سے تمام ہسپتالوں میں اس وقت ہڑتال چل رہی ہے آپ کی پالیسی کی وجہ سے ڈاکٹرز کام نہیں کر رہے اور

نرسیں آپ کی پالیسیوں کی وجہ سے کام نہیں کر رہیں تو پھر میں ایسے بجٹ کو oppose کروں گا۔ اس کی کیا وجوہات ہیں؟ ہوتا تو یہ ہے کہ ایک بڑے افسر کے نیچے دو چھوٹے افسر ہوتے ہیں لیکن ہمارے صوبہ پنجاب میں عجیب نظام ہے کہ یہاں پر health کے دو منسٹرز رکھے گئے ہیں لیکن سیکرٹری ایک ہی ہے۔ ہمارے سیکرٹری ہیلتھ علی جان صاحب نے تو ہیلتھ کے دو منسٹر رکھے ہوئے ہیں۔ یہ اُلٹی گنگا بہہ رہی ہے۔ ایک منسٹری کا جو سیکرٹری ہوتا ہے وہ اپنی وزارت کے funds استعمال کرتا ہے لیکن ہمارے صوبہ پنجاب میں محکمہ Primary & Secondary Healthcare اور Specialized Healthcare & Medical Education کا ایک ہی سیکرٹری ہے اور وہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کا بجٹ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں without approval of the Cabinet استعمال کر رہا ہے جو انتہائی illegal ہے۔ اس سیکرٹری موصوف نے Punjab Management Unit (PMU) کے نام سے ایک ادارہ بنایا تھا۔ صوبہ پنجاب میں اس ادارے PMU کے ذریعے تمام purchasing ہو رہی ہیں۔ صوبہ پنجاب میں ادویات کی خریداری centralized طریق کار کے تحت ہو رہی ہے۔ ایک سرنج جو آپ مارکیٹ سے پانچ یا دس روپے کی خرید سکتے وہی سرنج 20 یا 25 روپے PMU والے خرید رہے ہیں۔ ہمارے سیکرٹری ہیلتھ کے منظور نظر چار کمپنیاں سرنجیں اور دوسری ادویات سپلائی کر رہی ہیں۔ چونکہ یہ بجٹ صرف کرپشن کی نذر ہو گا اس لئے میں اس کو oppose کروں گا۔ صرف لوگوں کو دکھانے کے لئے PMU کے تقریباً 80 ملازمین sacked کئے گئے اور ان کے خلاف انکوائری کی گئی لیکن آج بھی وہی ملازمین ہمارے سیکرٹری صحت کے under کام کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر! پنجاب کے ہسپتالوں کو revamping کے نام پر ایک ٹیکہ لگایا گیا ہے۔ مریضوں کی فلاح و بہبود سے زیادہ revamping پر زور دیا جا رہا ہے۔ ہسپتالوں میں ٹائلز لگائی جا رہی ہیں۔ پچھلے ایک سال میں کم از کم سات سو ارب روپے revamping کے نام پر ضائع کئے گئے ہیں۔ پچھلے دنوں بے نظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی کی چھت گر گئی تھی۔ آپ ساہیوال ہسپتال کا واقعہ دیکھ لیں۔ چلڈرن ہسپتال اور شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان میں بھی ایسے واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ پہلے سے اچھی قسم کی لگی ہوئی ٹائلز کو اُکھاڑ کر اٹک کی ایک کمپنی سے نئی ٹائلز لگوائی جا رہی ہیں۔ سیکرٹری ہیلتھ موصوف کی چار منظور نظر کمپنیوں سے ساری خریداری کی جا رہی ہے۔

جناب سپیکر! ہسپتالوں نے کچھ ادویات کی خریداری local purchase کے ذریعے کرنی تھی لیکن اب وہ ادویات بھی PMU کے ذریعے خریدی جارہی ہیں۔ اس خریداری میں بہت زیادہ کرپشن ہورہی ہے۔ میں یہ مطالبہ کروں گا کہ پچھلے سال ادویات کی خریداری اور revamping کے نام پر جو کرپشن ہو چکی ہے اس کی انکوائری کے لئے آپ ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائیں تاکہ اس کرپشن کا تدارک ہو سکے۔ سیکرٹری صاحب کے front man اور منظور نظر چار کمپنیوں کے ذریعے ساری خریداری ہورہی ہے اگر آپ اس کی انکوائری کروائیں گے تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ میں پھر یہ مطالبہ کروں گا کہ پنجاب کی عوام کے taxpayers کے پیسے سیکرٹری اور دوسرے افسران کی عیاشی اور اللّے تللّوں پر خرچ نہ کئے جائیں۔ آپ خود اس بات کے گواہ ہیں کہ سرکاری ہسپتالوں میں ایم آر آئی اور CT Scan پندرہ سو یا پچیس سو روپے میں ہو رہا تھا لیکن outsource کی پالیسی کی وجہ سے آج ایم آر آئی کے لئے سات ہزار روپے وصول کئے جارہے ہیں۔ پرائیویٹ کمپنیاں کبھی کسی غریب کو ایک روپے کی رعایت نہیں دیں گی۔ یہ outsources کے نام پر ایک ڈھونگ رچایا جارہا ہے جو انتہائی نامناسب ہے۔

جناب سپیکر! 18۔اپریل 2023 کو سیکرٹری موصوف نے ایک شاہی فرمان کے تحت سینکڑوں ملازمین کو ملازمت سے نکال دیا تھا۔ سروسز ٹربیونل نے ان ملازمین کو بحال کر دیا لیکن ابھی تک سروسز ٹربیونل کے حکم پر عملدرآمد کرتے ہوئے ان ملازمین کو بحال نہیں کیا گیا۔ آج مریض اپنا علاج پرائیویٹ ڈاکٹروں سے کروانے پر مجبور ہیں کیونکہ ہسپتال ہڑتالوں اور ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے بند پڑے ہیں۔ آج نرسیں، ینگ ڈاکٹرز اور پروفیسر صاحبان ہڑتال پر ہیں۔ یہ سب لوگ ہماری حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ہڑتال پر ہیں۔ علی جان صاحب نے revamping کے نام پر سات سو ارب روپے کا ٹیکہ لگایا ہے۔ میں کہوں گا کہ اس کو بند کیا جائے۔ موجودہ حکومت Clinic on Wheels کا منصوبہ لے کر آئی ہے لیکن صوبہ پنجاب میں جو ڈسپنسریاں پہلے سے چل رہی تھیں ان کو بند کر دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر! PIC ہسپتال لاہور میں 9 آپریشن تھیٹرز ہیں لیکن اس وقت صرف دو operational ہیں۔ Faisalabad Institute of Cardiology میں ایک Cardiac Surgeon کی اسامی ہے۔ اس ہسپتال میں پچھلے ایک سال میں 795 آپریشن کئے گئے ہیں۔ میں یہ

مطالبہ کرتا ہوں کہ جب سیکرٹری اور منسٹرز صاحبان کے اللے تللوں پر ہماری عوام کا بجٹ خرچ ہونا ہے تو پھر ان کو یہ بجٹ نہ دیا جائے۔ آج ہمارے قابل ڈاکٹرز ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ ہماری نرسیں پابند سلاسل ہیں۔ مختلف طریقوں سے ڈاکٹروں کو تنگ کر کے اس نہج پر پہنچایا جا رہا ہے کہ وہ اپنا کام چھوڑ کر گھروں میں بیٹھ جائیں۔ اس وقت پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن سفید ہاتھی بن چکا ہے جس پر کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا۔ یہ ڈاکٹرز کو پرائیویٹ practice سے روکتا ہے۔ ہماری وزیر اعلیٰ صاحبہ اور منسٹرز صحت صرف political points scoring کے لئے سرکاری ہسپتالوں میں جا کر سینئر پروفیسروں کو معطل کرتے ہیں۔ میں یہ مطالبہ کروں گا کے خُدا کے واسطے محکمہ صحت پر سیاست نہ کی جائے۔ سینئرز پروفیسر صاحبان جو بیرون ملک سے اچھی اچھی نوکریاں چھوڑ کر صرف پاکستانی عوام کی خدمت کرنے آئے اگر انہیں آپ بے عزت کر کے معطل کریں گے تو کل کون پاکستان میں آکر کام کرنا چاہے گا؟ عمران خان کو تو سزا ہی اسی چیز کی ملی ہے۔ مریم نواز شریف نے اپنے چچا کو ٹیلیفون پر یہی کہا تھا کہ چچا جی! اس ہیلتھ کارڈ کا کچھ کریں کیونکہ ہیلتھ کارڈ کی وجہ سے ہمارا ووٹ خراب ہو رہا ہے۔ ہیلتھ کارڈ ایسا منصوبہ ہے کہ جس نے ملک کے طول و عرض میں عوامی خدمت کے نئے ریکارڈ قائم کئے ہیں اور اس کو دیکھتے ہوئے ہمارے دشمن ملک کے وزیر اعظم کو بھی اپنے ملک میں ہیلتھ کارڈ جاری کرنا پڑ گیا ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ کم از کم صحت کے منصوبوں پر سیاست نہ کریں۔ ہمارے صوبے میں پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر اور سپیشلائزڈ ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کا سیکرٹری ایک ہی ہے جبکہ منسٹرز الگ الگ ہیں۔ بڑے افسر اپنے نیچے subordinate رکھتے ہیں جبکہ ہمارے subordinate نے اپنے لئے دو افسر رکھے ہوئے ہیں۔ میں یہ مطالبہ کروں گا کہ مہربانی کر کے اس محکمہ ہیلتھ کے بجٹ میں کٹ لگائیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اب بریگیڈیئر مشتاق صاحب بات کریں گے۔ میرے خیال میں بریگیڈیئر مشتاق صاحب ایوان میں تشریف فرما نہیں ہیں تو اب میں قاضی اکبر صاحب کو دعوت خطاب دیتا ہوں۔

**قاضی احمد اکبر:** اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! already cut motion move ہو چکی ہے اور میں اس میں economy cut کی بات کروں گا۔ وزیر خزانہ صاحب نے بجٹ تقریر میں اپنے پہلے سو دنوں کی performance delivery کے حوالے سے بات کی

تھی۔اس میں ایک سب سے highlighted point یہ تھا کہ اس وقت ہسپتالوں کی OPDs اور ایمر جنسی میں مکمل طور پر مریضوں کو ادویات مل رہی ہیں۔میں آپ، معزز وزیر صاحب اور دوسرے سب معزز ممبران کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ میرے ساتھ میرے حلقہ حضرو پی پی۔1 میں چلیں اور وہاں کا کوئی ایک RHC, BHU اور THQ بتادیں کہ جس کے OPD میں ادویات مل رہی ہوں۔ ایمر جنسی میں ادویات ملنا تو بالکل ناممکن بات ہے۔

جناب سپیکر!ہم نے ہیلتھ کے لئے اس بجٹ میں بہت سارے پیسے مختص کئے ہیں اور دینے چاہئیں کیونکہ ہماری زندگیوں کے لئے یہ سب سے اہم شعبہ ہے۔انسان کی زندگی سے مہنگی چیز کوئی نہیں لیکن میں جب priorities کو دیکھتا ہوں تو مجھے دُکھ ہوتا ہے کیونکہ priorities بہت ہی مختلف نظر آرہی ہیں۔ہم نے اربوں روپے دے دیئے لیکن ٹراما سنٹرز کی جو عمارتیں بن چکی ہیں ان کو حکومت functional کرنے کے لئے SNE دینے کو تیار نہیں ہے۔ان میں ڈاکٹرز تعینات نہیں کئے جا رہے اور نہ ہی وہاں پر ادویات مہیا کی جا رہی ہیں۔ان ٹراما سنٹرز میں equipment بھی مہیا نہیں کیا گیا۔میں اپنے ضلع اٹک کی مثال دیتا ہوں۔ٹراما سنٹر THQ حضرو کی عمارت مکمل ہے لیکن اس کو functional نہیں کیا جارہا۔اسی طرح فتح جنگ کی عمارت مکمل ہے لیکن اس کو equipment نہیں دیا جارہا۔اس کے علاوہ گوندل ہسپتال کی بلڈنگ تیار ہے لیکن اس کو equipment نہیں دیا جارہا۔مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس حکومت کی priorities کیا ہیں؟ ایک غریب تحصیل کے فرد کو اگر کوئی چوٹ لگ جائے یا اسے دل کی تکلیف ہو جائے تو local hospitals اس کو accommodate کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں اور اس کو بڑے شہر کی طرف refer کیا جاتا ہے۔جب تک وہ بڑے شہر میں پہنچتا ہے تو اس کی موت واقع ہو جاتی ہے یا اس کی بیماری گھمبیر شکل اختیار کر لیتی ہے۔میں گزارش کروں گا کہ جو existing infrastructure ہے کم از کم اس کو تو functional کر دیں۔

جناب سپیکر!یہاں پر بات کی گئی کہ ہم نے ہیلتھ سیکٹر کے لئے بہت زیادہ بجٹ مختص کیا ہے لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میرے آر ایچ سی رنگو میں ایمبولینس پچھلے چار ساڑھے چار مہینوں سے کھڑی ہے اور مریضوں کو ایمبولینس کی سروس مہیا نہیں کی جارہی۔جب میں نے اس کے ڈرائیور سے پوچھا کہ آپ رات کے وقت زچہ وبچہ کی ضروریات کے لئے بھی نہیں

پہنچ پاتے تو ایسا کیوں ہے؟ اس نے مجھے بتایا کہ میرے پاس ڈیزل نہیں ہے۔ اس کے بعد میں نے اس حوالے سے C.E.O(Health) سے بات کی تو اس نے بھی مجھے کہا کہ میرے پاس funds نہیں ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ایک اتنی مہنگی ایمبولینس رنگو ہسپتال میں ہم نے کھڑی کی ہوئی ہے اور اس کے ڈرائیور کو ہم تنخواہ بھی دے رہے ہیں لیکن اس ایمبولینس کو چلانے کے لئے حکومت ڈیزل نہیں دے رہی۔ اسی طرح ہمارے پاس ایک آر ایچ سی اور جتی ہے جس کو پہلے ہی اُجالا ویلفیئر run کر رہی ہے۔ اس میں پچھلے کئی سالوں سے ایکسرے مشین موجود ہے لیکن اس کو چلانے کے لئے ٹیکنیشن موجود نہیں ہے اور اب تو سُننے میں آ رہا ہے کہ وہ ایکسرے مشین اُٹھا کر DHQ اٹک میں لے گئے ہیں اور یہاں پر انہوں نے ایک پرانی مشین لا کر رکھ دی ہے۔

جناب سپیکر! مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ 560 بنیادی مراکز صحت کی revamping کی بات کی گئی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ BHUs جن کی عمارتیں گر چکی ہیں ان کی عمارتوں کو تعمیر کیا جائے گا اور میرے حلقے میں BHU جلالی اور BHU حمید موجود ہیں ان پر بھی جلد از جلد کام شروع کیا جائے گا۔ ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ right man for the right job. جب بھی گریڈ 17 کے افسر کو گریڈ 20 کی اسامی پر تعینات کیا جاتا ہے تو اس کے دو ہی مقاصد ہوتے ہیں یا تو وہ کرپشن کرے اور پیسے کھا کر آپ کو بھی کھلائے یا وہ آپ کے ناجائز مطالبات پورے کرے۔ محکمہ صحت کے بیچ میں ہر جگہ پر almost یہی ہو رہا ہے میں آپ کو اس کی مثال دے دیتا ہوں۔ چلڈرن ہسپتال فیصل آباد میں ایم ایس کی سیٹ گریڈ 19 کی ہے لیکن وہاں پر جو ایم ایس لگایا گیا ہے وہ گریڈ 18 کا ہے۔ اسی طریقے سے اور بھی کئی ایسے ہسپتال ہیں جن میں ایم ایس کی سیٹیں گریڈ 20 or 19 ,18 کی ہیں اور وہاں پر جونیئر ڈاکٹرز کو لگایا گیا ہے اُس کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ اُن سے کرپشن کروائی جائے اور اُن سے اپنے ناجائز مطالبات پورے کروائے جائیں۔ RIC Pindi بہت اہم ہے اور یہ پراجیکٹ بھی میاں شہباز شریف صاحب کا تھا اور آپ دیکھیں کہ یہ کتنا اہم ہسپتال ہے جو cardiology کے حوالے سے پوری ڈویژن کو cater for کرتا ہے اور پچھلے کچھ ماہ سے وہاں پر single lead والی batteries available نہیں ہیں وہ مریضوں کو نہیں مل رہیں۔ ان batteries کی expiry کا ایک ٹائم ہوتا ہے جب وہ battery expire ہو جاتی ہے اُس کے بعد کچھ دنوں کے اندر نئی battery ڈلنی ہوتی ہے اور یہاں پر مریضوں کو چار چار مہینے کا ٹائم دیا جا رہا ہے یعنی آپ سیدھا سیدھا مریض کا death certificate sign کر رہے

ہیں۔ آپ اُس کو کہہ رہے ہیں کہ ہمارے پاس battery ڈالنے کے لئے نہیں ہے پرائیویٹ ہسپتال میں جا کر لاکھوں روپیہ لگا کر اپنی battery ڈلواؤ یا پھر اپنی موت کی طرف چل پڑو، یہ کتنا بڑا المیہ ہے۔

جناب سپیکر! PIC لاہور کے 9 میں سے 7 آپریشن تھیٹر اس وقت بند پڑے ہوئے ہیں اور صرف دو آپریشن تھیٹر چل رہے ہیں اُس کی وجہ یہ ہے کہ ڈاکٹرز آپریشن کا ٹائم نہیں دیتے اور پھر اپنے پرائیویٹ ہسپتال میں بلا کر لاکھوں روپیہ لے کر مریضوں کا علاج کر رہے ہیں۔ خانیوال میں ایک بچی کو ویکسین لگتی ہے وہ فوت ہو جاتی ہے اور اُس کا پورا ملبہ نرس کے اوپر ڈال کر اُس کا مجرم بنا دیا جاتا ہے لیکن جس کمپنی سے وہ ویکسین آئی تھی اُس کے اوپر پوری تحقیق نہیں کی جاتی۔ اگر اُس پر تحقیق کی جائے تو وہ ویکسین محکمہ صحت کے اس وقت کے سیکرٹری کے بھائی کی فیکٹری سے آئی تھی تو کیا یہاں پر انصاف کا معیار یہی ہے کہ طاقتور کو کوئی پوچھنے کو تیار نہیں اور ایک عام نرس کو آپ لوگوں نے مجرم بنا کر کُھڈے لائن لگا دیا ہے اور جس کی فیکٹری سے وہ ویکسین آئی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اوپر اس ہاؤس کو اور specifically آپ کی سیٹ یہ demand کرتی ہے کہ آپ اس کے اوپر کمیٹی بنا کر انکوائری بٹھائیں اور اس کے پورے facts and figures نکال کے لائیں کہ وہ ویکسین کا problem تھا یا اُس نرس کی غلطی تھی اور میں آپ کو گارنٹی سے کہتا ہوں کہ یہ جو طاقتور لوگ ہیں، یہ جو دوائیاں بیچتے ہیں اور یہ جن جن سے کمیشن کھاتے ہیں یہ سب کا سب وہی مافیا آپ کے سامنے آئے گا۔ ابھی وزیر موصوف نے یہاں پر ہمیں کہا کہ ہماری حکومت میں یہ ہوا، ہماری حکومت میں مافیاز کام کر رہے تھے میں اب لسٹ دینا شروع کر دوں کہ ان کی حکومت میں کون کون سا مافیا کام کر رہا ہے۔ انہوں نے ابھی جو سکول privatize کرنے کی بات کی تو کیا اُس پر مافیاز کام نہیں کر رہے، کیا اُس میں کمیشن لے کر سکولوں کو نامزد نہیں کیا گیا اور پھر یہاں پر وزیر سکولز ایجوکیشن کہہ کر گئے کہ میرے کہنے پر ایک سکول نہیں نکل سکتا لیکن ایک لوکل بندے کے کہنے کے اوپر میرے حلقے میں تین سکولوں کو اُس لسٹ میں سے نکالا گیا اس لئے ہمیں یہ باتیں مت سُنائی جائیں ہمیں پتا ہے جو خود مافیاز ہوں گے وہ مافیاز سے کیا جان چُھڑائیں گے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں آخر میں ینگ ڈاکٹرز جو ہڑتال پر ہیں میں اس پورے ہاؤس کی طرف سے، اپنی طرف سے، قائد حزب اختلاف کی طرف سے اور حزب اختلاف کے تمام اراکین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتا ہوں اور یہ اُمید کرتا ہوں کہ health sector جتنا crucial، جتنا اہم اور ہمیں اس کی جتنی بنیادی ضرورت ہے اس کو اُسی حوالے سے سنجیدہ لیا جائے۔ یہاں پر وزیر صحت صاحب موجود نہیں ہیں تو مجھے ان کی seriousness تو نظر آ ہی رہی ہے اور مجھے پتا ہے کہ ہم نے جتنی تقریریں کی ہیں اُن کا جواب دینے والا بھی یہاں پر کوئی نہیں ہے۔ ہمارے وزیر پارلیمانی امور نے کہنا ہے کہ میں جواب لے کر دے دوں گا میری تین تحاریک پڑی ہوئی ہیں جن کے انہوں نے جواب لے کر دینے تھے لیکن پھر بھی میں وزیر پارلیمانی امور کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ کم از کم یہ خود یہاں پر ہاؤس میں موجود ہوتے ہیں، ہماری باتیں سُنتے ہیں اور یہ ہماری باتوں کا جواب دیں یا نہ دیں ان شاءاللہ قوم ان سے جواب ضرور لے لے گی۔ شکریہ

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، بہت شکریہ۔ بریگیڈیئر مشتاق صاحب!

**جناب مشتاق احمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ۔ یہاں پر صحت پر کٹوتی کی جو تحریک پیش ہوئی ہے میں اُس پر کوئی بہت زیادہ لمبی چوڑی بات نہیں کروں گا کیونکہ اُس پر بہت زیادہ بحث ہو چکی ہے۔ میں صرف تین چار چیزوں کے اوپر گزارشات کرنا چاہتا ہوں اور میں اپنے تجربے کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں۔ محکمہ صحت کے حالات یہ ہیں کہ جب لوگوں نے اپنے خرچے کے اوپر point A to B move کرنا ہے، اپنے خرچے پر bed arrange کرنا ہے، اپنے خرچے سے مختلف referral hospital میں جانا ہے اور میں پورے ضلع جہلم اور خاص طور پر اپنے حلقے کی بات کر رہا ہوں اس وقت وہاں پر 92 فیصد ڈاکٹرز نہیں ہیں۔ lower staff پورا ہے، وہاں پر چوکیدار دوائیاں دے رہے ہیں۔ یہاں پر میں نے وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی بہت دفعہ تقریر سُنی ہے وہ جس طرح میٹھی میٹھی اور پیار محبت سے بات کرتے ہیں ایسے لگتا ہے جیسے سب ہسپتالوں، BHUs and RHCs کے اندر شہد اور دُودھ کی نہریں بہہ رہی ہیں ایسا بالکل نہیں ہے۔ آپ کی administration تباہ و برباد ہو چکی ہے، ڈاکٹرز موجود نہیں ہیں اور انہوں نے عوام کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگایا ہوا ہے ہمیں نہیں پتا کہ ڈاکٹرز کی یہ کمی کب تک پوری

ہو گی۔ میری یہ گزارش ہے اور میں نے بجٹ تقریر کے اندر بھی یہ گزارش کی تھی کہ کم از کم اس کے اوپر کوئی policy statement دی کیونکہ یہ کوئی ایک آدھ کٹوتی کا مسئلہ نہیں ہے۔ مجھے پتا ہے آپ یہ approve کرا لیں گے، سب کچھ ہو جائے گا لیکن لوگوں کے صحت کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ جتنے بھی لوگ بیمار ہو رہے ہیں اُنہیں کوئی بھی بیماری ہے اُن کے گھر اُجڑ رہے ہیں۔ یہ کہا گیا تھا کہ صحت کارڈ چلے گا لیکن مجھے تو کہیں صحت کارڈ نظر نہیں آ رہا۔ آپ نے اگر عوام کو صحت کی سہولت دینی ہے اور آپ یہ hundreds of Billions کا بجٹ کس لئے دے رہے ہیں؟ اس سے اگر عوام کو فائدہ نہیں ہو رہا، gross route level پر اس کے benefits نہیں مل رہے، THQs and DHQs level کے اوپر special treatment نہیں مل رہی ہے تو مجھے یہ بتائیں ہم یہ بجٹ کس لئے دیں؟ اگر اسی صورتحال کے اندر رہنا ہے، بہتری نہیں آنی ہے، لوگوں کو سہولیات نہیں ملنی ہیں تو اس بجٹ کے اوپر مکمل طور پر reconsider ہونا چاہئے اور میں بالکل یہ کہوں گا کہ اگر اس کو کرنا ہے تو اس کو improve کریں، نہیں تو اس بجٹ کا کوئی فائدہ نہیں ہے جب لوگوں نے اپنی جیب سے علاج کروانا ہے تو۔ شکریہ

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، غلام سرور صاحب۔۔۔ موجود نہیں ہیں۔ جناب خالد جاوید!

**جناب خالد جاوید:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے health services کے لئے cut motion پر بات کرنے کا موقع عنایت کیا۔

جناب سپیکر! اس موضوع پر بہت ساری تقاریر ہوئیں اور بہت ساری گزارشات پیش کی گئیں تو میں بھی health پر discuss کرنا چاہتا ہوں۔ میرا حلقہ پی پی 210 جہانیاں ہے 40/30 سال جب سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے اُس حلقے میں بھی بہت سارے کام ہونے والے ہیں لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ وہاں کے لیڈران نے اس طرف دھیان نہیں دیا یا اُنہیں فنڈز نہیں ملے۔ جہانیاں کے THQ ہسپتال میں مشینیں خراب پڑی ہیں لیکن فنڈز کی کمی کی وجہ سے وہ مشینیں ٹھیک نہیں ہو سکتیں جس کی وجہ سے مریضوں کو بڑی پریشانی ہے۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ وہاں پر سٹاف کی کمی کو پورا کیا جائے۔ وہاں پر درجہ چہارم کا سٹاف بھی نہیں ہے، ایکسرے مشین گاہے بگاہے خراب رہتی ہے تو میری گزارش ہے کہ دیہاتوں میں جو چھوٹی چھوٹی ڈسپنسریاں بنی تھیں وہ بھی بند پڑی ہیں

ہمارا ٹی ایچ کیو ہسپتال جہانیاں ہے۔ پی ٹی آئی کے دور میں وزیر اعلیٰ جناب پرویز الٰہی نے 40 بیڈ والے ہسپتال کو 200 بیڈ کا ہسپتال منظور کیا تھا۔ یہ ان کا ویژن تھا لیکن بعد میں آنے والی حکومت نے وہ منظوری کے کاغذ ردی کی ٹوکری میں ڈال دیئے۔ ہمارے حلقے کا بہت بڑا نقصان ہو گیا۔ میری گزارش ہو گی کہ اس کے لئے بھی نظر ثانی کی جائے۔ اسی طرح چودھری پرویز الٰہی صاحب نے ٹراما سنٹر منظور کیا تھا اور اس کے فنڈز بھی جاری کئے تھے لیکن وہ بھی بند کر دیئے گئے۔ وہ منصوبہ بھی ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا۔ عمران خان صاحب کے دور میں جتنے کام ہسپتالوں میں ہوئے اتنے نون لیگ کی حکومت کے بیس پچیس سالوں میں نہیں ہوئے۔

جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سے گزارش کروں گا کیونکہ آپ بھی جنوبی پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ جنوبی پنجاب کے دیہاتوں اور شہروں میں بھی یہ سہولیات میسر کی جائیں جو تخت لاہور کو میسر ہیں۔ تخت لاہور پورے پنجاب کا بجٹ ہضم کر جاتا ہے۔ جنوبی پنجاب کا سارا ریونیو تخت لاہور پر لگ جاتا ہے۔ میری گزارش ہے کہ جنوبی پنجاب کی محرومی کو دور کرنے جو ریونیو وہاں سے اکٹھا ہوتا ہے وہی جنوبی پنجاب میں لگایا جائے۔ بہت شکریہ۔

(اس مرحلے پر جناب سپیکر کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب سپیکر:** اجلاس کا وقت ایک گھنٹہ کے لئے بڑھایا جاتا ہے۔

(اس مرحلے پر اجلاس کی کارروائی کے لئے وقت ایک گھنٹہ بڑھایا گیا۔)

**MR SPEAKER:** Now the question is:

"That the total of **Rs.262,864,386,000/** on account of Demand No.PC-21016 Health Services be reduced to **Re.1/**."

(The motion was lost.)

**MR SPEAKER:** Now, the question is:

"That a sum not exceeding **Rs.262,864,386,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025

ending on 30th day of June 2025 in respect of **Health Services**."

(The motion was carried)

(The Demand No. PC-21016 was approved)

**DEMAND No. PC-21018**

**MR SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No. PC-21018.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I move:

"That a sum not exceeding **Rs.25,300,779,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Agriculture**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That a sum not exceeding **Rs.25,300,779,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Agriculture**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal, Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood, Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid, Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar, Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer, Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar, Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**MR AFTAB AHMAD KHAN:** Mr. Speaker! I move:

"That the total of **Rs. 25,300,779,000/** on account of Demand No.PC-21018 Agriculture be reduced to **Re.1/**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the total of **Rs. 25,300,779,000/** on account of Demand No.PC-21018 Agriculture be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I oppose

**جناب سپیکر:** جی، راناصاحب!

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! ندیم قریشی صاحب پہلے بات کریں گے۔

**جناب سپیکر:** جی، جناب ندیم قریشی!

**جناب محمد ندیم قریشی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ پنجاب پانچ دریاؤں کی زمین ہے۔ ایگریکلچر کے حوالے سے بجٹ میں جو رقم مختص کی گئی ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس ڈیپارٹمنٹ کو پنجاب کے لوگوں کا خون چوس کر یہ بجٹ دیا جائے۔ پنجاب جو قدرت کے ذخائر سے مالا مال ایک ایسا صوبہ ہے جو اتنی بڑی food basket رکھتا ہے جو نہ صرف پاکستان کے لئے بلکہ شاید ساؤتھ ایشیا کے لئے بھی پوری ہو لیکن بدنصیبی ہے کہ ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کا style of work آج ہمیں اس بات پر مجبور کر رہا ہے کہ پاکستان دنیا کے ان ملکوں میں شامل ہے جو pulses import کرتا ہے۔

جناب سپیکر! ہماری ٹیکسٹائل انڈسٹری جس کی main product cotton ہے۔ ہم کسی زمانے میں ایک کروڑ 60 لاکھ بیلز برآمد کرتے تھے آج 35 سے 40 لاکھ بیلز پر آ گئے ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ گورنمنٹ کیسے اس ڈیپارٹمنٹ کو اتنا بجٹ دینا چاہتی ہے کہ جس نے اپنی پوری working میں کچھ نہیں کیا۔ میں سمجھتا تھا کہ شاید نئے ایگریکلچر گریجویٹ آ رہے ہیں وہ اپنے وژن کے مطابق سارے ملک کو ان food crises سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کریں گے لیکن climate change اور climate zone کے حوالے سے افسوسناک صورتحال ہے۔ پاکستان

climate change کے حوالے سے دنیا کے ان آٹھ ممالک میں شامل ہے جن کو آنے والے دنوں میں بدترین climate change کا سامنا ہے۔ اس climate change کے حوالے سے بجٹ میں ایک بھی سکیم نہیں ہے۔

جناب سپیکر! آج سے 20 سال پہلے irrigation and climate کے جو حالات تھے آج بالکل بدل گئے ہیں۔ پاپولیشن کا جو دباؤ آج سے 20 سال پہلے تھا۔ آج بالکل مختلف ہے۔ ہماری غذائی ضروریات جو آج سے 20 سال پہلے تھیں آج بالکل مختلف ہو گئی ہیں۔ کیا وزیر موصوف Crop zoning کے حوالے سے کوئی ایک ایسا کام مجھے بتاسکتے ہیں جو اس ڈیپارٹمنٹ نے کیا ہے؟

جناب سپیکر! پنجاب میں جس طرح سے urbanization بڑھ رہی ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ نے کوئی ایسی پالیسی بنائی ہو اور اپنے فارم اور فارمر کو protect کرنا کسی بھی جگہ ان کا مطمع نظر ہو۔ مجھے نہیں سمجھ آتی کہ ہم کیسے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کو اس جرم سے بری ذمہ قرار دے سکتے ہیں جو جرم پچھلے دنوں چاول، کپاس، گندم اور مکئی کے کاشتکار کے ساتھ کیا گیا۔ اس کے علاوہ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہماری دوسری short term فصلوں کے حوالے سے کوئی ایسی ورکنگ نہیں کی گئی جس پر ہم کہہ سکیں کہ ہمارا یہ ڈیپارٹمنٹ متحرک ہے۔ یہاں وزیر موصوف موجود ہیں کیا گندم کا بحران ہماری آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی نہیں ہے۔ ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کی کیا working تھی۔ انہوں نے اس وقت کی حکومت کو وہ facts and figures کیوں نہیں دیئے کہ صرف ایک ماہ بعد ہمارے پاس گندم کی bumper crop آرہی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے اور کیوں یہ lack of coordination ہے۔ کیا آج وزیر خزانہ بجٹ تقریر میں چیف منسٹر پنجاب کی appreciation کا اظہار کر رہے ہیں کہ انہوں نے گندم نہ خرید کر اس قوم پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔

جناب سپیکر! آپ بھی کسان ہیں میں بھی چھوٹا سا کاشتکار ہوں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی اپنے گندم کے کاشتکار کا گلا کاٹ کر حکومت اتنی طمانیت کیوں محسوس کر رہی ہے اور کیا وزیر زراعت مجھے بتائیں گے کہ انہوں نے اپنے محکمہ سے کیا explanation لی ہے اور ان سے کیا پوچھا ہے اور انہوں نے کیا جواب دیا؟

جناب سپیکر! آج اگر پنجاب کی ایگریکلچر کو کوئی ایک سیکٹر سپورٹ کر رہا ہے تو بدنصیبی سے وہ پرائیویٹ سیکٹر ہے۔ آپ پرائیویٹ ملٹی نیشنل کمپنیوں کو ایک طرف کر دیں تو ہمارا کوئی ہوم ورک ہے، نہ ہماری کوئی coordination ہے۔ آج جب ہم پڑوسی ملک کی ایگریکلچر کی پروڈکشن دیکھتے ہیں تو ان کی 80 من گندم کی پیداوار ہے اور وہ دنیا کو wheat export کر رہے ہیں اور مشرقی پنجاب کا ہمارے پورے پنجاب کے چار پانچ چھ اضلاع کے مطابق ان کی ایگریکلچر پروڈکٹس ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ کسی بھی گورنمنٹ کے وہ گورنمنٹ تحریک انصاف کی ہو یا مسلم لیگ(ن) کی ہو، آنے والے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لئے اگر ہم نے صرف اس بیوروکریسی پر depended کیا جو ایگریکلچر کو run کر رہی ہے آج وہ سیکرٹری وزیر قانون ہوتے ہیں کل وہی سیکرٹری صاحب وزیر آبپاشی ہوتے ہیں اگلے دن وہی سیکرٹری صاحب وزیر تعلیم ہوتے ہیں۔ سر یہ specific شعبے ہیں آج پاکستان کو ان ملکوں میں ہونا چاہئے تھا جو دنیا کو فوڈ سپلائی کے حوالے سے نمبر ون پر ہوتا۔ جو چیزیں آپ نے خود تباہ کرنی تھیں وہ تو کر دیں جو میرے رب کریم نے ہمیں عطا کی ہیں ہم نے اس کی بھی تباہی کا بندوبست کر دیا آپ ان لوگوں کو کوٹا سسٹم پر ایگریکلچر منسٹر بناتے ہیں ساتھ جو شاید جوء اور گندم کی شناخت بھی نہ کر سکیں یہ کیا چیز ہے مجھے اعتراض نہیں ہے ہر گورنمنٹ کی اپنی پالیسی ہوتی ہے لیکن ابھی بھی وقت ہے کہ ہم اس آنے والے وقت کو سمجھ سکیں کہ پاکستان کس طرح سے water shortage کا شکار ہونے جا رہا ہے پاکستان میں کس طرح سے آنے والے دنوں میں food crises بڑھنا ہے۔ آج ایک بلین ڈالر کے لئے میرے ملک کے وزیراعظم کو یہ کہنا پڑتا ہے جناب میں بھکاری نہیں ہوں میں آپ کے پاس انویسٹمنٹ کے لئے آیا ہوں صحیح معنوں میں بات یہی ہے کہ ہماری ٹیکنیکل ایجوکیشن بالخصوص ایگریکلچر پر فوکس نہ ہونے سے ہمیں بھکاری بنا دیا آج ہمارے دشمن ملک کا وزیراعظم اپنی انتخابی کمپین میں کہتا ہے جو قوم بم لے کر پھرتی تھی میں نے ان کے ہاتھ میں کاسہ دے دیا۔

جناب سپیکر! شاید کسی اور کو شرم آئے نہ آئے پنجاب کے ہر اس بیٹے کو جو اس زمین کی fertility سے واقف ہے جو دنیا کے سب سے بڑے irrigation سسٹم کی اہمیت کو سمجھتا ہے اس کو پتا ہے کہ یہ ایگریکلچر ہمارے پاس دوسرا ایٹم بم ہے اگر ہم اسے استعمال کرنا چاہیں دنیا کی کوئی طاقت اس ملک کو آگے بڑھنے سے نہیں روک سکتی لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ شاید چیف منسٹر سے

لے کے پوری گورنمنٹ کی جو chain ہے وہ یہ سمجھتی ہے کہ اب ہمارا ہدف صرف اپنے مخالفین کی سرکوبی ہے ہمارا ہدف بذریعہ سوشل میڈیا لوگوں کو impress کرنا ہے ہمارا ٹارگٹ صرف اور صرف یہ بتانا ہے کہ ہمارا مخالف بہت برا تھا ہمارے مخالف کا یہ انجام ہونا چاہئے ہمارے مخالف کو اس طرح سے جیلوں میں ڈال دینا چاہئے کیا میں پوچھ سکتا ہوں کیا جناب وزیر موصوف مجھے بتائیں گے کہ ان کے پاس موجودہ crop جو اس وقت harvesting کے لئے تیار ہے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ نے ان کو وہ figure دی ہے کیا انہوں نے کوئی proper ہوم ورک کیا آنے والے سالوں میں ایک وقت تھا تمام دالیں تمام چیزیں تمام vegetables یہاں پیدا ہوتی تھیں surplus ہوتی تھی۔ ہم middle east۔۔۔

(اذان مغرب)

**جناب سپیکر:** آپ اپنی بات کو Wind up کریں please۔

**جناب محمد ندیم قریشی:** جناب سپیکر! میں بس ایک منٹ لوں گا۔ کیا مجھے ڈیپارٹمنٹ کا کوئی شخص یہ بتا سکتا ہے کہ بے حال کاشتکار اپنے ذاتی وسائل پر اس ملک کو فوڈ products دیتا ہوا کاشتکار اس کا کوئی پرسان حال ہے کیا کوئی ڈیپارٹمنٹ کا شخص مجھے جواب دے سکتا ہے کہ mango export کرنے والا citrus export کرنے والا ملک آج اپنی فوڈ Desire پوری کرنے کے قابل نہیں ہے میں درخواست کروں گا کہ میری اس تحریک کو اس قابل سمجھا جائے اور اسے مجبور کیا جائے اور اس ڈیپارٹمنٹ کو ایک روپیہ دیا جائے تا کہ انہیں ایک سال کے بعد دن میں تارے نظر آئیں اور یہ سوچیں اس بات پر کہ جو ذمہ داری اللہ نے ان کو دی ہے یہ انہوں نے پوری کرنی ہے۔

**جناب سپیکر:** جی، شکریہ۔ جی، جناب رانا صاحب!

**جناب آفتاب احمد خان:** جناب سپیکر! Pakistan is an Agro based country and I think this is the 5th largest country and 5th most climate vulnerable in the world.The agriculture sector's productivity is highly sensitive to climate change. As an agriculturist I have a lot of concerns for the agriculture and how to safeguard the interest of the farmers in Punjab.

I have some points for that which are 1) Support fair market prices in which we ensure farmers receive competitive prices for the goods produced. 2) Improve irrigation infrastructure 3) Crop insurance 4) Subsidies in centers. Then comes another important sector, farm to market roads جو ہمارے زمیندار سے sugarcane میں تین روپے من یہ شوگر cess کاٹتے ہیں that money should be spent on that specific area یہ نہیں ہے کہ آپ آکر لاہور کی میٹرو پہ لگا دیں یا لاہور پر لگا دیں that money should be spent on that specific area جدھر سے آپ نے sugarcane کیا ہے then comes the farmer organizations which needs to promote collective bargaining and another important thing is the market excess and how much money are we spending on the agriculture research اگر آپ across the border بھی دیکھیں گے تو ان کے اوپر ایکڑ comparatively آپ کی بہت low ہے different reasons ہیں کہ آپ کون سے seeds دے رہے ہیں آپ نے seeds میں کیا improvements کی ہیں کیا نئے seeds introduce کئے ہیں آپ کے پاس یہ جو pesticides ہیں کیا یہ بھی تو ملاوٹ والی نہیں ہیں کیا آپ کو ٹائم پر آپ کی فصل مل جاتی ہے then another important thing is diversification, you should encourage farmers to diversify their crops and explore due markets to reduce dependence on a single crop آپ کے زرعی سائنسدان جو ہیں اگر کوئی پڑھ جاتا ہے تو آپ اسے PhD کے لئے باہر بھیج دیتے ہیں اس پر do you have any plan کہ آپ کے پاس کتنے PhDs بن رہے ہیں اور کیا وہ ریسرچ ورک کر رہے ہیں اور وہ باہر جا کر واپس نہیں آ رہے ہیں اور اس پر بھی you have to work on that. Then there is a farmer friendly policy. What farmer friendly policies are being introduced in the present budget? تو سب سے important چیز آتی ہے کہ آپ کا اس وقت جو سب سے بڑا لمحہ فکریہ ہے وہ یہ ہے کہ the conversion of agriculture land into brown area ہمارے بھی دیہات میں اگر کسی کی ایک ایکڑ جگہ ہے تو وہ اس کو کالونی ٹائپ بنا کر فروخت کر دیتا ہے۔ جتنی یہ

کالونیاں بن گئی ہیں، میرا خیال ہے کہ میں نے لاہور میں ریسرچ کی ہے کہ In Lahore alone over 45 percent of the agriculture land has been converted to brownfield since 2000. اسی طرح فیصل آباد میں دیکھ لیں اور گوجرانوالہ میں دیکھ لیں کہ جب آپ کی conversion of land into brown ہو جائے گی تو how will you survive in the food sector? میری یہ گزارش ہے کہ ان چیزوں پر آپ دھیان کریں تو زمیندار خوشحال ہوگا مگر میرے خیال میں they have not allocated proper policies, nor they have any proper plans for improving the agriculture sector دوسری بات یہ ہے کہ آپ کی ایک ایگریکلچرل یونیورسٹی ہے I think you need to have a proper probe into کہ وہاں پر جو ہو رہا ہے اور unfortunately since many years ایک نیا culture develop ہو گیا ہے یہ برادری ازم، وہ کہتے ہیں کہ جی، in specially in the agriculture, this is a very serious issue کہ یہ جٹ ہے تے تینوں نئیں آن دینا راجپوتاں نوں میں نئیں آن دینا ایک بندہ ریٹائر ہے، politics میں آجائیں they don't retire مگر وہ ہے کہ جو ہو جاتا ہے تو جانے کا نام نہیں لیتا they gets some sort of extension and people are waiting in queue یہ جائے گا تو میں آؤں گا پھر آپ دیکھیں کہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ آپ جب recruitment کرتے ہیں even in the agriculture sector I have seen a person جس کو انہوں نے he was about 40 years old اس کو گریڈ 10 میں بھرتی کیا اور وائس چانسلر صاحب نے اسے فوراً اسسٹنٹ رجسٹرار ٹائپ بنایا اور پھر ادھر سینیٹ سے منظور کروا کے اسے پاسپورٹ آفیسر لگا دیا۔ آپ کو سوچنا چاہئے کہ یہ agriculture sector میں can you go to a gynecologist for the legal opinion? Agriculture Scientists کی آپ خدمات حاصل کریں۔ ان سے policies لیں gives them respect آپ باہر بھیج دیتے ہیں۔

جناب سپیکر! یہاں پر ہیلتھ کی بات ہو رہی ہے لیکن بڑی افسوس ناک چیز ہے کہ ایک سرجن ہوتا ہے after so many time بڑی محنت کے بعد وہ سرجن بنتا ہے اور سیکرٹریٹ میں آکر ایک سیکشن آفیسر کے پیچھے پھر رہا ہوتا ہے this is very unfortunate اور specialization کا جیسے قریشی صاحب نے کہا ہے، دور ہے کہ exam pass کر لیا ہے۔ ہیلتھ میں تو ہے کہ آپ

آرتھوپیڈک سرجن ہیں تو آپ کا internal medicine کا تجربہ نہیں ہو سکتا how is it possible کہ ایک اسسٹنٹ کمشنر recruit ہوتا ہے، پھر ڈپٹی کمشنر لگ جاتا ہے، پھر ڈپٹی سیکرٹری ایجوکیشن بن جاتا ہے، کورس پر جاتا ہے اور واپس آ کر ایڈیشنل سیکرٹری ایگریکلچر ہو جاتا ہے۔ وہاں سے واپس آتا ہے تو اب سیکرٹری finance بن جاتا ہے۔ Finance is a very technical subject, why we don't think about finance اگر مجھے بھی اٹھا کر لگا دیں، چلا تو میں بھی لوں گا this is a very serious issue that proper people should be posted in the agriculture sector and the department to get positive result. In the coming years جیسے ہماری زمینیں تھیں with the passage of time بچے ہو گئے، تقسیم ہو گئیں تو اب کوئی نواب وغیرہ نہیں رہا۔ اب یہ نواب کالونیوں والے بن گئے ہیں اور ultimately I tell you in the next Assembly میں آپ ان کے 50 فیصد لوگ دیکھیں گے اور اب کوئی criteria نہیں ہو گا public service کا تو میری گزارش ہے کہ یہ sector کام تو کر ہی نہیں رہا۔ اگر انہوں نے ہماری تجاویز پر بھی عمل نہیں کرنا تو اس sector کو، ساڈے پنڈاں وچ نئیں کیہندے کہ ڈاکٹر کول گئے کہ ڈاکٹر صاحب! اے بابا ساڈا بیمار اے تے ڈاکٹر اگوں کیہندا اے ایہنوں گھر لے جاؤ جو کھاندا اے کھان دیو ایہنوں روکیو ناں۔ آپ اس agriculture کو اس کے حال پر چھوڑ دیں۔ آپ کو پتا ہے کہ یہ this is the fifth largest milk producing country in the world ڈیری میں آپ کو ایک کلو گرام دودھ نہیں خالص ملتا۔ یہ بڑی سوچنے کی بات ہے you may not like مگر my suggestions we are Pakistanis and we want to do something for our country اگر ہم آپ کو کوئی positive suggestion دیتے ہیں تو kindly آپ سوچیں، اس پر عمل کریں۔ اس ملک کو بھینسوں نے بچایا ہوا ہے لائیو سٹاک کی مد میں کیونکہ ہر غریب آدمی کے پاس کوئی نہ کوئی بھینس ہوتی ہے جس کا 10 کلو گرام دودھ آتا ہے جس میں سے وہ آدھا فروخت کر دیتا ہے اور باقی میں اپنا گزارہ کرتا ہے تو اس نے آپ کی اکانومی بچائی ہوئی ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ زمیندار کا تو بڑا دل ہوتا ہے جب ہمارا گنے کا بیلنا چلتا ہے ناں تو کہتے ہیں کہ "رؤ" پی لو جی ہور پی لو۔ میں کہیا کہ تسی ایتھے ریڑھی توں گنڈیری چک کے دکھاؤ۔

جناب سپیکر! زمیندار اس وقت بہت بُرے حالات میں ہے۔ آپ کی کپاس کی فصل آ گئی ہے ان کا agreement ہو گیا ہے لیکن وہ نہیں دے رہے ہیں۔ Wheat میں آپ کو مسئلہ ہو گیا ہے آگے rice میں آپ کو problem آ رہی ہے تو یہ جو ایک organized crime ہے ناں there are two types of crime ایک ہوتا ہے petty crime اے جیب کترا پھڑیا گیا اے ایک ہوتا ہے organized white collar crime جو banks کو لُوٹتے ہیں۔ اس وقت agriculture کو بچانا it's a primary duty اور industries کی حالت آپ کے سامنے ہے تو میری یہ گزارش ہے کہ میں اس کو opposed by approach نہیں کر رہا ہوں I have some suggestions and if they can implement some of these for the benefit of the farmer. I think on these grounds because I don't fight any good reason جو انہوں نے کی ہے I opposed.

**جناب سپیکر:** راناصاحب! Thank you جی، جناب محمد اطہر مقبول!

**جناب محمد اطہر مقبول:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ جناب سپیکر! یہ جو agriculture کے لئے 25۔ارب 30 کروڑ 7 لاکھ 79 ہزار روپے کا بجٹ رکھا گیا ہے، میرا خیال ہے کہ اس غریب عوام کے ٹیکسوں سے اربوں روپے برباد کرنے والی بات ہے۔ جب کسان ہی زندہ نہیں رہے گا تو agriculture کیسے promote ہو گی۔ ابھی recently کسان کی جو major crop گندم ہوتی ہے اس پر اس کے ساتھ جو زیادتی کی گئی ہے تو یقین کریں کہ اس کی کمر ٹوٹ چکی ہے لیکن اس محکمہ نے ایسی کوئی تجاویز finance ministry یا food ministry کو نہیں دیں کہ وہ کسان کو بچا سکتے۔ صورت حال یہ ہے کہ اب آنے والی crops کپاس دیکھ لیں، چاول کو دیکھ لیں، کسی بھی crop کو آپ اٹھا کر دیکھ لیں، اس کی economics بنا کر دیکھیں، جو input cost ہے وہ اتنی زیادہ ہے کہ اگر current prices کو valuate کریں تو کسان کو ایک روپیہ نہیں بچتا اور ہماری حکومت شادیانے بجا رہی ہے کہ ہم نے کسان کے لئے 10۔ارب روپے کا "کسان کارڈ" رکھا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کسان کارڈ کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا یہ تو ایک financial support

ضرور ہے لیکن جو کسان financially خود self-made ہے اس کی economics نہیں بن رہی تو agriculture کیسے promote ہو گی؟

جناب سپیکر! ابھی وزیر خزانہ بھی بیٹھے ہوئے ہیں تو میری request ہے کہ خدا کے لئے آپ نے ابھی بھی اپنی speech میں یہ فرمایا ہے کہ گندم سے related جتنی بھی چیزیں ہیں، ان کی قیمتیں نیچے آ گئی ہیں۔ یہ بڑی خوشی سے بات کر رہے تھے لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ صوبہ پنجاب ایک زرعی صوبہ ہے اور یہاں کے 70 فیصد لوگوں کا تعلق زراعت سے ہے اور انہیں پتا ہونا چاہئے کہ اگر کسان خوش حال نہیں ہو گا تو صوبے کے اندر خوش حالی نہیں آ سکتی۔ میری ان سے request ہے کہ ابھی بھی یہ ہوش کے ناخن لیں، یہ شادیانے نہ بجائیں کیونکہ جو اس وقت گندم کی price market میں موجود ہے اس price میں کسان ایک ایکڑ بھی گندم آنے والے وقتوں میں نہیں لگائے گا۔ اگر خدانخواستہ کسان نے گندم کی کاشت نہ کی تو اگلے سال اس ملک کے اندر آپ کو اربوں ڈالر کی گندم درآمد کرنی پڑے گی۔ ابھی بھی میں انہیں کہتا ہوں کہ بار بار یہ floor of the House کہتے تھے کہ تجاویز دیں تو میں آج انہیں اسی توسط سے یہ تجویز دینا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارے ملک کے اندر اور ہمارے صوبے کے اندر تقریباً چار ملین میٹرک ٹن گندم جو surplus ہے black sea میں ابھی crop late ہے اور اس وقت جو FOB International rate 275 dollar کے قریب چل رہا ہے کیونکہ ابھی یوکرائن اور روس کی crop اگست میں آنی ہے تو ہمارے پاس یہ golden time ہے کہ ہماری جو 40 لاکھ ٹن wheat stock surplus ہے اگر اسے export allow کر دیں۔ اس میں wheat 275 dollar FOB rate کا چل رہا ہے اور میدہ و سوجی وغیرہ کو بھی اگر allow کر دیں تاکہ flour mills کے stocks بھی نکلیں تو تقریباً 350 dollar ان کا rate ہے۔ اس سے ہو گا کیا؟ اس سے ہو گا یہ کہ جو مارکیٹ اس وقت 6 ہزار per hundred KG پر ہے وہ 8 ہزار تک چلی جائے گی۔ اس سے کسان کی survival بھی ہو جائے گی اور حکومت کے پاس جو millions ٹن کے سٹاک پڑے ہوئے ہیں اُن کا نقصان بھی کم ہو گا۔ ملک کو بھی ایک بلین ڈالر کا زرمبادلہ آئے گا اور وہ Next year بھی گندم اگانے کا سوچ لے گا ورنہ میں آج on the floor of the House بتا رہا ہوں کہ ان کے لئے آپ اربوں روپے کے کارڈ لے آئیں اگلے سال نومبر کے بعد آپ دیکھیں گے کہ یہاں پر گندم کی قیمتیں

آسمان تک پہنچیں گی۔ کیوں؟ کیونکہ ہمارے پاس stock surplus صرف 40 لاکھ ٹن ہے اور اگلے سال کی جو آپ کی consumption ہے وہ کروڑوں لاکھ ٹن میں ہے۔ پھر آپ کیسے requirement کو meet کریں گے جب اگائی ہی نہیں ہو گی؟ اس لئے اس matter کو اتنا easy نہ لیں اور مہربانی کر کے جو آپ اربوں روپے محکمہ زراعت پر خرچ کر رہے ہیں اس طرح کے پریکٹیکل اقدام کو لیں۔ آپ نے دعوے کئے کہ fertilizer کی قیمتیں نیچے آگئی ہیں، pesticides کی قیمتیں نیچے آگئی ہیں۔ مجھے بتائیں کہ کیا مارکیٹ میں ان کی قیمتیں نیچے آئی ہیں؟ practically مارکیٹ میں ان کی prices وہیں کھڑی ہیں بلکہ availability ہی نہیں ہے۔ کسان کی crops کی کوئی value ہی نہیں ہے وہ ہر طرف سے پِٹا ہوا ہے۔ خدارا کسان کو بچائیں۔ آپ کسی بھی crop کی yield اٹھا کر دیکھیں کیونکہ اس ادارے نے کبھی کام ہی نہیں کیا۔ نہ اس نے کوئی ریسرچ کی ہے، نہ ایسی کوئی variety introduce کروائی ہے اور اسی وجہ سے جس طرح میرے معزز ممبر رانا آفتاب صاحب نے فرمایا کہ بہت ساری زمین ایگریکلچر سے convert ہو کر کالونیز کی طرف جا رہی ہے کیونکہ کسان کو لاکھوں روپے لگا کر کچھ نہیں ملتا تو وہ کیوں ایگریکلچر کرے گا، وہ کیوں نہ اپنی زمین کو بیچے؟ خدا کے لئے یہ food security کے issues ہیں، ان کو easy نہ لیں، آپ خوشی کے شادیانے نہ بجائیں اور جو پریکٹیکل اقدام اٹھانے والے ہیں اٹھائیں اور کسان کو بچائیں ورنہ یہ اربوں روپے بجٹ رکھنے سے ایگریکلچر کبھی بھی promote نہیں ہو گی۔

**جناب سپیکر:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر زراعت (سید محمد عاشق حسین شاہ):** جناب سپیکر! شکریہ۔ جو فاضل ممبر نے باتیں کی ہیں وہ بڑی اہم ہیں اور ان کو میں نے note down بھی کیا ہے۔ میں یہ respond کرتا چلوں کہ میرے اوپر یہ بات کی گئی الحمدللہ میں پنجاب کا ایگریکلچر منسٹر ہوں اور میرا خاندان پچھلے پانچ سو سال سے صرف زراعت کر رہا ہے اس کے علاوہ میرا کوئی اور source of income نہیں ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں زراعت کے اور چھوٹے بڑے کاشتکاروں کے مسائل سمجھ سکتا ہوں، جان سکتا ہوں اور یہ حکومت جو کاشتکار کا جس طریقے سے درد رکھتی ہے وہ اس بجٹ میں اس کی عکاسی ہے۔ میں یہ آپ کو بتاتا چلوں کہ honourable member from Faisalabad نے بہت productive اور بہت اچھی بات کی۔ انہوں نے اصلاح کی بات کی، انہوں نے بہتری کی بات کی اور اُن کے علاوہ باقی فاضل ممبران کی بات سن کر مجھے اس بات پر یقین ہوا کہ انہوں نے نہ بجٹ پڑھا اور نہ بجٹ دیکھا لیکن وہ فکر نہ کریں اگلے چار منٹ کے اندر میں دِکھاؤں گا بھی اور پڑھاؤں گا بھی۔ میں honourable member from Faisalabad کی بات کو آگے بڑھاتا ہوا چلوں۔ انہوں نے جو بات کی ہے وہ بہت important ہے کہ green land rapidly brown land میں convert ہو رہی ہے۔ چیف منسٹر پنجاب مریم نواز نے اس چیز کو اپنے 100 دنوں کے اندر ایک کیبنٹ کمیٹی بنائی جس کا میں بھی ممبر ہوں اور منسٹر لوکل گورنمنٹ بھی ممبر ہیں۔ ہم نے چار میٹنگز کر لی ہیں اور عنقریب ہم اپنی findings دے کر اس چیز کی resolution کی طرف جا رہے ہیں کہ سب سے پہلے green land کو brown land میں convert نہ کیا جائے اور اگر کوئی ہو تو اس کا کوئی قاعدہ قانون ہو۔ اس کے بعد معزز ممبر نے یونیورسٹیز کی بات کی۔ اس کے لئے آج کیبنٹ نے سرچ کمیٹی کو notify کر دیا ہے اور ایگریکلچر یونیورسٹیز میں اِن شاء اللہ جو پنجاب میں best available choice ہو گی جو پنجاب کی ایگریکلچر یونیورسٹیز کے اندر بہتری لا سکے گی، نظام میں بہتری لا سکے گی، ریسرچ میں بہتری لا سکے گی، پڑھائی میں بہتری لا سکے گی ایسے VCs اُن یونیورسٹیز میں ہوں گے۔ میں یہ بھی بات کرتا چلوں کہ farm to market road کا concept ہمارے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے دیا تھا۔ اگر farm to market roads تب نہ بنائی جاتی اور اس کی continuation پچھلے کئی ادوار میں نہ ہوتی تو آج agriculture produce and pesticide & fertilizer لانے اور لے جانے کے لئے آپ کے پاس سڑک نہ ہوتی۔ میں یہ گزارش کرتا چلوں کہ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ چیف منسٹر پنجاب کا اور ہماری گورنمنٹ کا زراعت میں interest کیا ہے۔ میں ان کو اپنا interest بتانے کے ساتھ ساتھ یہ interest بھی بتاتا چلوں جو اِن کے ادوار میں interest رہا ہے۔

جناب سپیکر!میں اگر 24-2023 کے بجٹ کی بات کروں تو محکمہ زراعت کو developmentاورnon-developmentکی مد میں47.5بلین ملا۔ آئیں اس25-2024 کے بجٹ جس کیcut motion پر آج debate ہو رہی ہے اِس بجٹ کے اندر زراعت کو 116۔ارب روپیہ ملا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہindicate کرتا ہے کہ اِن کے لئے زراعت کی کیااہمیت تھی اور ہمارے لئے زراعت کی کیااہمیت ہے۔گندم کے سوااِن کے پاس کوئیtopic of discussion نہیں ہے۔ گورنمنٹ نے اگرwheat procureنہیں کیfor so many other reasonsلیکن گورنمنٹ نےwheat procureنہ کرنے کی وجہ سے زراعت کو اس بجٹ میںignore اورneglect نہیں کیا۔ زراعت کو پہلی مرتبہ116۔ارب روپے کا بجٹ دیااور اگر آپagriculture package کی بات کریں تووہ تقریباً300۔ارب روپے بنتا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر!میں آپ کو بتاتا چلوں کہ اِدھر فاضل ممبر کسان کارڈ کوcriticize کر رہے ہیں۔میں ان کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ کسان کارڈ مجھے اور آپ کو نہیں ملنا۔کسان کارڈ اُس کو ملنا ہے جو ایگریکلچر سوسائٹی کا ساڑھے بارہ ایکڑ سے نیچے ہیں اور وہ95 percent ہے۔کسان کارڈ کس لئے دیا جاتا ہے؟کسان کارڈ اس لئے دیا جائے گا کہ وہ کسان جو ساڑھے بارہ ایکڑ سے نیچے ہے وہ اپنا agriculture fertilizerاپناseedsاپناpesticideگندم کی فصل سے پہلے بغیر سود کے قرض کی صورت میں لے گا اور چھ مہینے بعد واپس کرے گا۔وہ کسان کارڈ کیوں دیا جائے گا؟ تاکہ وہ کسی بڑے زمیندار کی بلیک میلنگ سے باہر نکلے تاکہ وہ کسی pesticide, fertilizer company کے بلیک میلنگ سے باہر نکلے تاکہ وہ مڈل مین کی بلیک میلنگ سے باہر نکلے۔

جناب سپیکر!زرعی مول کاconceptپہلی بار چیف منسٹر پنجاب محترمہ مریم نواز شریف لارہی ہیں اور یہone window operation ہو گا۔یہ زرعی مول پنجاب کے ہر ضلع میں اور اِن شاء اللہ تعالیٰ اُس کے بعد ہر تحصیل میں بنیں گے۔ اس کے اندر آپ کے پاس کھاد، pesticide, seeds, mechanization, Bank of Punjab, HBLاور زرعی ترقیاتی بنک وہاں one window mole ہو گا جس کے اندر تمام agriculturists جائیں گے اور کنٹرول ریٹ پر یہ چیزیں خریدیں گے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! پنجاب کی پہلی سب سے بڑی ٹریکٹر سکیم جس میں ایک سال کے اندر ہم 15 ہزار ٹریکٹرز دینے جارہے ہیں۔30 بلین روپے کی یہ ٹریکٹر سکیم ہے اور اس 15 ہزار کے اندر qualify کون کرے گا؟ جس کی زمین 6 ایکڑ سے لے کر ساڑھے 12 ایکڑ تک کی ہوگی اُن کو ہی سب سے زیادہ priorities دی جائے گی اور 70 فیصد اُس سکیم کا اُن کی طرف جارہا ہے۔اس 15 ہزار ٹریکٹر سکیم کے اندر 70 فیصد سبسڈی دی جارہی ہے۔اگر چھوٹا ٹریکٹر 21 لاکھ روپے کا ہے تو 15 لاکھ روپے سرکار بھرے گی 6 لاکھ روپیہ former بھرے گا۔اس سے پہلے پنجاب میں یہ کب ہوا ہے، یہ کب ہوا ہے کہ حکومت کاشتکاروں کا بازو بنی ہو؟(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! Fresh graduate کی honourable member from Faisalabad نے بات کی، بہت اچھی بات کی۔2400 fresh graduate ہر سال ایگریکلچر یونیورسٹی سے graduate ہوتے ہیں اور روزگار کی تلاش میں دربدر جاتے ہیں۔ ہمیں اس چیز کی بھی realization ہے کہ exchequer پر پنشنز اور سیلری کا بوجھ ہے ہم نے internship program introduce کروایا جس کے اندر ایک سال میں internship ہوگی اور اس internship کے بعد یہ نہیں ہے کہ سرکار والی وارث نہیں بنے گی ہم نے تمام بڑی fertilizer seed and pesticide companies کو mandatory کیا ہے کہ وہ اس ایک ہزار internee کو اپنے اداروں میں jobs دینے کے لئے prefer کریں گے۔

جناب سپیکر! Solarization، بڑھتے ہوئے بجلی کے بلوں ، electric tube well کی conversion یہ زراعت اور تمام کاشتکار کی بہتری کے لئے ہے۔ promotion of oil seed ادھر سے یہ بات ہوئی کہ ہم کسی اور فصل کی طرف کیوں نہیں جاتے۔پہلی بار سویابین پر کام کیا ہے پہلی بار کنولا اور sesame پر کام کیا جارہا ہے۔ہم نے ایک سال میں 40 سے 60 فیصد کی سبسڈی لگ بھگ 25 ہزار farm mechanization agriculture implement پر دینی ہیں تو میں ان کو یہ کہوں گا کہ صرف بحث اور صرف negative comments نہیں کرنے چاہئیں۔اگر کوئی حکومت پہلی بار محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق زراعت کے اندر اور کاشتکار کے لئے کام کر رہی ہے تو اس کو سراہیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! ادھر لائیوسٹاک کی بات ہوئی تو میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ الحمدللہ یہ اگر کھڑے ہو کر اپنی پانچ سال کی کارکردگی نہیں بتاسکتے جتنا میں اپنی 100 دن کی کارکردگی گنوا اور بتا سکتا ہوں۔ ادھر لائیوسٹاک کی بات کی گئی تو جس شخص کے پاس 5 سے 10 جانور ہیں اس کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب لائیوسٹاک کارڈ آرہا ہے جس کے اندر ہم animals کی feed کے لئے کارڈ دینے جارہے ہیں میں ان کو کہوں گا کہ اپنی سنجیدگی صرف کسان کے نام سیاست کرنے کی بجائے honourable members فیصل آباد کی طرح contribute کریں میں آپ سے یہ استدعا کرتا ہوں کہ اس Cut Motion کو مسترد کیا جائے اور پنجاب کے اندر کاشتکاری اور agriculture کو بڑھنے دیا جائے۔ شکریہ (نعرہ ہائے تحسین)

**MR SPEAKER:** Thank you, Minister for Agriculture.

Now, the question is:

> "That the total of **Rs.25,300,779,000/** on account of Demand No.PC-21018 Agriculture be reduced to **Re.1/**."

(The motion was lost.)

**MR SPEAKER:** Now, the question is:

> "That a sum not exceeding **Rs. 25,300,779,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Agriculture**."

(The motion was carried)

(The Demand No. PC-21018 was approved)

## DEMAND NO. PC-12041

**MR SPEAKER:** Minister for Finance may move Demand No. PC-21003.

**MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman):** Mr Speaker! I move:

> "That a sum not exceeding **Rs.183,007,290,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Roads and Bridges**."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That a sum not exceeding **Rs.183,007,290,000/** be granted to the Governor of the Punjab to meet expenditure other than that charged on the Provincial Consolidated Fund for the Financial Year 2024-2025 ending on 30th day of June 2025 in respect of **Roads and Bridges**."

Cut Motion received in this demand is from Mr Ahmad Khan, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Ahmer Bhatti, Mr Junaid Afzal Sahi, Qazi Ahmed Akbar, Mr Javed Kausar, Malik Fahad Masood, Mr Asad Abbas, Mr Muhammad Tanveer Aslam, Mr Mushtaq Ahmed, Mr Zameer Ul Hassan Bhatti, Ms Zarnab Sher, Chaudhary Muhammad Tariq, Mr Hassan Ali, Mr Muhammad Arqam Khan, Mr Tashakul Abbas Warraich, Mr Ali Asif, Mr Zulfiqar Ali, Mr Muhammad Iqbal, Mr Ahmad Mujtaba Chaudhary, Mr Muhammad Arqam Chaudhary, Mr Sher Akbar Khan, Mr Muhammad Sarfraz Dogar, Mr Imtiaz Mehmood,

Mr Ali Imtiaz, Hafiz Farhat Abbas, Mr Farrukh Javaid, Mian Muhammad Haroon Akbar, Ms Misbah Wajid, Mr Rashid Tufail, Mr Humble Sanaa Kareemi, Rai Muhammad Murtaza Iqbal, Mr Muhammad Ghulam Sarwar, Mr Khalid Javed, Mr Muhammad Moeen Ud Din Riaz, Mr Muhammad Adnan Dogar, Mr Muhammad Nadeem Qureshi, Mr Ayaz Ahmed, Mr Razi Ullah Khan, Mr Salman Shahid, Mr Khalid Zubair Nisar, Mr Muhammad Ali Raza Khan Kakar, Mr Arif Aurangzeb, Ms Farzana Khalil, Chaudhary Muhammad Ejaz Shafi, Mr Faisal Jamil, Ms Saima Kanwal, Mr Jam Aman Ullah, Mr Asif Majeed, Mr Muhammad Naeem, Mr Sajjad Ahmad, Mr Muhammad Zahid Ismail, Rana Aourang Zaib, Ms Nadia Khar, Mr Muhammad Athar Maqbool, Mr Shahab Ud Din Khan, Mr Shuaib Ameer, Mr Usama Asghar Ali Gujjar, Mr Muhammad Tahir, Khawaja Salah Ud Din Akbar, Sardar Muhammad Awais Dreshak, and Mr Muhammad Atif. Any mover may move it.

**جناب مشتاق احمد:** جناب سپیکر! شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ 1 کھرب 83۔ارب 72 لاکھ 90 ہزار روپے کی کل رقم بسلسلہ مطالبہ زر نمبر PC-12041 "سڑکیں اور پل" سے متعلق ہے اس کو کم کر کے ایک روپیہ کر دیا جائے۔

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the total of **Rs. 183,007,290,000/** on account of Demand No.PC-12041 Roads and Bridges be reduced to **Re.1/**."

**MINISTER FOR COMMUNICATION & WORKS/ LAW (Mr Sohaib Ahmed Malik):** Mr. Speaker! I oppose.

**جناب سپیکر:** جی، مشتاق احمد صاحب!

**جناب مشتاق احمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! C&W کا بنیادی طور پر کام development کا ہے and civilization that moves along with the road, it's true to a great extent لیکن میں نے جب بجٹ پڑھا ہے C&W ڈیپارٹمنٹ کے سارے figures دیکھے تو میں نے اس کو 24-2023 کے بجٹ کے ساتھ correlate کیا، ہو سکتا ہے کہ میرے figures بالکل غلط ہوں کیونکہ نہ تو میں financial expert اور نہ ہی کوئی financial adviser hire کیا تھا۔ میں اس سارے figures کو دیکھتا اور میں نے اپنی سمجھ کے مطابق کوشش پوری کی ہے 24-2023 بجٹ کے اندر total schemes جو ongoing تھیں اور جو ابھی بھی ongoing ہیں because financial year is going to finish on 30th June 2024. یہ total number of schemes 1819 تھیں current financial year ان سکیموں کی budget allocation 147.4 as per the budget document تھی 147.4 after having spent about جو دو schemes تھیں جس میں ongoing and new schemes current financial year کی تھیں ان کا total throw forward بن رہا تھا وہ as per the budget document is 918.441 billion تھا I repeat sir it is important to note یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ہمارے ساتھ اس بجٹ میں کیا ہو رہا ہے؟ ہم ایک طرف ایک وقت میں کچھ دکھاتے ہیں کہ میں نے اگلے سال کسی کا پانچ لاکھ روپیہ دینا ہے جب اگلا سال شروع ہوتا ہے تو میں کہتا ہوں کہ وہ سارے ختم ہو گئے ہیں اور آج کے بعد میرے پاس پیسے surplus ہو گئے ہیں یا تو یہ بات سمجھا دیں یا یہ مان لیں کہ یہ بالکل ایسا گورکھ دھندہ ہے جس میں پبلک فنڈز کا بہت زیادہ ضیاع ہو رہا ہے۔ میں repeat کرتا ہوں کہ 918.44 بلین روپے کا throw forward تھا جو اس 30 June 2024 کو declare کیا گیا۔ اب figures کو تھوڑا سا ایک دفعہ ذہن میں رکھیں کہ ہمارے 1918۔ ارب روپے کے پراجیکٹس چل رہے ہیں جو ہم نے پیسے دینے ہیں۔ now coming over to the budget 2024-25 پچھلے سال 1819 ongoing schemes تھیں اور میں نہیں سمجھ سکتا کہ 1819 سکیموں سے 147 بلین روپے allocate کر کے جبکہ total cost of those schemes 1379 billion rupee اس سال

582 ongoing schemes پر کیسے reduce ہو گئیں۔ یہ کوئی magic figures ہے؟ یہ
528 پر آسکتی ہیں otherwise by all human standards of probability یہ ممکن
نہیں ہے۔ اگر ممکن ہے تو honourable minister صاحب یہاں پر بتا دیں۔ دوسری بات ہے
کہ انہوں نے اس سال 589 نئی schemes introduce کی ہیں۔ ان کی total cost
10,0073 billion بن رہی ہے اور انہوں نے جو original development budget
2024-25 کا plan پیش کیا تھا وہ hundred and forty three billion تھا اور ان کا جو اپنا
throw forward ہے وہ two hundred and twenty five ہے۔ میری بالکل یہ سمجھ میں
نہیں آرہا کہ 1918 کہاں چلا گیا ہے؟ that is number one. اور یہ اتنے پیسے ان کے پاس کہاں
سے آگئے کہ انہوں نے 143 بلین روپے کیا۔ فنانس منسٹر صاحب نے سویرے بات کی تھی تو میں
اس sentence کو repeat کروں گا کہ انہوں نے کہا کہ ہم نے آپ کو کچھ تھوڑا سا بجٹ میں بتایا تھا
تو میں ان کی بات سے 100 فیصد اتفاق کرتا ہوں۔ انہوں نے واقعی ہمیں بہت تھوڑا سا بتایا ہے۔ یہ
جو C&W department کا development budget ہے اس میں جو documents پیش
کئے گئے تھے اس میں 143 بلین روپے ہے اور یہی speech کی گئی تھی جو فنانس منسٹر نے کی تھی
لیکن ہم سے اس میں 183 billion rupee کی grant مانگی جارہی ہے اور میں حیران اور پریشان تھا
کہ roads and bridges کے head میں یہ 40 بلین روپے کہاں سے آگئے ہیں مجھے کھنگالنے کے
بعد یہ پتا چلا کہ ہمارا اس بجٹ میں ایک special initiative کے تحت 101۔ارب روپے رکھا گیا ہے۔
اس کی کسی documents کے اندر کوئی description نہیں ہے کہ وہ 101۔ارب روپیہ کہاں پر لگنا
ہے؟ تھوڑا سا جب اور کھنگالا تو پتا چلا کہ یہ جو 40 billion آئے ہیں یہ 101۔ارب روپے سے 40۔ارب
یہاں پر آگئے ہیں so this becomes 183 اوکے مان لیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ hundred
forty three سے hundred eighty three آئے ہیں تو بجٹ میں اس forty three کے کون سے
project ہیں؟ کیا block approval لی جارہی ہے، کیا یہ لوگ جانتے ہیں کہ یہ کس کی approval
دے رہے ہیں، یہاں پر اور yes no ہو رہا ہے، do they know exactly where this money
is going to? اگر پتا ہے تو چھپانے والی بات کیا ہے؟ دوسرا سوال 101 billion ہے point five
billion ہے اُس کے اندر forty نکالیں تو billion sixty one point five وہاں پر رہتے ہیں

where is that money gone? Do we have to exercise and do we have to get the financial expert to dig out that 61.5 billion کدھر گیا، یہ کیوں گورکھ دھندا ہورہاہے؟ تیسری بات میں یہ کرناچاہتاہوں کہ C&W Department کا project کوئی hundred page کا ہے exactly to be precise hundred page پر ہے۔ایک ایک ضلع کی سکیمیں hundred page کے اوپر آئی ہوئی ہیں۔ مجھے بتائیں میں کیسے پتاکر سکتاہوں کہ یہ ایک ضلع کی کتنی allocation ہے، اُس ضلع کی کتنی allocation ہے؟میں نے اپنا پورا سر مارا ہے P&D سے پوچھاہے، C&W سے پوچھاہے سب نے ہاتھ کھڑے کر دیئے ہیں کہ sorry ہم آپ کو نہیں بتا سکتے کہ کس ضلع کی C&W میں allocation development کی کتنی ہے، فلاں کی کتنی ہے میں نے ایک تھوڑی سی rough calculation کی ہے، calculation rough کرنے کے بعد میں اُس figure میں بھی اس وقت نہیں جاناچاہوں گا because بہت لمبی بات ہو جائے گی۔ میں آپ کو یقین اور دعوے سے کہہ رہاہوں مجھے ایسے لگایہ پنجاب گورنمنٹ کا بجٹ نہیں ہے یہ چند ایک ضلعوں کا بجٹ ہے، مجھے ایسے محسوس ہوا جیسے ہم کسی ڈسٹرکٹ کونسل کے ہال میں بیٹھے ہوئے ہیں میرا ضلع جہلم ہے اس کے گردونواح میں، چکوال ہے، منڈی بہاؤالدین ہے، سرگودھاہے، گجرات ہے اور خوشاب ہے۔ مجھے یقین کریں ایسالگاہے کہ ہم کوئی alien ہیں ڈسٹرکٹ جہلم میں رہ رہے ہیں، ہم شاید کوئی غیر ملکی ہیں جو وہاں رہ رہے ہیں۔ انہوں نے جو budget allocation ڈسٹرکٹ جہلم کے ساتھ کی ہے۔ منسٹر صاحب! ذرا کھڑے ہو کر بتائیں کہ ڈسٹرکٹ سرگودھاکی، ڈسٹرکٹ منڈی بہاؤالدین، and with due apology آپ کے district کی بھی، گجرات کی راولپنڈی ڈسٹرکٹ کی allocation اس سال کیاہے؟ میرے لئے بہت مشکل تھا یہ calculate کرنا but I know that is over 5,6,7 billion per district چوتھی بات میں ایک منسٹر صاحب سے پوچھوں گا کہ ڈسٹرکٹ سرگودھا، it comprises seven tehsils، سات تحصیلوں میں انہوں نے باقی کن کو project دیئے ہیں، دو تحصیلیں چھوڑ کے۔ پانچویں بات میں یہ پوچھناچاہتاہوں کہ کیا criteria استعمال کیا گیا ہے what is that criteria under which you are allocating? Is it my personal property? No sir, it is a public fund یہ آپ کا فنڈ ہے، یہ اُس کا فنڈ ہے جو وہاں پر بیٹھاہواہے۔ یہ ہمارا فنڈ ہے its ok that you are in

great number, you can do whatever you feel like but don't do کوئی injustice to the rest of the Punjab. We stand here for equality criteria ہونا چاہئے۔ میرے حساب سے criteria یہ ہونا چاہئے کہ demand کتنی ہے اور per capita availability کیا ہے۔ یہاں پر کوئی dictatorship نافذ نہیں ہوئی ہے۔ میں آپ کو صرف ایک figure اور بتا دیتا ہوں یہاں پر لوکل گورنمنٹ کا special initiative ہے۔ چاہے وہ اس کٹوتی متعلق نہیں ہے لیکن بات تو کرنی ہے کیونکہ میں پبلک کی بات کر رہا ہوں۔ ضلع جہلم کے اندر sixty one billion کا project لوکل گورنمنٹ کا وزیر لوکل گورنمنٹ میرے بھائی بیٹھے ہیں۔ 1 روپیہ اگر ضلع جہلم میں ہو تو مجھے یہاں پر correction کر دیں میں معافی مانگنے کے لئے تیار ہوں کیوں are we aliens? We are not Pakistanis Sir

**جناب سپیکر:** مشتاق صاحب! thank you.

